علمی و تحقیقی مجلّہ

معارفِ اسلامی

ISSN:1992-8556

جلد: ۱۶ شمارہ: ۱

جنوری ۲۰۱۷ء تا جون ۲۰۱۷ء

سرپرست اعلیٰ

پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی، وائس چانسلر

سرپرست

پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی

مدیر

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

نائب مدیران

۱۔ ڈاکٹر محمد سجاد

۲۔ قاری محمد رفیق صادق

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مجلّہ معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلق اُصول

مجلہ معارفِ اسلامی میں مقالہ نگار حضرات درج ذیل اُصول وضوابط کو پیش نظر رکھیں:

۱۔ مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔

۲۔ مقالہ کے حواشی وحوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہوں، نیز حوالہ جات مقالہ کے آخر میں دیئے ہوں۔

۳۔ مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت مصنف، کتاب کے ناشر اور مقام اشاعت کے بارے میں مکمل معلومات مع صفحہ نمبر اور جلد نمبر وغیرہ فراہم کریں۔ ایک ہی مصدر / مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

۴۔ مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔

۵۔ مقالہ کی ضخامت 30 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

۶۔ مقالہ نگار اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی اور سافٹ کاپی بھی فراہم کرے۔

۷۔ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔

۸۔ مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحے سے زیادہ نہ ہو لازمی طور پر فراہم کرے۔

۹۔ وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔

۱۰۔ ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔

۱۱۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ نیز اگر کسی مقالہ میں تبدیلی ہو گی تو اس کے لیے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔

۱۲۔ مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلہ کی 2 کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

نوٹ: مجلہ معارف اسلامی، اسلامی حدود کے اندر آزادی اظہار کا حامی ہے۔ اس مجلہ میں کسی مضمون کی اشاعت کا یہ مطلب نہیں کہ ادارہ ان افکار وخیالات سے لازماً متفق ہے جو اس میں پیش کئے گئے ہیں۔

قیمت فی شمارہ۔/100 روپے　　　　سالانہ بدل اشتراک۔/350 روپے

پتہ برائے رابطہ: پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی، مدیرِ مجلہ "معارف اسلامی" شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ بلاک نمبر 12، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

فون نمبر: 051-9057870　　　ای میل: dr.ahameed.k@gmail.com

کمپوزنگ وڈیزائننگ: **محمد یوسف**

طباعت: ....　　**ناشر:** علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

مجلس ادارت

قومی

- پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد، وائس چانسلر، رفاہ بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی، چیئرمین شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر فضل اللہ، شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر غلام یوسف، شعبہ شریعہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر سید اذکیاء ہاشمی، انچارج شعبہ ریلیجئس سٹڈیز، یونیورسٹی آف ہری پور
- پروفیسر ڈاکٹر عبدالعلی اچکزئی، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف بلوچستان، کوئٹہ
- ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

بین الاقوامی

- پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ صدیقی، انسٹیویٹ آف ہائر ایجوکیشن اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر، یو۔کے
- ڈاکٹر عزالدین بن زغیبہ، صدر شعبہ علوم اسلامیہ دراسات واشاعت واُمور خارجہ، جمعۃ الماجد، دبئی
- ڈاکٹر اشرف عبدالرافع، رسائل النور فاؤنڈیشن، الازہر یونیورسٹی، قاہرہ، مصر
- پروفیسر ڈاکٹر محمد صالح سکری، دائریکٹر سینٹر آف اسلامک ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ (ISDEV) یونیورسٹی سائنس، ملائیشیا
- پروفیسر ڈاکٹر سعود عالم قاسمی، سنی دینیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، انڈیا
- پروفیسر ڈاکٹر نور محمد عثمانی، شعبہ قرآن وسنت، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ملائیشیا
- پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود شیخ، کنسلٹنٹ اقراء انٹر نیشنل ایجوکیشن، امریکہ
- پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید بریشک، شعبہ تفسیر وقرآنی علوم، فیکلٹی آف تھیالوجی، مارمرہ یونیورسٹی، استنبول، ترکی

مجلس مشاورت

قومی

- پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس، ڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد
- پروفیسر ڈاکٹر ارشد قیوم، سابق پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج غازی، ہری پور
- پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء، ڈین علوم اسلامیہ ودراسات علوم شرقیہ، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی، مدیر الدرسات الاسلامیہ، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبدالمھیمن، انچارج شعبہ علوم اسلامیہ ودینیہ، یونیورسٹی آف ہری پور۔
- پروفیسر ڈاکٹر سمیع الحق، سابق پروفیسر شعبہ تفسیر وقرآنی علوم، کلیہ اُصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- محمد طیب، لیکچرر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز، باغ، آزاد کشمیر

بین الاقوامی

- پروفیسر ڈاکٹر فتح الرحمٰن قرشی، سوڈان
- ڈاکٹر عبدالحمید خروب، الجزائر
- ڈاکٹر ظفر الاسلام اصلاحی، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، انڈیا
- ڈاکٹر مہدی زہرا، سکاٹ لینڈ
- پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید متین، پروفیسر آف سیاسیات، سنٹر فار اسلامائزیشن، ملائیشیا
- ڈاکٹر عبدالغفار، یونیورسٹی آف لندن، یو۔کے
- ڈاکٹر مختار احمد، ڈائریکٹر پروگرامز، اسلامک سوسائٹی آف نارتھ امریکہ۔

شرکاء کا تعارف

- ظفر اقبال، ڈائریکٹر تعمیر انسانیت لائبریری، سیال نگر، جھنگ
- ضیاء اللہ، پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- عبدالوہاب جان، لیکچرر شعبہ عقیدہ وفلسفہ، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد
- ڈاکٹر علی اکبر الازہری، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور
- ظفر حسین، پی ایچ سکالر، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
- محمد ابوذر خلیل، پروفیسر، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان
- عبدالصمد شیخ، لیکچرار، کلیہ دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ماریہ رفعت، لیکچرار، گورنمنٹ گرلز کالج، ڈھوک حسو، راولپنڈی
- ڈاکٹر عبدالحمید عبدالقادر خروب، پروفیسر، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر نورۃ محمد زوای، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ابوبکر، اسسٹنٹ پروفیسر، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، بہاول نگر کیمپس
- اسد علی، لیکچرر، ڈیپارٹمنٹ آف مینجمنٹ سائنسز، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، بہاول نگر کیمپس۔
- پروفیسر ڈاکٹر عظیم فاروقی، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ کالج آف کامرس، راولپنڈی

فہرست مضامین

اُردو مضامین

نمبر شمار	مضمون	مقالہ نگار	صفحہ
1	اہل قرآن کے تاویلی فلسفہ الٰہ کا تنقیدی مطالعہ	ظفر اقبال	1
2	علماء تصوف و سلوک کی نصوص دینیہ میں تاویلات کا ایک جائزہ	عبدالوہاب جان	25
3	شیخ نور الحقؒ محدث دہلوی بحیثیت شارح حدیث	ضیاء اللہ ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی	33
4	علمائے بر صغیر کے مکتوباتی ادب کا مختصر تاریخی جائزہ	ڈاکٹر علی اکبر الازہری نادیہ عالم	49

عربی مضامین

5	موضوعات الروايات النسوية الفلسطينية والباكستانية في النصف الثاني من القرن العشرين	ماریہ رفعت	77
6	نشأة علم تاريخ السنّة النّبوية وتطوّره	ڈاکٹر عبدالحمید خروب ڈاکٹر نورۃ محمد زوای	93
7	حقيقة الإتّهامات التي أُتّهم بها الواقدي	عبدالصمد شیخ	117

انگریزی مضامین

8	Determinants of Costumer Purchase Intention towards Halal Brands	ابوبکر اسد علی	1
9	Solution of Current Issues of Muslim Ummah in the Light of Imam-e-Rabbani's Teachings	پروفیسر ڈاکٹر عظیم فاروقی	9

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
http://www.aiou.edu.pk/sab/mi/index.asp
www.iri.aiou.edu.pk

اہل قرآن کے تاویلی فلسفہٗ الٰہ کا تنقیدی مطالعہ

(Analytical study of Ahle-e-Quran's interpretation of Philosophy of Ilah)

***ظفر اقبال**

ڈائریکٹر تعمیر انسانیت لائبریری سیال نگر جھنگ

ABSTRACT

The concepts of Illah ,man and the universe become the concept of reality and they give rise to the following type of questions:

(i) What is the nature of the universe ?Is it a creation? Then over existent of new born? Is it everlasting or mortal? Who is its creator?

(ii) What is the nature of man? Is he ever existent or new born? Is the everlasting or mortal?

(iii) Who is the creator of man and the universe? Thinkers have diverse opinions regarding the answers of these question. For example there is general consensus on the universe being new born, but there difference of opinion as to the 'first cause' that brought it into existence-Greak philosophers call it.

'The First Reason' (Aqle Aw'wal) the Jew philosopher philo calls it logos' Christian though considers it kalimat ullah, Ibni Arabi terms it as haqeeqat-Muhammadiah and Sir sayyid Ahmad Khan cause of cause/s(Illat al-ilal) Pervaz Divine Energy-Among Muslims, Sir sayyid Ahmad Khan (1817-1898) was the first who interpreted the concept of the Ever-Existent versus New born and present his viewpoint in the form of the philosophy of Unification of Existence-cause of cause/s(Illat al-ilal).Illat

Mojbha.Illat Tammha- In the sub-continent of British era Sir sayyid 'Pervaz (1903-1985)and other Ahlil Quran his concept represents the same 'llah-But'Every thing is Allah's -Not everything is Allah-(Pantheism)Allah Almighty is the create of all creatures.In this article the Analytical of study Interpretation of Ahli Quran on the Philosophy of IIlah.

Keywords: Sir Sayyid Ahmad Khan- Pervaz -Illah, Man, Universe.

فکر اسلامی کی تشکیل جدید میں قرآنی تعلیمات کی ضرورت واہمیت مسلّمہ ہے۔ ہر عہد کے مسلمان اہل فکر و دانش نے قرآن کریم پر تفکر وتدبر جاری رکھا اور اپنے اپنے زمانے اور عہد کے مسائل کا استنباط اس کتاب ہدایت سے حاصل کرتے رہے۔ قرآن میں محکمات، متشابہات کی اصطلاحات بھی ہیں تاہم ائمہ سلف سے خلف تک ایک ہی منہج رہا ہے کہ قرآن کریم کی تشریح و تفسیر کا تکمیلی ماخذ خود قرآن ہے اور تعمیلی پہلو اسوہ رسول ﷺ اور اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم کیونکہ وہ اس کتاب کے اوّلین مخاطب تھے اور قرآن ان کے سامنے عملی طور پر موجود تھا تاہم اہل قرآن اس اسلوب تشریح و تعبیر قرآنی سے انکار کرتے ہیں وہ صرف تعقیلی، تعلیلی، تمثیلی اور نیچری تاویلات اور عقلی رجحانات پر مشتمل کتب کو امت مسلمہ کے اسلوب تفسیر و تشریح پر ترجیح دیتے ہیں۔

تاویلی فلسفہ الٰہیات کا آغاز فلاسفہ یونان سے شروع ہوا جس کے اوّلین نمائندے طالیس ملطی، افلاطون اور ارسطو تھے پھر فیلو اور سینٹ پال کے بعد اسلامی تاریخ میں پہلی صدی ہجری کے نمائندے خوارج اور معتزلہ تھے تیسری صدی میں منصور حلاج اور ساتویں صدی میں ابن عربی تھے۔ لھذا تاریخ عالم میں اہل قرآن کی ان تاویلات کا تصور یونانیت، یہودیت، مسیحیت سے ہوتا ہوا امت محمدیہ میں خارجیت

ومعتزلیت کے افکار میں موجزن ہوا پھر ان تاویلات کو تصوف کی صورت گری ملی اور بعد ازاں بر صغیر کے برطانوی عہد میں سر سید احمد خان نواب محسن الملک، چراغ علی، سید امیر علی، خواجہ احمد الدین امر تسری، عبد اللہ چکڑالوی، حافظ اسلم جیراجپوری، نیاز فتح پوری، عنایت اللہ مشرقی، ڈاکٹر غلام جیلانی برق، غلام احمد پرویز، ڈاکٹر سید عبد الودود، قاسم نوری، رحمت اللہ طارق اور ان کی ماڈرن ذریت متاثر ہوئے۔
اہل قرآن نے مسئلہ صفات کے بارے میں لغوی، عینیتی اور تعلیلی اسلوب کو اپنایا ہے۔ لغوی اسلوب میں جامع صفت الٰہ بمعنی قانون ۔صفت قدرت بمعنی قانون ۔مشیت بمعنی قانون۔علت و معلول کی قدیم عینی نوعیت کی طرح صفت علم کو قدیم معلوم کے تحت پیش کیا گیا ہے۔جس سے الٰہ کی تحدید لازم آتی ہے۔ علۃ العلل اللہ کی صفت ہے ، وجود مطلق اور نفس کلیہ ہے ۔ ربط بین الخالق والمخلوق کی عینی نوعیت فلسفہ عالم امثال ، اعیان ثابتہ ، وجود مطلق، نفس کلیہ، علت موجب بالذات اور علت العلل ہے عالم قدیم اللہ تعالیٰ تخلیق وتدبیر عالمین میں فاعل مختار نہیں۔ اللہ تعالیٰ قول الٰہی (Word of God) اور فعل الٰہی (Work of God) کے متخالف کچھ نہیں کر سکتا۔اسی طرح علت و معلولات، علم و معلومات، قدرت و مقدورات وغیرہ کے متخالف کچھ نہیں کر سکتا۔ عقل اوّل ، لوگوس، کلمۃ اللہ، روح اللہ، کلام نفسی عینی۔ان کا اصل ماخذ فلاسفہ یونان، مسیحی علم کلام، معتزلہ ، ابن عربی اور مستشرقین کے افکار ہیں۔یہ ایسے افکار ہیں جس سے اللہ تعالیٰ فاعل بالاجبار ثابت ہوتا ہے۔ عصر حاضر میں اللہ تعالیٰ کو فاعل مختار ثابت کرنے کی اشد ضرورت ہے۔اور یہی عصر حاضر کا عظیم قلمی جہاد ہے۔اس مقالہ میں اہل قرآن کے ان افکار کا تحقیقی مطالعہ پیش کرنا ہے کہ وہ کس حد تک حقائق کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔

اہل قرآن کا فلسفہ الٰہ کے بارے میں اسلوب

غلام احمد پرویز اسم کو صفات قرار دیتے ہوئے لغوی اسلوب کا فلسفہ اس طرح بیان کرتے ہیں:

”لفظ ”اسم کا ترجمہ عام طور پر ” نام“ کیا جاتا ہے یہ بھی ٹھیک ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے لیے یہ لفظ اس کی صفات کے معنوں میں آتا ہے حقیقت یہ ہے کہ لفظ اسم (مادہ س۔م۔و) کے بنیادی معنی کسی ایسی علامت کے ہیں جس سے متعلقہ شے پہچانی جائے چونکہ اللہ تعالیٰ کا تعارف اس کی صفات کی رو سے ہوتا ہے اس لیے صفات خداوندی کو اسماء الٰہی کہا جاتا ہے مثلاً سورۃ الحشر میں مختلف صفات خداوندی بیان کرنے کے بعد کہا گیا ہے (لَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنىٰ) (نور۵۹: ۲۴) ”اللہ کی تمام صفات حسین ترین اور کامل توازن لئے ہوئے ہیں“ اس لیے ہمارے نزدیک (بِسْمِ اللّٰهِ) میں اسم سے مراد ”صفت خداوندی“ ہے اس کے بعد (بِسْمِ اللّٰهِ) میں لفظ اللہ آتا ہے جو یوں کہئے کہ اللہ کا ذاتی نام ہے اور ”رحمٰن“ اور ” رحیم“ اس کی صفات ہیں[1]

اس عبارت میں پرویز صاحب لکھ رہے ہیں کہ یہ لفظ اسم اس کی صفات کے معنوں میں آتا ہے یہی جدید دہریت ہے پرویز کی یہی جدید فکری پرواز ہے اس فلسفہ کے تحت پرویز انسان کو صفات الٰہی کا مظہر قرار دیتا ہے جس سے انسان پر الوہیت کا اطلاق ثابت ہوتا ہے۔

غلام احمد پرویز اسم کی آسان تصریح دروس قرآن میں اس طرح بیان کرتے ہیں:

” حرف “ ب کے ساتھ جو پہلا لفظ آیا ہے وہ اسم ہے اسم کا ترجمہ عام طور پر نام کیا جاتا ہے یہ بھی ٹھیک ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک ذاتی نام ہے جسے اللہ کہتے ہیں یعنی ذات خداوندی کا نام باقی تمام اللہ کی صفات ہیں صفت کے لیے عربی زبان میں لفظ اسم آتا ہے حقیقت یہ ہے کہ جب یہ اسم کا مادہ ” س م و“ ہے تو اس مادہ کے بنیادی معنی ہیں ” کوئی ایسی علامت جس سے متعلقہ شے پہچانی جائے“ اللہ کی ذات کی حقیقت تو انسان کے تصور میں بھی نہیں آسکتی یہ راز خیال و قیاس و گمان و وہم ہے اس لیے اللہ کے متعلق تو ہم کچھ نہیں جان سکتے لیکن اس نے اپنی جو صفات بیان کی ہیں ان صفات کا ایک تصور ہمارے ذہن میں آتا ہے یہ صفات خداوندی اسماء الحسنیٰ کہلاتی ہیں سورہ الحشر میں مختلف صفات خداوندی بیان کرنے کے بعد کہا گیا ہے کہ (لَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنىٰ)

(حشر ۵۹:۲۴) خدا کی تمام صفات نہایت حسن و خوبی سے کامل توازن لیے ہوئے ہیں لہٰذا میرے نزدیک (بِسْمِ اللّٰہِ) میں اسم سے مراد صفت خداوندی ہے اسمائے خداوندی" (۲) پرویز صاحب کی ان عبارات میں ثابت کیا گیا ہے کہ اسم کسی شے کی صرف علامت کا نام ہے جس سے اللہ کے ذاتی اسم کا انکار ثابت ہوتا ہے اور رحمٰن کو اسم عَلَم کی بجائے صفت قرار دیتا ہے۔ دوسرا پرویز کے نزدیک اسم سے مراد صفات الٰہی یا اسماء الٰہی یہی پرویز کی وحدۃ الوجودی پرواز ہے۔ پرویز نے اسے "من ویزداں اور تصوف کی حقیقت" میں درج کیا ہے کہ اس صفاتی قانون کے تحت انسان صفات الٰہی کا مظہر ہے اسی طرح وہ قوانین کو بھی صفات الٰہی کا مظہر قرار دیتے ہیں۔ اصول ہے صفت اپنے موصوف سے الگ نہیں ہو سکتی ہے جس سے انسان پر الوہیت کا اطلاق ثابت ہوتا ہے

پرویز اسم بمعنی علامت و بلندی دعویٰ کی دلیل کے لئے کائناتی قوانین کا کیسے اثبات کر رہے ہیں؟

"قرآن کریم میں ارض و سماء بے شمار مقامات میں آتا ہے اس میں شبہ نہیں کہ ہماری اس زمین کو بھی جس پر ہم رہتے ہیں ارض کہتے ہیں لیکن چونکہ ہر بلندی کو (پستی کی نسبت سے) سماء اور ہر پستی کو (اس کی بلندی کی نسبت سے) ارض کہتے ہیں اس لیے ارض و سما کے معنی کائنات کی پستیاں اور بلندیاں ہوں گے اور جب ارض کو سماء کے مقابل میں لایا جائے گا تو سماء سے مفہوم کائناتی زندگی اور اس کا نظام بھی ہوگا اور ارض سے مراد انسان کی معاشرتی، معاشی اور تمدنی زندگی نیز سماء سمٰوٰت سے مراد محض اجرام فلکی ہی نہیں ہوں گے بلکہ فضا کی بلندیوں میں پھیلی ہوئی تمام توانائیاں مثلا ایتھر اور ایٹم وغیرہ بھی ہوں گے یعنی فضا مع اپنے مشمولات کے قرآن میں جہاں جہاں ارض و سماء کے الفاظ آئے ہیں سیاق و سباق پر غور کرنے سے بآسانی سمجھ میں آجائے گا کہ اس جگہ سماء میں بلندی کا پہلو ہے اور ارض میں پستی کا خواہ وہ محسوس اشیاء میں ہو خواہ منصب اور مرتبہ کے لحاظ سے اور خواہ کائناتی قوانین کے مقابلے میں انسان کی معاشرتی زندگی ہو جسے اس نے اپنے مفاد پرستیوں کے سانچے میں ڈھال رکھا ہے" (۳)

پھر اسم بمعنی کائنات کی بلندی دعویٰ کا مفہوم اس طرح بیان کر رہے ہیں:

"ارض و سما کے معنی کائنات کی پستیاں اور بلندیاں ہوں گے اور جب ارض کو سماء کے مقابل میں لایا جائے گا تو سماء سے مفہوم کائناتی زندگی اور اس کا نظام بھی ہوگا اور ارض سے مراد انسان کی معاشرتی، معاشی اور تمدنی زندگی نیز سماء سمٰوٰت سے مراد محض اجرام فلکی ہی نہیں ہوں گے بلکہ فضا کی بلندیوں میں پھیلی ہوئی تمام توانائیاں مثلا ایتھر اور ایٹم وغیرہ بھی ہوں گے" (۴) اس عبارت میں پرویز کے نزدیک "سما کے معنی کائنات کی بلندیاں" اور پھر لکھتے ہیں: "سماء سے مفہوم کائناتی زندگی" جس سے آسمان کے وجود اور اس کی موجودگی کا انکار ثابت ہوتا ہے۔ پرویز کا یہ تمثیلی مفہوم قرآن کے سراسر خلاف ہے۔ جب پرویز کے نزدیک تسمیہ میں اسم کی حقیقت صحیح نہیں ہے تو مسمّیٰ اللہ کی حقیقت کیسے نمایاں ہوگی۔

پرویز پھر دوسرے مقام پر اپنے دعوے کی تغلیط ثابت کر رہے ہیں۔

"اسم کے معنی ہیں کسی شے کی علامت جس سے اسے پہچانا جائے پھر نام کو بھی اِسْمٌ کہتے ہیں اس کی جمع اَسْمَاءٌ ہے اس کا مادہ بھی س۔م۔و ہے اس جہت سے اسم سے مسمّیٰ پہچانا جاتا ہے اور اسی سے اسے بلندی و عزت حاصل ہوتی ہے سَمِیٌّ کے معنی ہم نام اور نظیر و ہم پلہ کے آتے ہیں مساماۃ کے معنی باہمی مفاخرت کے آتے ہیں (تاج) سَمِّیٌّ تَسْمِیَۃً نام رکھنا، اَلْمُسَمّٰی کے معنی نام رکھا ہوا نامزد کیا ہوا نیز معین، مقرر اور معلوم (محیط) (۵) لھذا ثابت ہوا کہ اسم وہ ہے جو اپنے مسمّیٰ کی حقیقت کو نمایاں کرتا ہو۔

غلام احمد پرویز لکھتے ہیں:

"اللہ عبارت ہے ان صفات عالیہ سے جنہیں انسان اپنے اندر منعکس کرنا چاہتا ہے" (۶)

یہ عقیدہ صریح شرک ہے کیونکہ اللہ چند صفات عالیہ سے موسوم نہیں بلکہ وہ ایک ایسی احد ہستی کا اسم ہے جو صفات عالیہ اور تمام خوبیوں کے ساتھ متصف ہے جس کی حمد و توصیف سے پورا قرآن پرُ ہے وہ تمام مخلوقات کو تخلیق ، روزی، مارنے ، جلانے اور مشابہت خلق سے منزہ ہستی کا اسم ہے محض چند صفات عالیہ کا اسم نہیں ہے اور اگر اللہ محض چند صفات عالیہ ہی کا اسم ہو اور وہ حقیقت کے طور پر کسی ہستی کا اسم نہ ہو تو پھر وہ انسان اور زمین و آسمان و ما فیہما کا خالق ، رازق ، محیے ممیت نہیں بن سکتا کیونکہ پرویز کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کی اپنی پیدا کردہ صفات عالیہ کا اسم اللہ ہے اس کے علاوہ اللہ کسی شان حقیقت کا اسم نہیں ہے قرآن میں جس اللہ کو خالق ، مالک رزاق مُحی اور ممیت وغیرہ کہا گیا ہے تو وہ بھی گو یا انسانی صفات ہی کا اسم ہے سو اس طرح قرآن اور شان الٰہی کا انکار لازم آتا ہے جو صریح کفر ہے۔

اہل قرآن کا اللہ کے بارے میں لغوی اسلوب

پرویز اللہ کا اشتقاقی مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

" بسم اللہ میں دوسرا لفظ "اللہ" آتا ہے۔۔۔ اللہ تو خدا کا ذاتی نام ہے۔ بسم اللہ کے معنی ہوئے " اللہ کی اس صفت یا ان صفات کے مقصد کے لیے یہ کام شروع کیا جاتا ہے یا یہ کچھ کیا جاتا ہے" (7) پرویز اس عبارت میں اللہ کے اسم کی استعانت طلب کرنے کی بجائے لکھتے ہیں صفت یا صفات کے مقصد کے لئے یہ کام شروع کیا جاتا ہے۔ با استعانت کی بجائے با تعلیلیت کو تسلیم کرتے ہیں۔

"الٰہ کا جو ترجمہ ہمارے ہاں انگریزی میں God ہے ہندوؤں کے ہاں ایشور پر ماتما ہے مجوسیوں کے ہاں یزداں ہے ہمارے ہاں فارسی کا لفظ خدا ہے جو اردو میں عام مستعمل ہے (لیکن یہ لفظ اللہ کے اسم کا متبادل نہیں ہے اور نہ ہی اللہ کے اسم کا مفہوم ادا کر سکتا ہے لہٰذا یہ الفاظ الٰہ کے مفہوم کی ترجمانی نہیں کر سکتے جبکہ الٰہ اپنی ذات میں محکم ہے) جب یہ لفظ اسی طرح رہے گا تو اس کا مفہوم آپ سمجھ سکتے ہیں بیان بھی کر سکتے ہیں لیکن اس کا ترجمہ کسی ایک لفظ میں نہیں کیا جا سکتا ہے جو نہی آپ نے کسی زبان میں ترجمہ کیا وہ اس زبان والوں کا جو خدا ہے اس کا تصور آپ کو دے گا قرآن کے الٰہ کا تصور نہیں دے سکتا۔ میں پھر دہرا دوں کہ قرآن کا جو الٰہ ہے اس کے معنی" صاحب اقتدار" ہیں اور جب ہم کہتے ہیں کہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد 19:47) تو اس کے معنی یہ ہیں کہ "اللہ کے سوا پوری کائنات میں کوئی صاحب اقتدار نہیں ہے" ۔۔۔ یہ ہے اللہ کے لفظ کا مفہوم" (8)

"عربی زبان کا قاعدہ ہے کہ جب کسی لفظ سے پہلے الف لام (ال) لگا دیا جائے تو اس کے معنی ایک تو یہ ہوتے ہیں کہ ہر قسم کی وہ صفت اسی میں پائی جاتی ہے دوسرا یہ ہوتا ہے کہ وہ صفت بلند ترین درجے کی غایت درجے کی انتہا درجے کی اس کے اندر پائی جاتی ہے۔ اس کے سوا اس انداز کی صفت کسی اور میں نہیں پائی جاتی اس لیے جب ہم اللہ کہتے ہیں تو یہ ال الٰہ۔ اس کے معنی یہ ہوں گے کہ الٰہ کوئی اور نہیں ہو سکتا الٰہ صرف اللہ ہو سکتا ہے اور جب ہم کہتے ہے کہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد 19:47) " تو آپ دیکھئے کہ وہی بات ہو گئی کہ کوئی الٰہ نہیں ہو سکتا سوائے اللہ کے۔ تو آپ دیکھئے کہ الٰہ کے بنیادی معنی کیا ہیں ؟ الٰہ کا مادہ ہے ال ہ۔ اور اس میں بنیادی طور پر متعدد معانی پائے جاتے ہیں :۔ ان میں پہلا یہ ہے کہ گھبرا کر کسی کی پناہ ڈھونڈنا یا اسے پناہ دینا دوسرے یہ کہ متحیر ہونا تیسرے یہ کہ بلند مرتبہ اور نگاہوں سے پوشیدہ ہونا اور چوتھے جو بنیادی شے ہے یہ کہ کسی کی غلامی یا محکومیت اختیار کرنا یعنی کسی کا غلبہ اور اقتدار تسلیم اور قبول کرنا۔ الٰہ کے معنی ہوتے ہیں صاحب اقتدار صاحب اختیار اور اس کے معنی ہوتے ہیں" وہ جس کی محکومیت اختیار کی جائے "لہٰذا الٰہ کے معنی یہ ہو گئے وہ جس کی محکومیت اختیار کی جائے اللہ کے معنی ہو گئے کہ صرف اس کی محکومیت اختیار کی جائے گی کسی اور کی محکومیت نہیں۔ اب یہاں پھر سوال یہ پیدا ہو گا کہ خدا تو کسی کے سامنے نہیں آتا ہم

اس کی آواز بھی نہیں سن سکتے تو اس کی محکومیت کس طرح اختیار کی جائے گی؟ یہ شے ہے جو اصل دین ہے اس نے کہا ہے کہ محکومیت کسی شخص کی اختیار نہیں کی جائے گی۔ محکومیت قوانین کی اختیار کیا جائے گی، احکام کی اختیار کی جائے گی۔ خدا کے الٰہ ہونے کے معنی یہ ہیں کہ انسانوں کے لیے احکام و قوانین دینا صرف خدا کے لیے ہے۔ دنیا میں کوئی انسان کسی دوسرے کو اپنے حکم یا اپنے قانون کا محکوم نہیں بنا سکتا۔۔۔اس کے جو آداب و قوانین ہیں جسے ہم کہیں گے کہ وہ الوہیت کے مظہر ہیں جو وہ قوانین ہیں جو وہ احکام ہیں جو وہ اقدار ہیں وہ تمام قرآن کے اندر محفوظ ہیں اور یہی شے ایمان اور کفر میں خط امتیاز ہے چنانچہ اس نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ (وَمَن لَّمۡ يَحۡكُم بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡكَٰفِرُونَ) (مائدۃ۵: ۴۴) جو شخص بھی خدا کے نازل کردہ قوانین واحکام واقدار کی اطاعت نہیں کرتا ان کی محکومیت اختیار نہیں کرتا ان کے مطابق فیصلے نہیں لیتا تو یاد رکھیئے! انہی کو کافر کہا جاتا ہے لہٰذا مومن یا ایمان لانے والا وہ ہے جو صرف خدا کو الٰہ مانے یعنی صاحب اقتدار مانے صرف اس کے عطا کردہ نازل کردہ قوانین واحکام کی محکومیت اختیار کرے اس کے سوا اگر کسی اور کی بھی محکومیت اختیار کی کسی اور کو صاحب اقتدار مان لیا تو وہ حقیقت میں اسے الٰہ مان لینا ہوگا"[9] اس عبارت کی آسان تصریح یہ ہے:

پرویز لکھ رہے ہیں کہ "جب ہم اللہ کہتے ہیں تو یہ ال الٰہ" سے مشتق ہے۔ ائمہ محققین فرماتے ہیں کہ اللہ کا اسم کسی شے سے مشتق نہیں ہے اس پر قرآن کی نص وارد ہے (لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُولَدۡ) (اخلاص ۱۱۲: ۳) لھذا یہ لغوی اشتقاقات درست نہیں ہیں پھر اسی عبارت میں اس کے اصح معنی یہ لکھتے ہیں:۔" الٰہ کوئی اور نہیں ہو سکتا الٰہ صرف اللہ ہو سکتا ہے" لیکن لغوی معنی میں اپنے مقصد کیلئے پھر وہ اصل مطلب کی بات لکھ رہے ہیں:۔ الٰہ کے معنی ہوتے ہیں صاحب اقتدار صاحب اختیار اور اس کے معنی ہوتے ہیں" وہ جس کی محکومیت اختیار کی جائے" اس بات کی وہ آگے یہ تشریح کرتے ہیں کہ" محکومیت کسی شخص کی اختیار نہیں کی جائے گی۔ محکومیت قوانین کی اختیار کی جائے گی" سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ قوانین کیا ہیں؟ وہ جواب دیتا ہے" وہ الوہیت کے مظہر ہیں" پھر من ویز داں میں لکھتے ہیں:۔ قوانین صفات خداوندی کے مظاہر ہوتے ہیں" حالانکہ یہی حلولی وجودی شرکیہ تصور ہے۔ پرویز تصوف کی حقیقت میں لکھتے ہیں۔ انسان بھی صفات الٰہی کا مظہر اور عکس ہے۔ اصول ہے کہ صفت اپنے موصوف سے جدا نہیں ہو سکتی جس سے قوانین اور انسان پر الوہیت کا اطلاق ثابت ہوتا ہے یہی جدید مسیحیت ہے۔ پرویز صاحب اسی اصول پر کافر اور مومن کی تفریق یوں کرتے ہیں:

"جو شخص بھی خدا کے نازل کردہ قوانین واحکام واقدار کی اطاعت نہیں کرتا ان کی محکومیت اختیار نہیں کرتا ان کے مطابق فیصلے نہیں لیتا تو یاد رکھیئے! انہی کو کافر کہا جاتا ہے۔۔۔" لہٰذا مومن یا ایمان لانے والا وہ ہے جو صرف خدا کو الٰہ مانے یعنی صاحب اقتدار مانے صرف اس کے عطا کردہ نازل کردہ قوانین واحکام کی محکومیت اختیار کرے اس کے سوا اگر کسی اور کی بھی محکومیت اختیار کی کسی اور کو صاحب اقتدار مان لیا تو وہ حقیقت میں اسے الٰہ مان لیا"[10] پرویز صاحب کا اللہ اور الٰہ کے بارے یہ لغوی معنی ومفہوم کے تحت کافر و مومن کی تفریق قرآن کے سراسر خلاف ہے کیونکہ اس سے کسی ایک ہی صفاتی پہلو کا اظہار ہوتا ہے نہ کہ کلی اور جامع طور پر اس سے پرویز صاحب کی اصل مجبوری ظاہر ہوتی ہے کہ وہ لغوی اسلوب کے خلاف کوئی معنی کر ہی نہیں سکتا حالانکہ الٰہ ایک جامع الصفات اسم ہے اس لئے اسے کلمہ میں تمام صفات کے اظہار کے لئے لایا گیا ہے۔

امام رازی لکھتے ہیں:

قال الخلیل: و کذلك قولنا الا له مخصوص به سبحانه وتعالیٰ[11] "امام خلیل فرماتے ہیں اسی طرح ہمارے قول کے مطابق لفظ الٰہ صرف اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے جس کی شان ہر طرح کی شراکت سے منزہ اور اعلیٰ وارفع ہے"

امام خلیل کے اس قول سے پرویز کے تصور الٰہ کی لغوی واشتقاقی مفہوم کی تغلیط ثابت ہوتی ہے۔

پرویز کی طرح ادارہ بلاغ القرآن کے "اہل قرآن "الٰہ کا معنی حاکم کرتے ہیں:

"الٰہ کا معنی ہے صاحب حکم۔ عام تراجم میں لفظ الٰہ کا ترجمہ معبود کر دیا گیا ہے جو خود عربی کا لفظ ہے اس طرح عربی کا ترجمہ عربی میں کر دینے سے اس لفظ کا صحیح مفہوم نکھر کر سامنے نہیں آتا بلکہ اس امر کی ضرورت باقی رہتی ہے کہ لفظ معبود کا معنی واضح کیا جائے لفظ معبود عبد، یعبد عبادۃ سے اسم مفعول ہے بمعنی عبادت کیا گیا ہے لفظ عبادت کا سہ حرفی مادہ ع ب د: عبد ہے، عبد کہتے ہیں بندے کو پس معبود کا معنی ہوا وہ ذات جس کا بندہ بنا جائے جس کا حکم مانا جائے یعنی حاکم۔۔۔ پس ثابت ہوا کہ الٰہ معبود اور حاکم تینوں الفاظ کا ایک ہی معنی ہے صاحب حکم اسی شے کی تائید آیات ذیل میں موجود ہے(اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ) (انعام6:57) (یوسف۶۷،۴۰)کاایک ہی مفہوم ہے کہ اللہ کے سوا کوئی صاحب حاکم نہیں کوئی فرمانبرداری کے لائق نہیں "[12]

ائمہ مفسرین کے نزدیک جب اللہ کا لغوی وجودی معنی معبود نہیں بن سکتا تو پرویز کے لغوی معنی "صاحب اقتدار" اور بلاغ القرآن کے "صاحب حاکم" وغیرہ کیسے صحیح ہو سکتے ہیں؟

ادارہ بلاغ القرآن کے نزدیک اللہ کا معنی قانون

"قرآن کریم میں بعض مقامات پر لفظ اللہ سے مراد اللہ کا قانون ہے۔۔۔ (كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰه) (نساء4:78) میں لفظ اللہ سے مراد اللہ کا قانون ہے۔۔۔۔ قرآنی لغت میں لفظ اللہ سے اللہ کا قانون بھی مراد ہے اس لیے سیاق و سباق اور ربط کلام کے مطابق بعض مقامات پر اللہ سے مراد اللہ کا قانون ہے" [13] فلهذا (نساء4:78) کے الفاظ هذه من عندالله میں لفظ اللہ سے مراد قانون ہے اور کل من عنداللہ میں لفظ اللہ سے مراد اللہ کا قانون ہے۔۔۔ ترجمہ اور تفسیر زیر نظر میں ان آیات کے فیصلے کے مطابق کہ قرآنی لغت میں لفظ اللہ سے اللہ کا قانون مراد ہے۔ اس لئے سیاق و سباق اور ربط کلام کے مطابق بعض مقامات پر اللہ سے مراد اللہ کا قانون لیا گیا ہے"[14] یہ معنی صحیح نہیں ہے۔

پرویز کے نزدیک اللہ کا معنی قانون

پرویز اللہ کے اسم کو مختلف چھ لغوی مفاہیم میں استعمال کرتا ہے اللہ سے مراد اللہ کا قانون یا قانون خداوندی، صفات خداوندی، اللہ کا نظام، قرآنی معاشرہ اگر اللہ کے ساتھ رسول کو ملا دیا جائے تو اس سے مرکز ملت مراد ہوتا ہے ان اصطلاحات میں قدرے مشترک بات یہ ہے اللہ تعالیٰ قوانین کا پابند ہے یہ ایسی الحادی فکر ہے جس سے اللہ تعالیٰ فاعل مختار ثابت نہیں ہوتا۔

* اللہ کے اسم کا معنی صفات خداوندی(وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى)(اعراف7:180) "صفات خداوندی میں حسن کارانہ توازن ہے"[15]

اس آیت میں پرویز نے لفظ اللہ کا معنی صفات الٰہی مراد لیا ہے۔ یہی وجودی الحادی تعبیر ہے حالانکہ اللہ ایک جامع شان والا اسم ہے۔ ترجمہ بھی سراسر تحریف پر مبنی ہے۔ اصل میں پرویز اللہ کو متصرف اسم ذات تسلیم نہیں کرتا۔ یہی اس کی فکری تاویلی منہج ہے

*۔اللہ کے اسم کا معنی قانون خداوندی (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ) (بینہ 8:98) "انہوں نے قانون خداوندی سے موافقت پیدا کر لی اور وہ قانون ان کا رفیق و یاور بن گیا"[16] اس آیت میں پرویز نے لفظ "اللہ" کا ترجمہ قانون خداوندی کیا ہے۔حالانکہ اصل ترجمہ یہ ہے" اللہ صحابہ کرام سے راضی ہوااور وہ اللہ سے راضی ہوئے"*اللہ کے اسم کا معنی قانون (يَآ يُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ) (انفال 64:8) "تمہارے لیے اس ٹکراؤ میں جو مفاد پرست جماعتوں سے ہونے والا ہے اللہ کا قانون اور اس جماعت کی رفاقت کافی ہے"[17]

اس آیت میں لفظ اللہ کے مفہوم تصرف کی بجائے قانون لیا ہے اور دوسری یہ تحریف کی ہے کہ نبی ﷺ کے لئے اللہ کا قانون اور صحابہ کی جماعت کی رفاقت کافی ہے۔حالانکہ اس آیت کا مفہوم یہ تھا کہ:

"اے نبی ﷺ اللہ تعالیٰ تمھارے لئے اور مومنین میں سے جنھوں نے آپ کی تابعداری کی ہے ان کے لئے کافی ہے"

*اللہ کے اسم کا معنی نظام (وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ) (بقرہ 169:2) "کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نہ سمجھی سے اس نظام کو خدا کا نظام سمجھنے لگ جاؤ"[18] حالانکہ اس آیت کا ترجمہ یہ ہے" بے شک شیطان تمہیں برائی اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اس بات کا بھی کہ تم اللہ کی طرف وہ باتیں منسوب کرو جن کے بارے میں تمہیں کوئی علم نہیں" (اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْن) (ذاریات 58:51) " اللہ کا نظام رزق دینے والا اور بڑی قوتوں کا مالک ہے"[19] اس آیت میں بھی "اللہ" کے اسم کا ترجمہ" اللہ کا نظام " کیا گیا ہے ۔اللہ کا معنی نظام ربوبیت (وَ اللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ) (انفال 26:8) "نظام ربوبیت تمہیں پوری پوری حفاظت کا یقین دلاتا ہے اور رزق کی فراوانیوں کی ضمانت دیتا ہے"[20] (وَمَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ) (رعد ۱۷: ۱۳) کی تشریح کی گئی ہے اس کے آخری جملے یہ ہیں۔

" یہ ہے وہ اصول کلی جس کے تحت یہاں کا کاروبار چلتا ہے باقی وہ رہ سکتا ہے جو انفرادی مفاد خویش کی بجائے کلی مفاد انسانیت کا حامل ہو یہاں ہر شے تغیر پذیر ہے بجز اس قانون ربوبیت کے جو زندگی کی فراوانیوں اور خوش حالیوں کا ضامن ہے"[21]

*(اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ) (فاتحہ ۱:۱) "زمین کا ہر حسین نقشہ اور کائنات کا ہر تعمیری گوشہ خالق کائنات کے ہر عظیم القدر نظام ربوبیت کی ایسی زندہ شہادت ہے جو چشم بصیرت سے بے ساختہ داد تحسین لیتی ہے"[22]

*۔(اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ) (فاتحہ ۱:۱)" جس کا مطلب یہ ہے کہ دنیا میں وہی معاشرہ مستحق تعریف و ستائش ہو گا جو " رب العالمینی" (تمام نوع انسانی کی ربوبیت) کے محکم اصول پر قائم کیا جائے گا"[23]

*۔اس آیت کا یہ ترجمہ اور مفہوم سراسر تاویلی تحریف پر مبنی ہے (كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ۔ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ۔۔) (رحمٰن 26-27) تو اس آیت میں بھی پرویز نے وَجۡہُ رَبِّکَ ذات الٰہی سے" قانون ربوبیت" مراد لیا ہے۔[24]

*۔ (لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا) (انبیاء 22:21) "کیا ان لوگوں نے اپنی معاشی زندگی (ارض) کے لیے الگ الگ قوانین تجویز کر رکھے ہیں جن کی یہ اطاعت کرتے ہیں اور ان کے سہارے اپنے معاشی پروگرام کو عام کرنا چاہتے ہیں اگر ان کی یہی روش ہے زندگی ہے تو انہیں سن رکھنا چاہیے کہ اگر انسان کی معاشی زندگی میں کوئی اور قوانین نافذ ہوں اور کائناتی زندگی میں اور تو اس کا نتیجہ فساد کے سوا کچھ نہ ہو گا"[25] اس آیت کے مفہوم میں بھی پرویز نے لفظ اللہ سے معاشی زندگی کا قانون مراد لیا ہے۔پرویز کا یہ مفہوم سراسر تحریف پر مبنی ہے یہ دلیل ایک برہان تمانع ہے۔جس سے وجودی تعبیر کی تغلیط ثابت ہوتی ہے۔

*۔(عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ)(جمعہ 68:8)" لیکن قانون خداوندی ان محسوس نتائج کے علاوہ ان نتائج کا حامل بھی ہوتا ہے جو تمہاری آنکھوں سے اوجھل ہوتے ہیں اور جو تمہاری مستقبل کی زندگی کو سنوارتے ہیں" عزیز" (پھر اس کا بھی یقین رکھنا چاہیے کہ اس کا قانون ربوبیت.بڑی قوتوں کا مالک ہے "حکیم" اس لیے یہ نہیں ہو سکتا کہ دنیا کی کوئی قوت اس پر غالب آجائے اور اسے نتائج مرتب کرنے سے روک دے نہ ہی وہ خود اپنی جگہ سے ہل سکتا ہے"[26] پرویز کا یہ قانونی مفہوم سراسر الحادیت پر مبنی ہے۔

محمد قاسم نوری کے نزدیک الٰہ کا معنی قانون اور حاکمیت

"اللہ کے سوا نہ کسی کا حکم مانا جائے گا نہ کسی کے آگے جھکا جائے گا نہ کسی کی عبادت کی جائے گی اور نہ کسی کی اطاعت تسلیم کی جائے گی خواہ ماں باپ ہوں استاد ہو شوہر ہو، پیر امام یا کوئی بزرگ ہو یا نبی ہی کیوں نہ ہو حکم اور اطاعت صرف اور صرف رب کی ہو گی"[27]

"کلمہ تو اس ایمان کا عہد ہوتا ہے کہ آج کے بعد ہم سوائے اللہ کے کسی کی اطاعت اور حاکمیت قبول نہیں کریں گے"[28]

"مومن کے لیے بسم اللہ کی حیثیت ایک حلف (Oath) کی ہوتی ہے کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے ایک مومن جب بسم اللہ پڑھتا ہے تو گویا وہ حلف اٹھاتا ہے کہ جو کام وہ شروع کرنے لگا ہے وہ اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق ہوگا" شروع اللہ کے نام سے کا مطلب بھی یہی ہے کہ کام شروع کرتے وقت مجھے اللہ اور اللہ کا قانون یاد ہے اور میں اس کے مطابق ہی اپنے کام کروں گا"[29] قارئین نے اہل قرآن کے نزدیک لفظ اللہ کے معنی قانون میں یگانگت و مطابقت کا اچھی طرح مشاہدہ کر لیا ہے تو اس معنی کی تغلیط وتردید کی اردو میں ایک مثال پیش ہے ۔

اللہ کے معنی "قانون" کی تغلیط وتردید

ڈاکٹر مفکر احمد لکھتے ہیں:۔"اللہ" کس قدر معروف و مشہور نام ہے اس میں ذرہ برابر ابہام اور پیچیدگی نہیں ذو معنویت نہیں کسی قسم کا تشابہ اور استعارہ نہیں۔ مگر پرویز صاحب نے اس مقدس نام (اللہ) کی کیسی عجیب کھلی معنوی تحریف کی ہے۔بے شک یہ حق ہے کہ اللہ کی اطاعت کے معنی اس کے قانون اور احکام کی اطاعت اور فرمانبرداری کے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کا قانون اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرح نہ الٰہ ہے نہ رب ہے اور نہ معبود! قرآن کریم نور ہدایت ہے ضابطہ حیات ہے سراپا حق ہے اور اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا دستور زندگی ہے اس کے ایک لفظ کا بھی انکار کفر ہے مگر قرآن کریم کو ان تمام خصوصیات کے باوجود نہ تو "الٰہ" کہہ سکتے ہیں اور نہ "رب" اللہ تعالیٰ اور اس کا حکم و قانون (چاہے وہ قانون ربوبیت ہی کیوں نہ ہو) ذات وصفات کے اعتبار سے "ایک "نہیں ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے قانون ربوبیت کو ایک سمجھنا کتنی بڑی گمراہی اور غلط اندیشی ہے کائنات کا خالق ارض وسمٰوٰت کا پیدا کرنے والا، رزاق، حی وقیوم، غفور ورحیم، حکیم وعلیم اور عالم الغیب والشھادۃ اللہ تعالیٰ ہے اس کا قانون نہیں ہے۔سامنے کی بات یہ ہے کہ سجدہ اللہ کے حکم ہی کی اطاعت میں کیا جاتا ہے کسے؟ اللہ تعالیٰ کو۔ اللہ تعالیٰ کے "حکم اور قانون" کو نہیں کیا جاتا بے شک اللہ کے حکم پر چلنا ہی اللہ کی اطاعت وعبادت ہے مگر الٰہ ورب اللہ کی ذات ہے اس کا" حکم و قانون" نہیں۔دوانسان ہیں ان میں سے ایک اللہ کے قانون کو" الٰہ" مانتا ہے اور دوسرا چاند سورج کو "الٰہ" سمجھتا ہے ان دونوں کے موقف میں آخر کیا فرق ہے۔ عربی دانی اور فہم قرآن تو بڑی شے ہے جو کوئی اردو زبان وادب کا بھی صحیح ذوق رکھتا ہے اور ساتھ ہی فہم صحیح بھی وہ "عالم الغیب والشھادۃ "اور "حکیم" سے اللہ کا" قانون" کیسے مراد لے سکتا ہے؟ کیا" عالم" و "حکیم" کسی قانون،

دستور اور ضابطہ کی صفت ہو سکتی ہے؟ کیا کسی قانون کو عالم، حکیم، سمیع بصیر اور غفور و رحیم کہا جا سکتا ہے"[30] الحمد للہ ڈاکٹر صاحب نے اللہ بمعنی قانون کی کیسی پیاری تغلیط ثابت کی ہے۔ بعض علماء نے لفظ اللہ کو جامد کی بجائے مشتق سمجھا ہے پھر اسے مشتق کہنے والے علماء کا اس بات پر اختلاف ہے کہ اس کا مشتق منہ اور مادہ کیا ہے؟ کلمہ طیبہ میں جو لا نفی استغراق کا اسم "الٰہ" ہے اس سے مراد صرف الٰہ حق ہے یعنی مفہوم کلی جس کے مصداق صرف احد ہستی اللہ تعالیٰ کی ہے۔ المختصر! لفظ اللہ کے بارے میں ائمہ میں اتنا اختلاف ہے کہ وہ کسی ایک رائے پر متفق نہیں ہو سکے۔ متفق کیسے ہو سکتے جبکہ لفظ اللہ کا کوئی لغوی اشتقاق نہیں ہے۔

اہل قرآن کے لغوی ماخذ کا اسلوب

اہل قرآن نے لفظ "اللہ" لغوی جنسی وجودی تعبیر کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اہل قرآن کے ہر مفسر نے الٰہ کے معنی کو لغوی اسلوب میں الگ الگ بیان کیا ہے۔ لھذا اہل قرآن کی اس تاویل کا ماخذ بعض ائمہ لغویین اور مفسرین ہیں۔ جن کے نزدیک اللہ لغوی لحاظ سے اسم جنس بمعنی معبود ہے۔ جس سے عابد اور معبود جنسی لحاظ سے قدیم ثابت ہوتے ہیں۔ یہی وحدۃ الوجودی تعبیر لا معبود الا اللہ کی ہے۔ چند مفسرین کی آراء پیش ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل قرآن نے الٰہ کے تاویلی اسلوب کو اپنایا ہے۔ جب کہ لفظ "اللہ" لغوی وجودی لحاظ سے قرآن کے فلسفہ الٰہیات کے مطابق اسماء الاجناس میں سے نہیں ہو سکتا ہے۔ اس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

امام زمخشری لکھتے ہیں:

اللہ اصلہ الا لہ ... کما یقال یا الہ، والا لہ من اسماء الاجناس کل رجل والفرس۔ اسم یقع علی کل معبود بحق او باطل، ثم غلب علی المعبود بحق کما ان النجم اسم لکل کوکب ثم غلب علی الثریا۔[31]

"امام زمخشری فرماتے ہیں اللہ کی اصل لغوی لحاظ سے الٰہ ہے اور الٰہ اسماء الاجناس میں سے ہوتا ہے جیسے مرد اور گھوڑا کی الگ الگ جنس ہے اس لحاظ سے الٰہ کا لفظ ہر حق و باطل معبود پر واقع ہوتا ہے۔۔۔"

امام زمخشری کے نزدیک اللہ لغوی لحاظ سے اسماء الاجناس میں سے ہے۔ یہ لغوی و جنسی فکر ہے جس سے اللہ ممکنات کی جنس سے ثابت ہوتا ہے۔ یہی وجودی فکر ہے جس میں وجود مطلق، نفس کلیہ اور لا موجود الا اللہ کا مفہوم ثابت ہوتا ہے۔

امام بیضاوی لکھتے ہیں کہ اللہ کی اصل الٰہ بمعنی معبود ہے:

واللہ اصلہ الٰہ فحذفت الھمزۃ وعوض عنھا الالف واللام ولذالك قیل یا اللہ بالقطع الا انہ یختص بالمعبود بالحق والالٰہ فی اصلہ لکل معبود ثم غلب علی المعبود بحق۔[32]

"لفظ اللہ کی اصل الٰہ ہے ہمزہ کو حذف کرکے عوض میں الف لام لایا گیا (اور چونکہ الف لام عوضی تعریف کا نہیں) اس لیے بوقت نداء یا اللہ ہمزہ قطعی کے ساتھ کہا جاتا ہے مگر یہ کہ لفظ اللہ معبود حق کے ساتھ خاص ہے اور لفظ الٰہ اپنے اصلی معنی کے اعتبار سے ہر معبود پر بولا جاتا ہے پھر اکثریتی اطلاق اس کا معبود حق پر ہونے لگا"

قاضی ابو سعود عمادی لکھتے ہیں:

واللہ الا صلہ الالٰہ[33] "قاضی صاحب کے نزدیک اللہ کی اصل الٰہ ہے "ولالٰہ فی اصلہ اسم جنس یقع علی کل معبود بحق او باطلٍ[34]" اور اصل میں الٰہ اسم جنس ہے جو ہر حق و باطل الٰہ پر واقع ہوتا ہے"

قاضی ابو سعود عمادی کے نزدیک اللہ کی اصل الٰہ ہے اور پھر الٰہ کی اصل ایسی اسم جنس ثابت کرتے ہیں جس کا اطلاق ہر حق و باطل معبود پر ہو سکتا ہے یہی وحدۃ الوجودی جنسی فکر ہے حالانکہ اللہ اسم جنس سے ماوراء ہے بلکہ اسم عَلَمْ ہے (لَمْ يَلِدْ. وَلَمْ يُوْلَدْ) (اخلاص 3:112) کی نص وارد ہے لھذا وہ ہر طرح کی جنس سے منزّہ و مبرّا ہے۔

امام جمال الدین عبد الرحمٰن الجوزی لکھتے ہیں:

وحکی عن بعض الغويين اله الرجل یاله الاهة بمعنی عبد یعبد عبادة۔۔۔فمعنی اله المعبود۔[35]

"بعض لغویین سے حکایت بیان کی جاتی ہے الٰہ کا لغوی معنی معبود ہے جس کی اصل اله الرجل یا له الاہۃ بمعنی عبد یعبد عبادۃ ہے"

محمد علی الصابونی اللہ اور الٰہ کے لغوی جنسی معنی عبادت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"الفرق بین (اللہ) و (الٰہ) ان الاول اسم علم للذات المقدسة ذات الباری جل وعلا ومعناه المعبود بحق والثانی معانه المعبود بحق او باطل فهو اسم يطلق على الله تعالىٰ وعلى غيره"۔[36]

"امام محمد علی صابونی اللہ اور الٰہ کے درمیان لغوی فرق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بے شک پہلا اسم اللہ کی ذات مقدسہ کے لیے علم ہے اور اس کا معنی معبود حق ہے اور دوسرا الٰہ کا معنی معبود حق اور باطل ہے اس لئے الٰہ کے اسم کا اللہ تعالیٰ اور دوسرے باطل الٰہ پر اطلاق ہو سکتا ہے"

علامہ محمد جمال الدین قاسمی اللہ کا لغوی جنسی معنی معبود بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

و(الله) علم على ذاته۔ تعالیٰ وتقدس۔قال ابن عباس هو الذی یالهه کل شیء و یعبده واصله "الاہ" بمعنی مالوه ای معبودٌ[37]

"اللہ تعالیٰ بذاتہ اسم علم ہے جو کہ عالی اور مقدس شان والی ہستی ہے اور ابن عباس کے بقول اللہ تعالیٰ ایسی شان والی ہستی ہے جس کی طرف ہر شے التجاء اور اسی کی عبادت کرتی ہے اور اللہ کی اصل الٰہ ہے جس کا معنی ہے جس کی طرف التجاء کی جائے یعنی معبود"

امام شہاب الدین الحلبی اللہ کا اشتقاقی معنی معبود کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

وهو علم على المعبود بحق لا يطلق على غيره ولم يجسر احد من المخلوقين ان يتسمى به و كذالك الاله قبل النقل والادغام يطلق الا على المعبود بحق قال الزمخشری: (كانه صار علما علماً بالغلبة) واما (اله) المجرد من الالف واللام فيطلق على المعبود بحق وعلى غيره قال تعالىٰ (لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا) (انعام۲۲:۲۱) (وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ) (۲۳ :۱۱۷) (۳۳:۲۵) (وختلف الناس هل هو مرتجل او مشتق)[38]

"اللہ کا لفظ معبود حق پر اسم عَلَم کے طور پر آتا ہے جس کا کسی دوسرے پر اطلاق نہیں ہو سکتا اور نہ ہی مخلوقات میں سے کوئی اس اسم سے موسوم ہو سکتا اور اسی طرح الٰہ کا اسم نقل اور ادغام سے قبل معبود حق پر ہی منطبق ہو سکتا ہے امام زمخشری فرماتے ہیں گویا کہ اللہ غلبہ کے ساتھ عالم ہو گیا اور اسی طرح الٰہ کا اسم الف لام کے بغیر معبود حق اور غیر پر اطلاق کر سکتا ہے۔انسانوں نے اس میں اختلاف کیا ہے کیا اللہ کا اسم مرتجل یا اشتقاقی ہے"۔

امام رازی کے بقول الٰہ اللہ تعالیٰ کیلئے مختص ہے:۔قال الخلیل:و کذلك قولنا الاله مخصوص به سبحانه و تعالیٰ۔[39]

"امام خلیل فرماتے ہیں ہمارے قول کے مطابق الٰہ کا اسم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے مخصوص ہے"

امام قرطبی فرماتے اللہ سبحانہ کے اسم کا اشتقاقی معنی معبود ہے:

فاسم اللہ مشتق من ہذا فاللہ سبحانہ معناہ المقصود بالعبادۃ ومنہ قول الموحدین (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) معناہ لا معبود غیر اللہ و(الّا) فی الکلمۃ بمعنی غیر لا بمعنی الا ستثناء[40] ”اللہ سبحانہ کے اسم کا اشتقاقی معنی عبادت مقصود ہے ان میں سے مواحدین کا قول لاالٰہ کا معنی اللہ کے سوا دوسرا کوئی غیر معبود نہیں ہے کلمہ میں الا بمعنی غیر نہ کہ استثناء ہے“۔

امام رازی لکھتے ہیں:

۱۔واعلم انہ تعالیٰ ھو المستحق للعبادۃ، وذلك لانہ تعالیٰ ھو المنعم بجمیع النعم اصولھا وفروعھا وذلك لان الموجود اما واجب واما ممکن، والوجب واحد وھو اللہ تعالیٰ، وما سواہ ممکن، والممکن لا یوجب الا بالمرجح، فکل الممکنات انما وجدت بایجادہ وتکوینہ اما ابتدا واما بواسطۃ فجمیع ما حصل للعبد من اقسام النعم لم یحصل الا من اللہ فثبت ان غایۃ الا نعام صادرۃ من اللہ والعبادۃ غایۃ التعظیم فاذا ثبت ھذا فنقول: ان غایۃ التعظیم لا یلیق الا لمن صدرت عنہ غایۃ الا نعام فثبت ان المستحق للعبودیۃ لیس الا اللہ تعالیٰ۔[41]

”اور جان لیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہی مستحق عبادت ہے اور یہ اس لیے کہ وہ منعم حقیقی ہے ہر نعمت کی اصل اور فرع کے حوالے سے اور اس لیے کہ موجود کی دو صورتیں ہیں یا تو موجود واجب ہوگا یا پھر ممکن اور واجب صرف وہ واحد اللہ تعالیٰ ہے اور جو اس کے سوا ہے سب ممکن میں داخل ہے اور کوئی ممکن وجود کا درجہ نہیں پاتی مگر مرجح کی صورت میں (یعنی اس کے عدم پر وجود کو ترجیح دی جائے) للذا ممکنات کا وجود محض ایجاد اور تکوین سے ہوتا ہے اور نعمتوں کے جمیع ابتداء و وسائط ایک بندے کی عبادت کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کہیں سے یہ نعمتیں حاصل نہیں ہوسکتیں۔للذا ثابت ہوا کہ نعمتوں کا صدور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عبادت کی غایت سے ہے اور عبادت اس منعم حقیقی کی تعظیم کی غایت سے ہے، کیونکہ نعمتیں اسی کی طرف سے ہیں للذا مستحق عبادت بھی اس کے سوا کوئی نہیں“

قاضی ابو سعود عمادی لکھتے ہیں:

ھو اسم عَلَم لذات الجلیل ابتداء وعلیہ مدار امر التوحید فی قولنا (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ)(محمد۴۷:۱۹)لا یخفی ان اختصاص اسم الجلیل بذاتہ سبحانہ بحیث لا یمکن اطلاقہ علی غیرہ...ان کان اسم جنس فی الاصل وقیل ھو وصف فی الاصل لکنہ لما غلب علیہ بحیث لا یطلق علی غیرہ اصلاً صار کالعلم ویردہ امتناع الوصف بہ واعلم ان المراد بلمنکر فی الکلمۃ التوحید ھو المعبو دبحق فما نھا لا فرد من الفراد معبود بالحق الا ذالك المعبود بالحق وقیل اصلہ لاھا باسریایۃ۔[42]

”وہ (لفظ اللہ) اسم علم ذات جلیل کے لئے ابتداہی سے مستعمل ہے اور توحید کا سارا دار ومدار اسی پر ہے ہمارا قول یہ ہے کہ (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) (محمد 19:47) میں ذرہ برابر بھی یہ امر مخفی نہیں کہ یہ صرف اسی کی ذات کے ساتھ مختص ہے اور اصولاً کسی غیر پر اس کا اطلاق قطعاً نہیں ہوسکتا نہ ہی اس کے ساتھ صفات کی تردید ہوتی ہے اور کلمہ توحید میں صرف معبود حق کا کسی دوسرے فرد یا غیر پر اطلاق کا انکار ہوتا ہے اور معبود بالحق اس کے سوا کوئی نہیں ہوسکتا صرف وہی معبود بالحق ہے اور جس طرح سریانی کہتے ہیں تو ان کے قول کی کچھ اصل نہیں“

حمید نسیم لکھتے ہیں:

"الٰہ کے لغوی معنی معبود ہیں۔ چنانچہ قرآن حکیم میں الٰہ باطل معبودوں کے لیے بھی آتا ہے لیکن ال سے تخصیص ہو جاتی ہے وہ جو یگانہ اور لا شریک معبود ہے۔۔۔"[43] (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد 47:19) کی جس توحید کو تمام رسول اپنے اپنے عہد میں پیش کر تے رہے ہیں اور اسی توحید پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اسلاف ایمان لا کر اسلام کے مدارج علیا حاصل کرتے رہے ہیں۔ کلمہ طیبہ میں الٰہ ایک ایسا جامع اسم ہے جو سارے عالمین کے حوائج کی تکمیل کے لیے اللہ کے ہر صفاتی اسم کا علیحدہ علیحدہ تصرف ثابت کرتا ہے۔ جیسے اللہ کا ایک نام رزاق ہے تو اس کی رزاقیت کا تعلق اس مخلوق کے ساتھ رہے گا جن کی بقاء رزق کی نعمت پر موقوف ہے۔ اللہ کے کافی صفاتی اسماء ہیں جن میں کوئی ایسا جامع اسم نہیں جو اللہ کی صفت تخلیق اور تخلیق عالمین کے بعد ہر شے کی بقاء کے لیے تکوینی تصرف ثابت کرسکے۔ لہٰذا الٰہ ایسا جامع اسم ہے جو معدومات کو موجود اور موجودات کو معدوم کرسکتا ہے اس لیے عالمین کی ہر شے اپنی احتیاج کے لیے اللہ ہی کی محتاج نظر آتی ہے اس احتیاج کی تکمیل کے لیے ان الگ الگ اسماء کی بجائے ایک ہی جامع اسم الٰہ کو پکارنا پڑتا ہے جس سے جنسی فکر کی نفی ثابت ہوتی ہے اہل قرآن کی جنسی فکر کا ابطال پیش ہے۔

پرویز کے فلسفہ الٰہ کی جنسی تعبیر کا ابطال

محققین ائمہ مفسرین واصولیین اور فقہا کے نزدیک اللہ لغوی لحاظ سے اسم جنس نہیں ہے۔ بلکہ اسم عَلَم ہے ورنہ یہی وجودی فکر جس سے شرک کی نفی ثابت نہیں ہوتی۔امام رازی لکھتے ہیں کہ اگر الٰہ کا لغوی وجودی معنی معبود کیا جائے تو الٰہ ازلی نہ ہوگا بلکہ وحدۃ ادیان کا نظریہ ثابت ہوگا۔

انه اسم مشتق ... ان الاله هو المعبود، سواء عبد بحق او باطل ثم غلب فی عرف الشرع علی المعبود بالحق وعلیٰ هذا التفسیر لا یکون الهاً فی الازل۔۔۔[44] "اللہ کا اسم الٰہ سے مشتق ہے۔۔۔ جس سے الٰہ کا اشتقاقی معنی معبود ہوگا یہ ایسا معبود ہوگا جس کا اطلاق معبود "حق اور باطل پر ہوگا پھر عرف شرع میں معبود حقیقی پر غالب ہونے لگا یہ ایسی تفسیر ہے جس سے الٰہ ازلی ثابت نہ ہوگا"۔

عبد العزیز بن عبد السلام لکھتے ہیں کہ اللہ کا لغوی معنی معبود کیا جائے تو اللہ ازلی نہ رہے گا۔

او اشتق من التاله وهو التعبد، تاله فلان: تعبد، واشتق من فعل العبادة فلا یتصف به فی الازل، او من استحقاقها علی الاصح فیتصف به ازلاً۔[45] "عبد العزیز بن عبد السلام لکھتے ہیں کہ اللہ کا لغوی معنی معبود کیا جائے کہ فلاں نے عبادت کی اور الٰہ کو فعل عبادت سے مشتق مانا جائے تو اللہ ازل سے موصوف نہ رہے گا اللہ تعالیٰ کے لئے اصح استحقاق یہی ہے اسے ازل سے موصوف مانا جائے"

امام رازی لکھتے ہیں جب اللہ کا اسم مشتق نہیں لھذا اسم جنس بھی نہیں:

ان هذا للفظ اسم عَلَمٌ لله تعالیٰ وانه لیس بمشتق البتة وهو القول الخلیل وسیبویه وقول اکثر الاصولین والفقها ویدل علیه وجوه وحجج:۔ الحجة الاولیٰ: انه لو کان لفظاً مشتقاً لکان معناه معنی کلیا لا یمنع نفس مفهومه من وقوع الشرکة فیه لان اللفظ المشتق لا یفید الا انه شی ما مبهم حصل له ذلك المشتق منه هذا المفهوم لا یمنع من وقوع الشرکة فیه بین کثیرین، فثبت ان هذا اللفظ لو کان مشتقا لم یمنع وقوع الشرکة فیه بین کثیرین، ولو کان کذلك لما کان قولنا (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) توحیداً حقاً مانعاً من وقوع الشرکة فیه بین کثیرین لا بتقدیر ان یکون الله لفظاً مشتقاً کان قولنا "الله" غیر مانع من ان یدخل تحته اشخاص کثیرة، وحینئذ لا یکون قولنا (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) موجباً للتوحید المحض وحیث اجمع العقلا علی ان قولنا (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) یو جب التوحید المحض علمنا ان قولنا "الله" اسم علم موضوع لتلك الذات المعینة وانها لیست من الالفاظ المشتقة۔[46]

''امام رازی فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں یہ لفظ اسم عَلَمُ اللہ ہی کے لیے مختار ہے یہ مشتق مطلق ہی نہیں اور یہ امام خلیل وسیبویہ اور ائمہ اصولیین وفقہا کی اکثریت کا فیصلہ ہے اس پر درج ذیل وجوہات دلالت کرتی ہیں اور یہی حجت ہیں۔

*۔ان میں سے پہلی حجت یہی ہے کہ اگر اس لفظ کو مشتق لیا جائے تو اس کا معنی کلی طور پر وقوع شراکت سے منع نہیں کرتا۔

*۔اگر اس لفظ کو مشتق لیا جائے تو یہ توحید کے لیے مفید نہیں ہو سکتا سوائے اس شے کے اس سے صرف ابہام ہی حصول مشتق ہوتا ہے یہ ایسا مفہوم ہے کہ کثیرین کے درمیان وقوع شراکت کو منع نہیں کرتا پس ثابت ہو گیا کہ اگر اس کو مشتق لیا جائے تو یہ کثیرین کے درمیان وقوع شراکت کو ثابت کرتا ہے حالانکہ ہمارا قول (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد19 :47) کثیرین کے درمیان وقوع شراکت کو حقیقی طور پر منع کرتا ہے اگر اس صورتحال میں اللہ کے لفظ کو مشتق مانا جائے تو ہمارا قول (اللہ) غیر مانع ثابت ہوتا ہے جس سے اس کے تحت کثیر اشخاص داخل ہو جاتے ہیں اس طرح ہمارا قول (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد19 :47) توحید محض کے لیے موجب نہ رہے گا حالانکہ جمیع اہل عقلاء کہتے ہیں ہمارا قول (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد19 :47) توحید محض کے لیے واجب ہے اس سے ہم نے جان لیا ہے کہ ہمارا قول (اللہ) اسم عَلَمُ موضوع ہے یہی ہستی معینہ ہے بے شک اللہ کا اسم الفاظ مشتق میں سے نہیں ہے''

امام رازی لکھتے ہیں:

ان من اراد يذكر ذاتاً معينة ثم يذكره بالصفات فانه يذكر اسمه اولا ثم يذكر عقيب الاسم الصفات مثل ان يقول: زيد الفقيه النحوي الاصولي، اذا عرفت هذا فنقول ان كل من اراد ان يذكر الله تعالىٰ بالصفات المقدسة فانه يذكر اولا لفظة الله ثم يذكر عقبيه صفات المدائح مثل ان يقول: الله العالم القادر الحكيم، ولا يعكسون هذا فلا يقولون: العالم القادر الله وذلك يدل على ان قولنا "الله" اسم علم. قال تعالىٰ (هل تعلم له سميا) وليس المراد من الاسم فى هذه الآية الصفة والا لكذب قوله (هَلۡ تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا)(65:19) فوجب ان يكون المراد اسم العلم فكل من اثبت لله اسم علم قال ليس ذاك الا قولنا الله

(47)

''اگر کوئی انسان اللہ کی ذات معینہ کا تذکرہ کرنا چاہے تو پھر اس کے اسم صفات کا تذکرہ کرے پس اس کو چاہیے کہ اوّل اس کے اسم ذات کا تذکرہ کرے پھر اس کے بعد اسم صفات کا تذکرہ کرے مثال کے طور پر زید الفقی النحوی الاصولی کہتا ہے جب میں نے اس بات کی معرفت حاصل کر لی تو ہم کہتے ہیں کہ اگر کوئی انسان اللہ کی صفات مقدسہ کا ذکر کرنا چاہے تو چاہیے کہ وہ اوّل اللہ کے لفظ کا تذکرہ کرے پھر اس کے بعد صفات مدائح کا تذکرہ کرے مثال کے طور پر وہ یہ کہے کہ اللہ عالم قادر حکیم ہے اس کے برعکس یہ نہ کہے عالم قادر اللہ ہے یہ بات ہمارے اس قول پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ ہی اسم عَلَم ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ نے فرمایا'' اے رسول ﷺ بھلا تم کسی اور کو اس کا ہم اسم جانتے ہو''اس آیت میں صفت مراد نہیں ورنہ اس قول کی تکذیب ہوتی (هَلۡ تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا) (مریم19 :65)'' پس یہ بات واجب ہو گی اس سے مراد اسم علم ہے لہٰذا کلی طور پر اللہ کا لفظ اسم عَلَم اسم بامسمّیٰ ثابت ہو گیا'' امام رازی کی اس عبارت کا آسان مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مقدم ہے اور اسمائے صفاتیہ کا بعد میں آنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اسم قبل نزول قرآن اسی طرح مستعمل تھا۔ ابو اسماعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی فخر الدین کے حوالے سے اسم جنس کی تغلیط کرتے ہوئے اس کا جواب اس طرح دیتے ہیں اللہ لغوی لحاظ سے اسم جنس نہیں ہے۔ بلکہ اسم علم اور جامد ہے:

وقد اختار فخر الدين انه اسم علم مشتق البتة، قال: وهو قول الخليل وسيبويه واكثر الاصوليين والفقهاء ثم اخذ يستدل على ذلك بوجوه: منها: انه لو كان مشتقاً لا شترك فى معناه كثيرون، ومنها: ان بقية الاسماء تذكر صفات له، فتقول: الله الرحمٰن الرحيم الملك القدوس فدل انه ليس بمشتق، قال: فاما قوله تعالىٰ (الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ

۔اللّٰہِ ۔۔) (ابراھیم 14 : ۱۔۲)علی قراءۃ الجر فجعل ذلك من باب عطف البیان، ومنھا قوله تعالیٰ (هَلۡ تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا) (مریم 65:19)وفی الاستدلال بھذہ علی کون ھذا الاسم جامداً غیر مشتق نظر۔ (48)

"ابن کثیر فرماتے ہیں کہ امام فخر الدین رازی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے اسم کو اسم علَم مشتق اختیار کیا جائے تو یہی امام خلیل سیبویہ اور ائمہ اصولیین و فقہا کی اکثریت کا فیصلہ ہے اس سے درج ذیل وجوہات پر استدلال کیا جائے توان میں سے ایک یہ ہے اگر اسے مشتق مانا جائے تو اس کے کثیر معنی میں اشتراک ثابت ہوتا ہے اور ان میں سے یہ ہے کہ بقیہ اسماء اس کی صفات کا تذکرہ کرتے ہیں جیسے اللہ الرحمٰن ،الرحیم ، الملک ، القدوس ہے یہ بات دلالت کرتی ہے کہ وہ مشتق نہیں پھر اس نے کہا کہ اللہ کا قول (الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ۔اللّٰهِ۔۔) (ا: ۱۴۔۲) قراءۃ جریر پر اسے باب بیان عطف میں بیان کیا گیا ہے اس سے قول الٰہی" اے رسول ﷺ بھلا تم کسی اور کو اس کا ہم اسم جانتے ہو"ان آیات سے یہ استدلال ثابت ہوتا ہے اللہ کا اسم جامد غیر مشتق ہے"

پھر لکھتے ہیں:

(اللہ)علم علی الرب تبارك و تعالیٰ،یقال: انه الاسم الاعظم،لانه یوصف بجمیع الصفات کما قال تعالیٰ (هُوَ اللّٰهُ الَّذِيۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ(۲۳:۵۹۔۲۴)فاجری الاسماء الباقیۃ کلھا صفات له. کما قال تعالیٰ (وَلِلّٰهِ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى فَادۡعُوۡهُ بِهَا)وقال تعالیٰ: (قُلِ ادۡعُوا اللّٰهَ اَوِ ادۡعُوا الرَّحۡمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدۡعُوۡا فَلَهُ الۡاَسۡمَآءُ۔۔۔)(110:17) وھو اسم لم یسم به غیرہ تبارك وتعالیٰ ولھذا لا یعرف فی کلام العرب لھا اشتقاق من فعل ویفعل فذھب من ذھب من النحاۃ الی انه اسم جامد لا اشتقاق له .وقد نقل القرطبی عن جماعة من العلماء منھم الشافعی والخطابی وامام الحرمین والغزالی وغیرھم ،وروی عن الخلیل و سیبویه ان الالف واللام فیه لازمة قال الخطابی: الا تری انك تقول: یااللہ ولا تقول: بالرحمٰن ،فلولا انه من اصل الکلمة لما جاز ادخال حرف النداء علی الالف واللام۔ (49)

"اسم اللہ رب تبارک و تعالیٰ پر اسم علم ہے ،اسے اسم اعظم بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ جمیع صفات باری سے متصف ہے ، جیسا کہ فرمان باری تعالیٰ ہے وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی الٰہ نہیں صرف وہی شان الوہیت والا مالک ہے ،تقدیس ، سلامتی ،امن اور حفاظت دینے والا زبردست ، جبار اور شان کبریائی والا ہے، اللہ ان کے شرکیہ عقائد سے منزہ اور بلند شان ہے وہی اللہ کہ جس نے تخلیق کی اور کرتا رہتا ہے اور تصویر کشی کرنے والا ،اس کے لئے اچھے اور خوب اسماء ہیں، آسمان و زمین کی ہر چیز اس کے لئے تسبیح خواں ہے وہ زبردست ہے کمال حکمت والا، باقی جو اسماء (زبانوں) پر جاری ہیں اس کی صفات ہیں جیسا کہ قول باری تعالیٰ ہے کہ سب اس کے اچھے سے اچھے اسماء ہیں تم اسے انہی اسماء سے یاد کیا کرو۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اسے رحمٰن کہہ کر پکارو یا اللہ کہہ کر جس نام سے پکارو سب اس کے اچھے سے اچھے اسماء ہیں لہٰذا یہ اسم ایسا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے غیر میں کسی کو اس اسم سے موسوم نہیں کیا جاسکتا۔ لہٰذا کلام عرب میں اس اسم کا کوئی مشتق، مصدر ، فعل ماضی یا فعل مضارع یفعل نہیں ملے گا۔لہٰذا نحوی اس طرف گئے ہیں کہ اس اسم کا مشتق نہیں بلکہ یہ جامد ہے۔امام قرطبیؒ علماء کی جماعت جن میں شافعی،خطابی ،امام الحرمین ،غزالی اور ان سے دیگر شامل ہیں، سے نقل کرتے ہیں۔ خلیل اور سیبویہ سے بھی روایت کرتے ہیں کہ الف لام اس میں لازمی (جزء) ہیں خطابی کہتے ہیں کہ کیا تو نے غور نہیں کیا کہ تم یا اللہ تو کہتے ہو یا الرحمٰن نہیں کہتے۔ پس یہ کلمہ کی اصل ہوتے تو الف لام پر حرف نداء داخل ہونے کا جواز کب پیدا ہوتا"

شیعہ مفسر ابوالقاسم الموسوی فلسفہ الٰہ کا وحدۃ الوجودی جنسی معنی کی تغلیط کرتے ہوئے اس کا جواب اس طرح دیتے ہیں :۔

ومن توهم انه اسم جنس فقد اخطاء، ودليلنا على ذلك امور :

الاول : التبادر، فان لفظ الجلالة ينصرف بلا قرينة الى الذات المقدسة ولا يشك فى ذلك احد، وباصالة عدم النقل يثبت انه كذلك فى اللغة، وقد حققت حجيتها فى علم الاصول۔

الثانى : ان لفظ الجلالة ۔ بما له من المعنى ۔ لا يستعمل وصفاً فلا يقال : العالم الله، الخالق الله، على ان يراد بذلك توصيف العالم والخالق بصفة هى كونه الله وهذه آية كون لفظ الجلالة جامدًا، واذا كان جامداً كان علماً لا محالة فان الذهب الى انه اسم جنس فسره بالمعنى الاشتقاقى۔

الثالث :۔ ان لفظ الجلالة لو لم يكن علماً لما كانت كلمة (لا اله الا الله) كلمة توحيد، فانها لاتدل على التوحيد بنفسها حينئذ، كما لا يدل عليه قول : لا اله الا الرازق، او الخالق، او غيرهما من الالفاظ التى تطلق على الله سبحانه، ولذلك لا يقبل اسلام من قال احدى هذه الكلمات۔

الرابع :۔ ان حكمة الوضع تقتضى وضع لفظ لذات المقدسة كما تقتضى الوضع بأزاء سائر المفاهيم، وليس فى لغة العرب لفظ موضوع لها غير لفظ الجلالة فيتعين ان يكون هو اللفظ الموضوع لها۔ (50)

"بعض علماء کا یہ خیال قطعی طور پر غلط ہے کہ لفظ اللہ (لفظ انسان کی طرح) اسم جنس ہے جس کا ایک ہی فرد پایا جاتا ہے ہم اس مقام پر اپنے مدعیٰ کے اثبات میں چار دلائل پیش کرتے ہیں۔

۱۔ تبادر، یعنی جب بھی لفظ اللہ بولا جاتا ہے بغیر کسی دوسرے قرینہ اور علامت کے ہستی الٰہی ذہن میں آتی ہے اس میں کوئی بھی انسان شک نہیں کر سکتا اگر کوئی انسان یہ احتمال دے کہ ممکن ہے کہ اصل لغت میں لفظ اللہ اسم جنس ہو اور بعد میں اس لفظ کو الٰہ سے مختص کر دیا گیا ہو تو اس کا جواب یہ ہے کہ (قاعدہ کلیہ) شک کی صورت میں احتمال کو کالعدم فرض کیا جاتا ہے چنانچہ میں نے علم اصول میں اس قاعدے کو ثابت کیا ہے۔

۲۔ لفظ اللہ اپنے معنی میں صفت کے طور پر استعمال نہیں ہوتا مثلاً یہ نہیں کہا جاتا ہے کہ العالم الله الخالق الله۔ بایں معنی کہ لفظ اللہ کے ذریعے عالم اور خالق کی صفت بیان کی جائے یہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ لفظ اللہ اسم مشتق نہیں ہے اور جب اسم جامد ہوگا تو لامحالہ یہ علم ہوگا کیونکہ جن قائلین کا یہ عقیدہ ہے کہ یہ اسم جنس ہے وہ مشتق والے معنی کی صورت میں اس کی تفسیر کرتے ہیں۔ (جس سے توحید وجودی ثابت ہوتی ہے۔لا معبود الا اللہ کلمہ کفریہ شرکیہ ہے۔جس سے شرک کی نفی اور وحدۃ ادیان کا اثبات ہوتا ہے)

۳۔ اگر لفظ اللہ عَلَمْ ہوتا اور اسم جنس ہوتا تو کلمہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد 47:19) سے توحید ثابت نہ ہوتی جس طرح لَآ اِلٰهَ اِلَّا الرَّزّاق یا اِلَّا الخالق وغیرہ سے توحید ثابت نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی لَآ اِلٰه اِلَّا الرَّزّاق یا اِلَّا الخالق کہے تو وہ مسلمان نہیں کہلائے گا۔

۴۔ حکمت وضع کا تقاضا ہے کہ جس طرح دوسرے مفاہیم کے لیے کسی نہ کسی لفظ کو وضع کیا گیا ہے اسی طرح اللہ کی ہستی مقدسہ کے لیے بھی کوئی نہ کوئی لفظ وضع کیا جانا چاہیے اور لغت عرب میں لفظ اللہ کے علاوہ کوئی دوسرا لفظ نہیں جس کو اللہ کی شان جلالت سے مختص کیا گیا ہو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ لفظ اللہ ہی ہے جس کو شان الوہیت کے لیے مختص کیا گیا ہے"

امام موسوی اس عبارت کی شق نمبر ۳ کی آسان تصریح امام رازی کے قول سے اس طرح بیان کرتے ہیں کہ انسان اللہ کے اسم کے علاوہ کسی صفاتی اسم کہنے سے کفر سے نہ نکلے گا۔

ان کلمة الشهادة وهی الكلمة التی بسببها ینتقل الكافر من الكفر الی الاسلام لم یحصل فیها الا هذا الاسم فلو ان الكافر قال: اشهد ان لا اله ...الا الرحیم او الا الملك او الا القدوس لم یخرج من الكفر ولم یدخل فی الاسلام اما اذا قال اشهد ان لا اله الا الله فانه یخرج من الكفر ویدخل فی الاسلام وذلك یدل علی اختصاص هذا الاسم بهذه الخاصیة الشریفة ۔(51)" بے شک کلمہ شہادت ایسا کلمہ ہے کہ جس کے سبب سے ایک کافر کفر سے اسلام میں منتقل ہو جاتا ہے (پھر) اس کلمہ میں سے اس اسم کے سوا کچھ بھی حاصل نہیں کر سکتا۔ پس اگر کبھی ایسا ہو کہ کوئی کافر کہے کہ رحیم کے سوا یا مالک کے سوا یا قدوس کے سوا کوئی الہ نہیں (حالانکہ یہ اسماء الحسنٰی ہیں) تو کبھی بھی کفر سے خارج ہو کر اسلام میں داخل نہیں ہو سکتا جب تک کہ یہ نہ کہے کہ میں سچے دل سے گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں۔ تو یقیناً وہ کفر سے خارج ہو کر اسلام میں داخل ہو جائے گا۔ پس یہ اس اسم کے اس خاصۂ شریفہ کے ساتھ اختصاص پر دلیل ہے"

ابو اللیث نصر بن محمد السمر قندی لفظ اللہ کی لغوی جنسی تغلیط ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

وقوله (الله) هو اسم موضوع لیس له اشتقاق وهو اجل من ان یذكر له الاشتقاق وهو قول الكسائی قال ابو اللیث هكذا سمعت ابا جعفر یقول روی عن محمد بن الحسن انه قال هو اسم موضوع لیس له اشتقاق۔(52)" امام کسائی کا قول ہے کہ اللہ کا اسم موضوع ہی ہے اس کا کوئی اشتقاق نہیں لہٰذا بہتر یہی کہ اس کے لیے کسی اشتقاق کا ذکر نہ کیا جائے اسی طرح امام ابو اللیث کا قول ہے کہ اللہ کا اسم موضوع ہی ہے لہٰذا اس کا کوئی لغوی اشتقاق نہیں"

امام ابو محمد حسین البغوی لکھتے ہیں:۔

قوله تعالیٰ (الله) قال الخلیل وجماعت وهو اسم العَلَمْ خاص لله تعالیٰ لا اشتقاق له كاسماء العلام للعباد مثل زید وعمرو۔(53)"

اللہ تعالیٰ کے قول کے بارے میں امام خلیل اور دوسری جماعت کہتی ہے اللہ تعالیٰ کے لیے خاص اسم عَلَمْ ہے جس کا لغوی اشتقاق نہیں جیسے انسانوں کے اسماء ہیں زید و عمرو وغیرہ"

امام عزالدین بن عبدالعزیز الشافعی لکھتے ہیں:

(الله) اخص اسماء الرب لم یتسم به غیره (هَلْ تَعْلَمُ لهُ سَمِیًّا) (مریم19:65) تسمی باسمه ،او شبیها ۔ابو حنیفة:(هو اسم اعظم) وهو عَلَمْ اذلابدللذات من اسم علم یتبعه اسماء الصفات۔(54)

"اللہ رب کے اسماء میں سے خاص اسم ہے جس سے دوسرا کوئی موسوم نہیں ہو سکتا۔۔۔اسی اسم سے یہ موسوم ہے۔۔۔ابو حنیفہ کے بقول اللہ اسم اعظم ہے اور وہ اسم عَلَمْ ہے اسمعَلَم کے سوا اللہ تعالیٰ کے لیے دوسرا کوئی اسم نہیں جس کی صفات اسکے اسماء کی پیروی کر سکیں"

ابو محمد عبدالحق بن عطیہ الاندلسی لکھتے ہیں:

(الله) ابهر اسماء الله تعالیٰ، واكثرها استعمالاً ،وهو متقدم لسائرها فی اغلب وانما تجیءُ الاخر اوصافاً فقالت فرقةٌ من اهل العلم :هو اسم مرتجل، لا اشتقاق له ،وانما هو اسم موضوع له تبارك وتعالیٰ والالف ،وللام لازمة له ،لا

لتعریف ولا لغیرہ بل ھکذا وضع الاسم۔(55)"اہل علم کے مکاتب فکر میں سے کہتے ہیں کہ اللہ کا اسم مرتجل ہے اس کا کوئی فعلی اشتقاق نہیں ہے اور بے شک اللہ کے لیے یہی اسم موضوع قرار دیا ہے الف ولام اس کے لیے لازمی ہیں یہ لا تعریف اور نہ ہی اس کے کسی غیر کے لیے ہے بلکہ یہ اسی طرح اسم وضع کیا گیا ہے"

امام جمال الدین عبد الرحمٰن الجوزی لکھتے ہیں:۔

انه عَلَمٌ لیس بمشتق وفی عن الخلیل رویتان احدھما ان لیس بمشتق،ولا یجوز حذف الالف واللام منه کما یجوز من الرحمٰن(56)"بے شک اللہ کا اسم عَلَم کسی سے مشتق نہیں امام خلیل اس بارے میں دو روایتیں بیان کرتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ یہ کسی سے مشتق نہیں اور نہ ہی یہ الف اور لام سے حذف کیا گیا ہے جیسے کہ رحمٰن کے لیے جائز ہے"

محمد علی الصابونی لکھتے ہیں:

اللہ اسم عَلَمٌ لذات المقدسة لا یشارکه فی غیرہ قال القرطبی ھذا الاسم اللہ اکبر اسمآ سبحانه واجمعھا وھو اسم للموجود الحق الجامع لصفات الالھیة المنعوت بنعوت الربوبیة ، المنفرد بالوجود الحقیقی لااله الا ھو سبحانه۔(57)"اللہ اسم عَلَم ہستی مقدسہ کے لیے ایسا اسم ہے جس میں دوسرا کوئی شریک نہیں ہو سکتا۔۔۔امام قرطبیؒ فرماتے ہیں اللہ کا یہ اسم اس کے اسمائے کبریٰ میں سے ہے جو تمام اسماء الحسنیٰ کا مجموعہ ہے اور یہ ایسا اسم ہے جس سے اللہ کی علمی موجودگی حقیقی ثابت ہوتی ہے اور یہ تمام الوہی صفات کے لیے جامع ہے جو ربوبیت کے ساتھ منعوت ہے اللہ کی شان حقیقی کی ایسی انفرادیت ہے کہ جس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے لہٰذا وہی ہر طرح کے شرکیہ اسماء سے منزّہ ہے"۔

علامہ سید محمد حسین طباطبائی لکھتے ہیں:

ان لفظ الجلالة اسم للذات الواجب الوجود المستجمع لجمیع صفات الکمال والا فھو علم بالغلبة لم تعمل فیه عنایة غیر ماید علیه مادة اله۔(58)

بے شک لفظ جلالت واجب الوجود ذات کے لئے بطور اسم ہے جس میں جمیع صفات ، کمالات مجتمع ہیں اور یہ علم غلبہ جس میں عنایت کا کوئی عمل دخل نہیں ہے اس طرح الہ کا مادہ اس پر دلالت نہیں کرتا"

امیر المومنین توحید صدوق میں فرماتے ہیں:

اِنَّ قَوْلَكَ اللهُ اَعْظَمُ اسْمٍ مِنْ اَسْمَاءِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ الْاِسْمُ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُسَمّٰی بِهٖ غَیْرُ اللهِ وَلَمْ یَتَّسِمْ بِهٖ مَخْلُوْق(59)

"تمہارا قول" "اللہ" تو یہ اس کے اسماء میں اسم اعظم ہے اور اس اسم سے غیر اللہ کو موسوم نہیں کیا جاتا اور نہ پہلے کسی مخلوق کے لیے یہ استعمال ہوا

صاحب تفسیر الخازن فرماتے ہیں:

*۔ھو اسم علم خاص للہ تعالی تفرد به الباری سبحانه وتعالی لیس بمشتق ولا یشرکه فیه أحد(60)"یہ اسم عَلَمُ ہے جو اللہ کے لیے مختص ہے اور اللہ کی فردانیت پر دلالت کرتا ہے یہ کسی سے مشتق ہے نہ ہی اس میں کوئی اور شریک ہے"

امام رازی لکھتے ہیں اللہ اور رحمٰن اسم خاص ہیں:

لان لفظ اللہ اسم خاص بالباری تعالیٰ لا یسمّٰی به غیرہ مفرداً ولا مضافاً۔والرحمٰن یوصف به غیرہ مضافاً ولا یوصف به مفرداً الا اللہ تعالیٰ(61)" بے شک لفظ اللہ اسم خاص باری تعالیٰ ہے۔اس کے علاوہ کوئی مفرد مضاف موسوم نہیں ہو سکتا اور

اس طرح رحمٰن کے علاوہ بھی کوئی مضاف موصوف نہیں ہو سکتا اور نہ ہی کوئی مفرد اس صفت سے موصوف ہو سکتا ہے"

حمید نسیم لکھتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ ہستی مطلق کا اسم معرفہ یا حقیقی نام ہے سارے کلام الٰہی کی سارے دین کی اساس یہ نام ہے بس یہی اسم اعظم ہے۔۔۔ تمام علمائے اسلام اس امر پر متفق ہیں کہ اطلاق کے اعتبار سے یہ نام صرف اس الٰہ حقیقی سے مختص ہے جس نے عالمین کے وجود کو پیدا کیا۔۔۔ واحد ولا شریک جو اپنی ذات میں تمام حقیقی اور دائمی صفات سے ان کے مقام کمال پر متصف ہے جو ہر عیب و نقص سے کلیۃً مبرا اور منزہ ہے یہ نام اس ذات بے ہمتا اور یگانہ و یکتا کے سوا کسی اور کو دینا صریح شرک ہے اور طاغوت کی انتہا ہے جہاں تک اس لفظ کا لفظ کی حیثیت سے تعلق ہے۔۔۔ اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہ اپنی وضع کے لحاظ سے اسم عَلَمْ ہے جو کسی دوسرے لفظ سے مشتق نہیں یا یہ کہ یہ صفت کا صیغہ ہے اور دوسرے لفظ سے مشتق ہے۔ ایک مقتدر طبقہ یہ کہتا ہے کہ لفظ اللہ ذات مطلق کا عَلَمْ ہے کسی دوسرے لفظ سے مشتق صفت کا صیغہ نہیں۔ اس دعویٰ کی دلیل وہ یہ دیتے ہیں کہ قرآن مجید میں یہ لفظ ہر جگہ موصوف کے طور پر استعمال ہوا ہے دوسرے کسی اسم کے ساتھ بطور صفت کے استعمال نہیں ہوا پس ثابت ہوا کہ یہ اسم ذات اور عَلَمْ ہے صفت نہیں۔ دوسری دلیل اس مکتب فکر کی یہ ہے کہ کلمہ توحید میں "اللہ" کے لفظ کا ذکر اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ یہ لفظ اپنی اصل وضع اور ساخت کے لحاظ سے صرف شان الٰہی کے لیے مخصوص اور بطور عَلَمْ ہے کسی لحاظ سے دوسرا کوئی اس میں شریک نہیں ورنہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) (محمد 47:19) سے توحید کا مقصد حاصل نہیں ہو سکتا خلیل نحوی اور دوسرے بہت سے علماء سلف کے مطابق اللہ اسم عَلَمْ ہے جو غیر مشتق ہے یاد رہے کہ جاہلیہ کے عرب بھی غیر اللہ کو "اللہ" کبھی نہیں کہتے تھے "[62]

اسم اللہ کا عہد جاہلیت میں بطور اسم عَلَمْ استعمال

امام ابو القاسم موسوی لکھتے ہیں:

(اللہ) علم للذات المقدسہ وقد اعرفھا العرب بہ حتی فی الجاھلیۃ۔۔۔وقال سبحانہ: (وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ) (لقمان 31:25) (63) "اللہ شان الٰہی والی مقدس ہستی کا مخصوص اسم ہے اور زمانہ جاہلیت میں بھی عرب ہستی الٰہی کو اسی اسم سے جانتے تھے" اگر مشرکین سے سوال کیا جائے کہ زمین و آسمان کا خالق کون ہے؟ وہ جواب دیتے ہیں کہ زمین و آسمان کو اللہ ہی تخلیق کرنے والا ہے"

علامہ سید محمد حسین طباطبائی لکھتے ہیں:

وقد کان مستعملا دائرا فی الالسن قبل نزول القرآن یعرفہ العرب الجاھلی کما یشعر بہ قولہ تعالیٰ (وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ)(زخرف 43:37)وقولہ(فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ) (انعام ٦-١٣٦) [64] "نزول قرآن سے قبل مختلف زبانوں میں مستعمل رہا ہے جس سے عرب کے جہلاء بھی بخوبی واقف تھے، جیسا اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے پتہ چلتا ہے، اور اگر آپ ﷺ ان سے سوال کریں کہ ان کا خالق کون ہے تو جھٹ کہہ دیں کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے ہی پیدا کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اس قول سے بھی کہ وہ اپنے زعم باطل سے کہتے ہیں کہ یہ حصہ تو اللہ تعالیٰ کا ہے اور یہ ہمارے شرکاء کا "

امام رازی لکھتے ہیں:

هذه ا للفظة عربية اصلية ، والدليل عليه قوله تعالىٰ (وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللهُ) وقال تعالىٰ : (هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا)(۱۹:۶۵) واطبقوا على ان المراد منه لفظة "الله" واما الا كثرون فقد سلموا كونها لفظة عربية اما القائلون بأن هذا اللفظ اسم علم لله تعالىٰ فقد تخلصوا عن هذا المباحث۔[65]

"یہ لفظ (اللہ) خاص اصل عربی میں ہے اور اس پر دلیل باری تعالی کا یہ فرمان ہے کہ 'اور اگر آپ ﷺ ان سے سوال کریں کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے تخلیق کیا؟ تو فوراً کہیں گے کہ بے شک یہ تو اللہ تعالیٰ کی ہی شان ہے' اور فرمایا 'کیا تیرے علم میں اس کے اسم جیسا کسی دوسرے کا مسمّیٰ ہے' اور جو اکثریت (علماء وفضلاء) اسے عربی ادب کا لفظ گردانتے ہیں اور ان میں سے بعض کے نزدیک یہ لفظ اسم علم خاص اللہ تعالیٰ کو زیبا ہے پس یہی اس مباحث کا خلاصہ ہے "

حمید نسیم پھر لکھتے ہیں :-

زمانہ قبل از تاریخ سے عربی زبان اور ادب میں اللہ ہی کے لیے استعمال ہوتا آیا ہے۔ بہر حال اس ساری بحث سے ہمارے لیے حاصل کلام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ واحد لاشریک کا ذاتی نام ہے اسم معرفہ ہے تمام ذات اور صفات کو کاملاً جامع ہے جب مومن اللہ کہتا ہے تو وہ اس کو ذات و صفات کے ساتھ پکارتا ہے۔۔۔ اس ضمن میں یہ قرآنی ہدایت ہمیشہ سامنے رہنی چاہیے کہ تمام اسمائے حسنہ اللہ ہی کو زیبا ہیں اور ہم اسے صرف اس کی صفات سے جان سکتے ہیں"[66]

المختصر: اللہ کا لفظ جامد ہے یہ کسی سے مشتق اور نہ ہی کوئی اس سے مشتق ہے نص لم یلد ولم یولد وارد ہے۔*۔ اللہ ایسی احد ہستی ہے جس کی نہ تثنیہ آتی ہے نہ جمع اور نہ ہی تصغیر۔*۔ اللہ کا لفظ مذکر ہے اس کی تانیث نہیں آتی۔ سیبویہ، خلیل اور دیگر فقہا اصولیین میں سے امام شافعی، خطابی، امام الحرمین اور امام غزالی وغیرہم کے قول کے مطابق لفظ" اللہ" اسم عَلَم غیر مشتق ہے۔ یہ لفظ صرف اللہ کے اسم کے طور پر وضع کیا گیا ہے اور بلا شرکت غیر اسی پر ہی دلالت کرتا ہے نہ یہ کسی لفظ سے ماخوذ ہے اور نہ اس سے کوئی اور۔ گویا یہ لفظ خود بھی لفظی اور معنوی اعتبار سے توحید محض کی دلیل ہے۔*۔ لفظ اللہ اسم اعظم ہے اور الٰہ کی ہستی کے سوا اور کسی کا یہ اسم رکھنا الحاد فی الاسماء ہے۔

فلسفہ الٰہ کے بارے میں قرآنی اسلوب

قرآن کا فلسفہ الٰہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو خالق اور مدبر فی العالمین بھی سمجھا جائے۔ اس لیے کلمہ طیبہ میں اللہ کے ایسے جامع صفاتی اسم کو رکھا گیا ہے جس سے ان دونوں صفات کا اقرار ہو جاتا ہے ورنہ لا خالق الا اللہ ،لا مالك الا اللہ ،لا شافعی الا اللہ،لا کریم الا اللہ بھی ہو سکتا تھا۔ ان کلموں میں اللہ تعالیٰ کی بعض مخصوص صفات کا اظہار تو ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی کامل الوہیت کا اقرار نہیں ہو سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلمے میں ایسے جامع صفاتی اسم الٰہ کا انتخاب کیا ہے جس کے تسلیم کرنے سے تمام صفات کا کامل اقرار ہو جاتا ہے۔ سب سے پہلے اسم اللہ کا لغوی مفہوم پیش ہے۔

"اللہ" اسم عَلَمُ ہے صاحب قاموس کے بقول اصح یہی ہے کہ یہ اسم عَلَم غیر مشتق ہے۔ اسم عَلَمُ سے اللہ کی کسی خاص صفت کا اظہار مقصود نہیں ہوتا بلکہ عَلَمُ سے حقیقت الٰہ کی شان الوہیت مقصود ہے قرآن میں اللہ کا اسم دو ہزار سات سو ایک مرتبہ آیا ہے۔ قرآن میں اسم اللہ کی اس قدر تکرار سے ثابت ہوتا ہے جس قدر اللہ کی شان الوہیت کو قرآن میں متعارف کرایا گیا ہے دوسری کسی الہامی کتاب میں اس قدر متعارف نہیں کرایا گیا ہے۔ تسمیہ میں اسم کے بعد "اللہ رحمٰن" کے اسماء آئے ہیں جو شان الوہیت کے لئے مختص اسم حقیقت کہلاتے ہیں باقی اَلرَّ حےم اسمائے صفت ہے اسم حقیقت تمام صفات کا جامع واکمل مجموعہ ہے جس سے وہ

متصف ہے اصول ہے کہ حقیقت کی صحیح معرفت اس کی صفات کو معلوم کرنے سے ہوتی ہے لھذا لازم ہے تمام صفات و کمالات کا علم حاصل کیا جائے ورنہ اس کی جامع معرفت کا امکان نہیں۔ اسم حقیقت کا وصف ہے کہ یہ جز کی بجائے حقیقت الٰہ کی من حیث الکل حقیقت کو نمایاں کرتا ہے لیکن اسمائے صفات کی خوبی ہے کہ یہ اسم شان حقیقت کی کسی نہ کسی ایک وصف کی حقیقت کو نمایاں کرتے ہیں جیسے قدیر علیم اور رحیم وغیرہ یہ سب اسماء الٰہ کی مختلف اوصاف کی حقیقت کو نمایاں کرتے ہیں ان میں سے کوئی اسم ایسا نہیں جو جمیع صفات الوہیت کی حقیقت کو نمایاں کر سکے۔

ا۔" اللہ" ہی ایک ایسا اسم ہے جس کی حقیقت کلیۃً ایسی ہے جو جامع اسماء الحسنیٰ کی حقیقت سے متصف و مستحق ہے۔

۲۔اللہ کی ہستی کسی ایک یا چند اوصاف کی حامل نہیں بلکہ کلی وہ اوصاف حسنہ کی حقیقت کو نمایاں کرتی ہے۔

المختصر اسم حقیقت اسے کہتے ہیں جس پر اس کے ہر اوصاف کا اطلاق ہو سکے صفاتی اسم وہ ہوتا ہے جو صرف ایک وصف کی ترجمانی کرے جیسے رحیم کا معنی رحمت کرنے والا ہے اس کا معنی رزاق نہیں ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ جو اسم حقیقت ہے اس کے کافی صفاتی اسماء الحسنیٰ قرآن میں بیان ہوئے ہیں۔ اکثر ائمہ لغت و مفسرین اور اہل قرآن نے لفظ اللہ کے مختلف لغوی اشتقاقات نکالے ہیں جس سے کسی ایک ہی صفاتی پہلو کا اظہار ہوتا ہے جیسے صفت رزاقیت و عبودیت یہ ایسی فکر ہے جس سے اللہ کی شان الوہیت کی تحدید اور وہ ازلی وابدی الٰہ ثابت نہیں ہوتا حالانکہ (لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ) (۳: ۱۱۲۔ ۴) کی نص قطعی موجود ہے کہ لفظ اللہ سے کوئی شے مشتق نہیں ہو سکتی۔ ائمہ محققین و مفسرین لکھتے ہیں کہ اگر الٰہ کا لغوی وجودی معنی معبود کیا جائے تو الٰہ ازلی ثابت نہ ہو گا۔

اس لحاظ سے علماء کے تین مکاتب فکر

*۔پہلا مکتب فکر کے بقول: الٰا لٰہ مخصوص ہے الٰہ شان الوہیت والی ہستی کے لیے۔ دوسرے مکتب فکر کے بقول الٰہ جب مضاف واقع ہو تو غیر اللہ پر بھی بولا جاتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے سامری سے فرمایا (وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا) (طہ۹۷: ۲۰) "اے سامری اپنے الٰہ کی طرف دیکھ جس کی عبادت پر تو جما بیٹھا تھا" *۔یہی لفظ اللہ تعالیٰ کے لیے بھی بولا گیا ہے (اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ) (طہ۹۸: ۲۰) "تم انسانوں کا حقیقی الٰہ تو صرف اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے" اسی طرح جب الٰہ نکرہ واقعہ ہو تب غیر اللہ پر بولا جاتا ہے جیسا کہ سمندر پار ہو کر بنی اسرائیل نے کئی انسانوں کو بت پرستی کرتے ہوئے دیکھا تو موسیٰ علیہ السلام سے کہا (يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ) (اعراف۱۳۸: ۷) "اے موسیٰ علیہ السلام تو ہمارے لیے الٰہ بنا دے جیسے کہ انہوں نے اپنے الٰہ بنائے ہیں" موسیٰ علیہ السلام نے انہیں اس بے ہودہ سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا (اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ) (اعراف۱۴۰: ۷) "کیا اللہ کو چھوڑ کر میں تمہارے لیے کوئی اور الٰہ تلاش کروں حالانکہ تمہیں اس نے اس زمانہ میں جملہ اقوام عالم پر فضیلت عطا فرما رکھی ہے"

امام رازی الٰہ کا غیر اللہ پر اطلاق کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

واما الذين كانوا يطلقون اسم الاله على غير الله فانما كانوا يذكرونه بالا ضافة كما يقال اله كذا او ينكرونه فيقولون: اله كما قال الله تعالىٰ خبرا عن قوم موسىٰ (اَجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ) (۶۷)

"امام رازی لکھتے ہیں کہ وہ جو اسم الٰہ کا غیر اللہ پر اطلاق کرتے ہیں وہ اضافت کے ساتھ تذکرہ کرتے ہیں جیسا کہ الٰہ کہا جاتا ہے یا اس کا انکار کرتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ نے قوم موسیٰ علیہ السلام کی خبر بیان کی ہے۔ اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے الٰہ بنا دے جیسا کہ انہوں نے الٰہ بنائے بے شک تم جاہل قوم ہو" تیسرے مکتب فکر کے نزدیک اصل میں صرف

"ہ" ضمیر واحد مذکر غائب ہے عربوں کا ذہن عقلی طور پر اسی ہستی کی طرف جاتا ہے کیونکہ ان کو اس بات کا علم تھا کہ صرف وہی ایک ہستی حاضر فی الذہن خالق و مالک و رازق و متصرف و مدبر نظام عالم ہے اس لیے انہوں نے "ہ" ضمیر سے پہلے لام حرف "جر" لگایا جو تملیک پر دلالت کرتا ہے اس طرح "ہ" سے "لہ" بن گیا اور مطلب یہ ہوا کہ سب کا مالک وہی ایک ہے۔ایک جرمن دانشور کا خیال ہے کہ عربی کا الٰہ اور عبرانی کا ایل دونوں بہت قدیم زمانے سے چلے آرہے ہیں "صاحب قاموس کی نگاہ میں صحیح تو یہ ہے کہ یہ علم غیر مشتق ہے عہد جاہلیت کے بت پرست معاشرے میں بھی یہ لفظ عربوں میں اللہ کے لیے رائج تھا عرب اپنی دستاویزوں کا آغاز "بسمك اللہ" سے کرتے تھے" (۶۸)

" صلح حدیبیہ کے موقع پر جب محمد ﷺ صلح نامہ لکھواتے ہوئے علی ابن ابی طالب سے کہا کہ بسملہ لکھو تو مشرکین کے نمائندے سہیل نے کہا کہ ہم اس جملہ کو نہیں جانتے تم "بسمك اللہ" "لکھو" (۶۹) "اللہم" درحقیقت" یااللہ" ہے۔۔۔اس کے علاوہ قرآن نے بھی اس حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مشرکین اللہ کے لیے یہی لفظ استعمال کرتے تھے اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان و زمین کو کس نے خلق کیا تو وہ کہیں گے کہ اللہ نے (۳۰: ۲۵) جنھوں نے لفظ اللہ کو غیر مشتق، جامد اور مرتجل قرار دیا ہے ان کے پاس قابل ذکر دلیلیں موجود ہیں" (۷۰) جن کی تفصیل پہلے آچکی ہے۔اس سے ثابت ہوا لغوی تاویلی اسلوب محدود ہے۔اس سے الٰہ ازلی و ابدی ثابت نہیں ہوتا۔یہ صرف ایک جزوی پہلو کو بیان کرتا ہے۔پرویز اور دوسرے اہل قرآن نے الٰہ کو لغوی و جزوی اسلوب میں پیش کیا ہے۔الٰہ کے لغوی معنی بیان کئے ہیں جن کی تفصیل پہلے بیان ہو چکی ہے۔اجمالاً۔قانون۔قانون خداوندی۔ صفات خداوندی ۔ نظام خداوندی ،قرآنی معاشرہ۔صاحب اقتدار۔حاکم ۔ حاکمیت ۔معبود۔ با اختیار۔صاحب اختیار وغیرہ۔ لھذا الٰہ کو جامع اسم کے طور پر استعمال کرنا چاہئے۔جس کا طرف ائمہ محققین نے رہنمائی کی ہے۔ورنہ توحید کی بجائے وحدت ادیان کا نظریہ ثابت ہوتا ہے۔یہی عینیتی اسلوب ہے۔ان اصطلاحات میں قدرے مشترک بات یہ ہے اللہ تعالیٰ قوانین کا پابند ہے یہ ایسی الحادی فکر ہے جس سے اللہ تعالیٰ فاعل مختار ثابت نہیں ہوتا۔جبکہ اللہ تعالیٰ تخلیق اور تدبیر عالمین میں فاعل مختار ہے۔وہ نہ قانون ہے اور نہ ہی کسی غیر کے قانون کا پابند ہے۔

حواشی و حوالہ جات

۱۔ غلام احمد پرویز، مطالب الفرقان، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵بی گلبرگ، لاہور، ص ۲

۲۔ ماہنامہ طلوع اسلام، جولائی 2007ء، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵بی گلبرگ، لاہور، ص ۳۷

۳۔ غلام احمد پرویز، لغات القرآن، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵بی گلبرگ، لاہور، دسمبر ۱۹۸۷ء، ج ۲، ص ۹۰۴

۴۔ نفس المرجع، ص ۹۰۴

۵۔ نفس المرجع، ص ۹۰۴

۶۔ غلام احمد پرویز، معارف، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵بی گلبرگ، لاہور، ص 207۴

۷۔ ماہنامہ طلوع اسلام ادارہ طلوع اسلام، ۲۵بی گلبرگ، لاہور، جولائی ۲۰۰۷ء، ص ۳۸

۸۔ نفس المرجع، ص ۵۴

۹۔ نفس المرجع، ص ۴۸۔۴۹

۱۰۔ نفس المرجع، ص ۴۹

۱۱۔ امام فخر الدین الرازی، مفاتیح الغیب، طبع بمصر، ص ۱۶۳

۱۲۔ ادارہ بلاغ القرآن، تفسیر القرآن بالقرآن، ۱۱۰۔این سمن آباد لاہور، ج ۲، ص ۵۶۔۵۸

۱۳۔ نفس المرجع، ج ۲، ص۵۶۔۵۸

۱۴۔ نفس المرجع، ج ۱، دیباچہ، ص ۵۷

۱۵۔ غلام احمد پرویز، قرآنی نظام ربوبیت، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵ بی گلبرگ، لاہور ص ۱۱۷

۱۶۔ نفس المرجع، ص ۱۸۰

۱۷۔ نفس المرجع، ص۱۱۸

۱۸۔ نفس المرجع، ص ۱۲۵

۱۹۔ نفس المرجع، ص ۱۸۵

۲۰۔ نفس المرجع، ص ۱۷۵

۲۱۔ نفس المرجع، ص ۴۶

۲۲۔ غلام احمد پرویز، مفہوم القرآن، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵ بی گلبرگ، لاہور، ص ۱

۲۳۔ سلیم کے نام بارہواں خط، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵ بی گلبرگ، لاہور، ص ۱۹۴

۲۴۔ قرآنی نظام ربوبیت، ادارہ طلوع اسلام، ۲۵ بی گلبرگ، لاہور، ص ۱۱۶

۲۵۔ نفس المرجع، ص ۱۰۲

۲۶۔ نفس المرجع، ص ۲

۲۷۔ محمد قاسم نوری، قرآن کیا کہتا ہے؟ حزب المسلمین، ۱۲۹، ڈی ماڈل ٹاؤن لاہور، ص ۱۴

۲۸۔ نفس المرجع، ص۳۱

۲۹۔ نفس المرجع ص ۱۳

۳۰۔ ڈاکٹر مفکر احمد، قرآن کی معنوی تحریف قرآن کے نام پر، القدس پبلیکیشنز ۵۵ بی چیمبرلین روڈ لاہور، ص ۹۱

۳۱۔ زمخشری، جاداللہ محمود بن عمر، امام، الکشاف۔۔ فی وجوہ التاویل، دار الکتاب العربی بیروت، لبنان ج ۱، ص ۶

۳۲۔ البیضاوی، ناصر الدین ابی الخیر، انوار التنزیل واسرار التاویل، مصطفٰی البابی الحلبی طبع، بمصر ج ۱، ص ۴

۳۳۔ العمادی، ابی السعود محمد بن محمد، قاضی، التفسیر ابی السعود، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان، ۱۹۹۹م ج ۱، ص ۱۷

۳۴۔ نفس المرجع، ج ۱، ص ۱۷

۳۵۔ ابن الجوزی، جمال الدین عبدالرحمٰن، زادالمسیر فی علم تفسیر،، بیروت لبنان، طبع اولی، ۲۰۰۳، ص ۳۲

۳۶۔ الصابونی، محمد علی، صفوۃ التفاسیر، دار احسان تہران، ایران، س ن، ج ۱، ص ۲۸

۳۷۔ القاسمی، محمد جمال الدین، الامام، تفسیر القاسمی، دار الکتب العلمیۃ، بیروت لبنان، ج ۱، ص ۲۲۴

۳۸۔ الشاب الدین بن یوسف الامام، الدرر المصون فی علوم الکتاب المکنون، بیروت لبنان، ۱۹۹۴ء طبع اولی، ج ۱، ص ۵۶

۳۹۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج ۱، ص ۱۶۳

۴۰۔ القرطبی، ابو عبداللہ محمد بن احمد الانصاری، الجامع لاحکام القرآن، طبع دار الکتب المصریہ، السعودیہ، ۱۹۸۰م، ص ۱۰۳

۴۱۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج ۱، ص ۱۵۸

۴۲۔ تفسیر ابی السعود، ج ۱، ص ۱۸

۴۳۔ حمید نسیم، تعارف القرآن، فضلی سنز لمیٹڈ اردو بازار، کراچی، ص ۱۷

۴۴۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج ۱، ص ۱۵۸

۴۵۔ عبدالعزیز بن عبدالسلام، تفسیر القرآن، دار ابن حزم، ص ۹

۴۶۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج ۱، ص ۶۷

۴۷۔ نفس المرجع، ج۱، ص۱۵۷

۴۸۔ ابو اسماعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی، تفسیر القرآن العظیم، بیروت لبنان، ۲۰۰۴ء، ص ۶۵

۴۹۔ نفس المرجع، ص۶۵

۵۰۔ الموسوی، ابو القاسم، السید، البیان فی تفسیر القرآن، دار الزہراء بیروت لبنان، ۱۹۸۱ء، ص۴۲۵

۵۱۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج۱، ص ۱۶۲

۵۲۔ السمرقندی، نصر بن محمد بن احمد بن ابراہیم، تفسیر السمرقندی، دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان، ۱۹۹۳م، طبع اول، ج۱، ص۷۶

۵۳۔ تفسیر البغوی، طبع دار ابن حزم بیروت لبنان، ۱۴۲۳ھ، طبع اولی، ج۱، ص ۷

۵۴۔ ابو اسماعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی، تفسیر القرآن العظیم، ص۹

۵۵۔ الاندلسی، محمد عبد الحق بن عطیۃ، المحرّر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز، دار ابن حزم، بیروت لبنان، ۱۴۲۳ھ، ص ۳۷

۵۶۔ ابن الجوزی، جمال الدین عبد الرحمن، زاد المسیر فی علم تفسیر،، بیروت لبنان، طبع اولی، ص ۳۲

۵۷۔ الصابونی، محمد علی، صفوۃ التفاسیر، دار احسان تہران، ایران، س ن، ج۱، ص ۲۵

۵۸۔ الطباطبائی، محمد حسین، سید، المیزان فی تفسیر القرآن، ج۱، ایڈیشن سوم، ۱۹۷۳ء، ص۱۸

۵۹۔ تفسیر نور الثقلین، س ن، ج۱، ص ۱۳

۶۰۔ علاؤالدین علیبن محمد بن ابراہیم البغدادی الصوفی المعروف بالخازن، تفسیر الخازن طبع بمصر، ج 2، ص 77، س ن

۶۱۔ محمد بن ابی بکر بن عبد القادر، مسائل الرازی واجوبتہا من غرائب ای التنزیل، تحقیق و تصحیح ابراہیم عطوہ عوض، المکتبۃ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ لاہور ص ۳۳

۶۲۔ حمید نسیم، تعارف القرآن، طبع دہلی، ص۱۷

۶۳۔ الموسوی، ابو القاسم، السید، البیان فی تفسیر القرآن، دار الزہراء بیروت لبنان، ۱۹۸۱ء، ص ۴۲۵

۶۴۔ الطباطبائی، محمد حسین، سید، المیزان فی تفسیر القرآن، ج۱، ایڈیشن سوم، ۱۹۷۳ء، ص۱۸

۶۵۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج۱، ص ۱۶۳

۶۶۔ حمید نسیم، تعارف القرآن، ص۱۷

۶۷۔ امام رازی، مفاتیح الغیب، ج۱، ص ۱۶۳

۶۸۔ تفسیر ابو الفتوح، ج 1، ص ۳۶، طبع بمصر، س ن

۶۹۔ اسوۃ الرسول ج ۳، ص 16، س ن

۷۰۔ طالب جوہری، احسن الحدیث، جامعۃ المنتظر ماڈل ٹاؤن لاہور، ص 7 ۴۴ س ن

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI(AIOU)
ISSN (Print): 1992-855
http://www.aiou.edu.pk/sab/mi/index.asp
www.iri.aiou.edu.pk

علماء تصوف وسلوک کی نصوص دینیہ میں تاویلات کا ایک جائزہ

Interpretation of scriptures by *sufi* scholars; (an analytical view)

***عبدالوہاب جان**
لیکچرار شعبہ عقیدہ و فلسفہ، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

ABSTRACT

In this paper, it has been evaluated that religious scholars of *Islam* has made positive efforts about religious Sufism/spiritualism which has resulted in positively. But some the sects from Muslim *Ummah* have made interpretations of religious texts about their own wish and will. Some of the Sufi saints were also affected by this approach. Therefore, the religious scholars have set some conditions and if the interpretations will not qualify for the set standard conditions, these will be misleading and hence will be rejected.

Key words: interpretations, religious texts, *Sufi* saints, exterior meanings, interior meanings.

تمہید

قرآن کریم کے نزول کے بعد اس کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے خود لی ہے ارشاد بر حق ہے۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ [1]

ہم نے ہی اس قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی اسی حفاظت کی ذمہ داری کا نتیجہ یہ ہے کہ قرآن کریم ہر قسم کی تحریف و تاویل سے پاک ہے، جو سابقہ الہامی کتابوں میں ہوتی رہی۔ لیکن امت کے بعض گمراہ لوگوں نے قرآن کریم کی متشابہ آیات کے معانی کی تفسیر و تاویل کو اپنی مرضی کے مطابق کوشش کی ہے، جس کی قرآن کریم نے تنبیہ کی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ [2]

وہی اللہ تعالیٰ ہے جس نے تجھ پر کتاب اتاری جس میں واضح مضبوط آیتیں ہیں جو اصل کتاب ہے اور بعض متشابہ آیتیں ہیں۔ پس جن کے دلوں میں کجی ہے وہ تو اس کی متشابہ آیتوں کے پیچھے لگ جاتے ہیں، فتنے کی طلب اور ان کی مراد کی جستجو کے لیے، حالاں کہ ان کے حقیقی مراد کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور پختہ و مضبوط علم والے یہی کہتے ہیں کہ ہم تو ان پر ایمان لا چکے، یہ ہمارے رب کی طرف سے ہیں اور نصیحت تو صرف عقل مند حاصل کرتے ہیں۔

محکمات سے مراد وہ آیات ہیں جن میں اوامر و نواہی، احکام و مسائل اور قصص و حکایات ہیں، جن کا مفہوم واضح اور اٹل ہے اور ان کے سمجھنے میں کسی کو اشکال پیش نہیں آتا۔ اس کے بر عکس آیات متشابہات ہیں مثلاً اللہ کی ہستی، قضا و قدر وغیرہ

یعنی ماوراءِ عقل حقائق ہیں جس کی حقیقت سمجھنے سے عقل انسانی قاصر ہو یا ان میں ایسی تاویل کی گنجائش ہو یا کم از کم ایسا ابہام ہو جس سے عوام کو گمراہی میں ڈالنا ممکن ہو۔ اسی لئے آیتِ مذکورہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جن کے دلوں میں کجی ہوتی ہے وہ آیات متشابہات کے پیچھے پڑے رہتے ہیں اور ان کے ذریعے سے فتنے برپا کرتے ہیں۔

صحیح العقیدہ مسلمان محکمات پر عمل کرتے ہیں اور متشابہات کے مفہوم کو بھی محکمات کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کرتا ہے کیوں کہ قرآن نے انہی کو "اصل کتاب" قرار دیا ہے جس سے وہ فتنے سے بھی محفوظ رہتا ہے اور عقائد کی گمراہی سے بھی۔ اس سلسلے میں صوفیاء کرام نے بھی قرآن کریم کی بعض آیات کی تفسیر اور تاویل کی ہے اس میں بعض جو اہلِ علم و معرفت ہیں ان کی تاویلات پر اہل سنت والجماعت کے اکثریت علماء معترض نہیں ہیں۔ صوفیاء کی تاویلات اور تفسیر ایک خدمت تو شمار کی جاسکتی ہے لیکن ان کی یہ خدمت تفسیرِ قرآن کی خدمت کے زمرے میں شامل نہیں بلکہ صوفیانہ ذوق اور علم باطن کی وضاحت مقصود تھی۔

نیکلسون[3] کہتے ہیں کہ صوفیاء نے اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے قرآن کریم کی بعض آیات کی تاویل کی ہے اور ان کا یہ دعویٰ ہے کہ قرآن مجید کی ہر آیت کا مخفی اور باطنی معنی ہوتا ہے، جسے اولیاء کے بغیر کوئی نہیں جانتا۔[4]

صوفیاء کے نزدیک ایسی نصوص جس میں تشبیہ ہے۔ ان کے معانی مخفی ہیں اور عام شخص ان کے معانی تک رسائی نہیں رکھتا سوائے اس کے جس کو معرفت الٰہی حاصل ہو۔ اور اس کے حوالے سے عام مؤمنین کے لیے چاہیے کہ ان کے فہم سے عاجز ہونے کے اعتراف کے ساتھ اسکی تصدیق کریں اور ان کو اہلِ معرفت کے حوالہ کردیں۔

امام غزالیؒ تاویل سے توقف کرتے ہیں، فرماتے ہیں جب کوئی حتمی دلیل مجازی معنی پر دلالت کرنے والی نہ ملے مثلاً: قیامت کے دن اعمال کے لیے لفظ (وزن) کا استعمال، تو کیا یہ مقدارِ عمل کی تعرف ہے؟ یا پھر صحیفہ ہیں؟ پس ان میں سے کسی معنی پر کوئی دلیل نہیں پائی جاتی ہے[5].

تاویل کے مسئلے میں ظاہر اور باطن کا اختلاف ہے۔ اہلِ ظاہر اوہام اور گمراہی سے بچنے پر یقین رکھتے ہیں جب کہ اہلِ باطن شریعت کی روح کی خوشبو سے اپنے آپ کو معطر رکھتے ہیں اور ان کی نظریں دین کے گہرے امور پر ہوتی ہیں جس سے اکثر لوگ غافل رہتے ہیں، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اہلِ ظاہر نے علوم شریعہ کی حفاظت کی ہے اور عرق ریزی سے ثقافتی جدوجہد کی ہے اسی طرح اہلِ باطن نے دینی حمیت کو بھی پروان چڑھایا اور نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی زندگی کے روحانی پہلوؤں کو بھی اجاگر کیا، جس سے دین اسلام کی معنوی تقویت ہوئی۔ لیکن ہم کہتے ہیں کہ علم شریعت ایک ہی ہے۔ یہ ایک ایسا اسم ہے جو دو معنوں کو جمع کرتا ہے یعنی روایت اور درایت، جب یہ دونوں جمع ہو جاتے ہیں تو یہ علم شریعت کہلاتا ہے اور یہ ظاہری اور باطنی اعمال کی طرف ایک دعوت ہے۔

اعمال ظاہرہ کیا ہوتے ہیں؟ یہ وہ اعمال ہیں جو اعضاء ظاہرہ سے صادر ہوتے ہیں جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، جہاد اور اسی طرح احکام جیسے حدود، طلاق اور میراث وغیرہ جب کہ باطنی اعمال وہ اعمال ہیں جن کا تعلق دل سے ہو جیسے تصدیقی کیفیت، اخلاص، مقامات اور احوال وغیرہ۔ ظاہری اور باطنی اعمال پر عمل کرنے کے لیے ایک علم اور فقہ ہوتا ہے۔ اسکے لیے ایک بیان اور فہم ہے اور ان میں سے ہر ایک کی درستگی پر آیات اور احادیث دلالت کرتی ہیں۔ اسی وجہ سے باطنی معنی کے صحیح ہونے کے لیے علماء نے دو بنیادی شرطیں رکھی ہیں:

ا۔ عربی زبان کے جو ظاہری تقاضے ہوں اس کو پورا کرے اور عربیت کے مقاصد کے مطابق ہو۔

ب۔ اس پر کوئی عام نقلی اور عقلی دلیل موجود ہو، جو ظاہری طور پر بغیر کسی تضاد کے اس کی صحت پر دلالت کرے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً [6]

اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر دی ہیں۔

ظاہری نعمت یہ ہے کہ جس کا ادراک عقل، حواس وغیرہ سے ممکن ہو اور باطنی نعمت وہ ہے جس کا ادراک واحساس انسان کو نہیں، یہ دونوں قسم کی نعمتیں اتنی ہیں کہ انسان ان کو شمار بھی نہیں کر سکتا۔ بالفاظ دیگر ظاہری نعمت یہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ظاہری اعضاء پر نیک اعمال اور اطاعت کی وجہ سے بطور انعام توفیق دی ہے جبکہ باطنی نعمت وہ ہے جس کا اللہ رب العزت نے دل میں تصدیق اور احوال و مقامات کی صورت میں انعام کیا ہے۔

صوفیاء کے مشہور عالم امام طوس [7] سے ایک قابل قدر قول منقول ہے، کہتے ہیں کہ:

"ظاہر، باطن سے مستغنی نہیں ہے اور نہ ہی باطن ظاہر سے۔" [8]

کیوں کہ اسلام میں اہلِ باطن اور اہلِ ظاہر کا کوئی وجود نہیں، بلکہ اسلام ظاہر اور باطن کے اجتماع کا نام ہے اس لئے تنبیہ کے طور پر اللہ تعالیٰ نے سنت کو مضبوطی سے تھامنے کا حکم کیا ہے، اور راسخ العقیدہ علماء جو نصوص سے استنباط کی قدرت اور طاقت رکھتے ہوں سے رہنمائی کا ارشاد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ [9]

اگر یہ لوگ اسے رسول اللہ ﷺ کے اور اپنے میں سے ایسی باتوں کی تہہ تک پہنچنے والوں کے حوالے کر دیتے تو اس کی حقیقت وہ لوگ معلوم کر لیتے جو نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔

صوفیاء کے نصوص کے کچھ تاویلات کا ایک جائزہ

صوفیاء کے کچھ تاویلات بطور نمونہ درج ذیل سطور میں پیش کر رہے ہیں:

1: مذکورہ بالا آیت کریمہ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ طوسی استنباط کے معنی کو ظاہر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"علم مستنبط علم باطن ہے اور یہ اہلِ تصوف کا علم ہے کیوں کہ وہی قرآن وحدیث وغیرہ سے استنباط کر سکتے ہیں"۔ [10]

علامہ طوسی کے "علم مستنبط علم باطن ہی ہے"، سے اختلاف ممکن ہے کیوں کہ احکام فقہیہ کو اخذ کرنا ہی استنباط کہلاتا ہے اور طوسی صاحب جو کہتے ہیں اس نے کوئی دلیل بھی پیش نہیں کی ہے، نہ لغت سے اور نہ کوئی عام نص دینی سے اور نہ عقل سے۔

2۔ علامہ کاشانی [11] کی تاویل:

کاشانی صاحب نے ان آیت کریمہ کی تاویل اپنے صوفیانہ مذاق کے مطابق کی ہے:

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ (13) إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُمْ مُرْسَلُونَ (14) قَالُوا مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَمَا أَنْزَلَ الرَّحْمَنُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ (15) قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ (16) وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ [12]

ترجمہ: آپ ان کے سامنے ایک مثال (یعنی ایک) بستی والوں کی مثال (اس وقت کا) بیان کیجیے جب کہ اس بستی میں (کئی) رسول آئے جب ہم نے ان کے پاس دو کو بھیجا سو ان لوگوں نے (اول) دونوں کو جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے تائید کی، سو ان تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں ان لوگوں نے کہا کہ تم تو ہماری طرح معمولی آدمی ہو اور رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی تم نرالے جھوٹ بولتے ہو، ان رسولوں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ بے شک ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں اور ہماری ذمہ تو صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔

پس یہ آیات اپنے ظاہری معنی پر محمول ہیں، یہ بطور عبرت اتری ہیں اور ان میں اصحاب قریہ کی خطاؤں اور گمراہیوں کی خبریں ہیں اور ان میں تین رسولوں کا بھی ذکر ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف بھیجا اور ان لوگوں نے ان رسولوں کو جھٹلایا، لیکن بعض اہلِ تصوف جیسا کہ کاشانی صاحب وغیرہ کا گمان ہے کہ ان کے معنی خفی اور پوشیدہ ہیں ان کے نزدیک قریہ کا معنی جسم ہے اور جو تین رسولوں کا ذکر ہے ان سے مراد روح، عقل اور دل ہیں، یہ تاویل بالکل ناقابل قبول ہے کیوں کہ یہ مجازی تاویل ہے، نہ اس پر کوئی دلیل ہے اور نہ ہی کوئی قرینہ۔

3۔ بعض صوفیاء جو کہ اہل معرفت ہوتے ہیں اور وہ علم شریعت اور طریقت دونوں سے باخبر ہوتے ہیں ان کا قرآن کریم کے ساتھ ایک خاص اہتمام رہا ہے جیسے ابوطالب المکی[13] فرماتے ہیں کہ:

"لایکون المرید مریدا، حتی یجد فی القرآن کل ما یرید۔"

"مرید اس وقت صحیح مرید نہیں بن سکتا جب تک وہ اپنی چاہت کو قرآن کریم میں نہ پائے۔"[14]

جو مقبول تاویلات ہیں ان میں سے سہل تستری 15 کی یہ تاویل علماء نے قبول کی ہے مثلاً اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے بارے میں بتاتا ہے کہ:

فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ[16]

پس کسی کو خدا کا ہمسر نہ بناؤ اور تم جانتے ہو۔

سہل تستری کے مطابق (انداداً) سے مراد (اضداد) مخالف/دشمن ہیں۔ اور بڑے اضداد نفس امّارہ ہے جو برائی کی طرف راغب کرتا ہے۔ تو یہ تاویل قابل قبول ہے کیوں کہ اگر اس کی تفصیل بیان کریں تو معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کا شریک نہ بناؤ نہ بتوں کو، نہ شیاطین کو، نہ ہی نفس کو وغیرہ وغیرہ۔ باوجودیکہ نفس کی پوجا نہیں کی جاتی لیکن اطاعت کی جاتی ہے اور بات مانی جاتی ہے۔ پس ممکن ہے کہ اس تفسیر کی درستگی پر علماء کا اظہارِ اطمینان ہو۔

4۔ جو غلط تاویلات ہیں ان میں سے ابن الجوزی[17] نے چند جمع کی ہیں جو مندرجہ ذیل سطور میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں:

ا۔ ارشاد باری تعالیٰ:

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسَى[18]

ہم تجھے پڑھائیں گے پھر تو نہ بھولے گا۔

حضرت جبریل علیہ السلام وحی لے کر آتے تو آپ ﷺ اسے جلدی جلدی پڑھتے تاکہ بھول نہ جائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس طرح جلدی نہ کریں نازل شدہ وحی ہم آپ کو پڑھوائیں گے پس آپ اسے بھولیں گے نہیں، لیکن جنید بغدادی[19] صاحب نے اس کی ایک اور تاویل کی ہے کہ "اس پر عمل کرنا نہ بھولیں گے"، ابن الجوزی اس پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ تفسیر صحیح نہیں ہے کیوں کہ جنید صاحب نے اس کو "نہی" مراد لئے ہیں حالاں کہ یہ "خبر" کے معنی میں ہیں جس کے معنی بنتے ہیں "فما تنسی" "تو نہ بھولے گا، آپ کی یہ تفسیر مفسرین کے اجماع کے خلاف ہے۔[20]

ب۔ ابن الجوزی سورت فاتحہ کی تاویلات کرنے والوں پر رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ عبدالرحمن السلمی[21] نے حقائق التفسیر نامی دو جلدوں پر مشتمل قرآن کریم کی تفسیر کی ہے۔ جو زیادہ تر اباطیل پر مشتمل ہے اور صحیح سمت پر نہیں ہے سورت فاتحہ کے بارے میں کہتے ہیں: "کہ اس کو فاتحۃ الکتاب اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ اس سے ہمارے خطاب کی ابتداء ہے اگر تم نے اس کے ساتھ ادب سے کام نہ لیا تو اس کے بعد کے لطائف سے محروم رہے گا۔"

ابن الجوزی اس پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ بہت نامناسب تفسیر ہے کیوں کہ مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سورۃ فاتحہ پہلی نازل شدہ سورت نہیں۔[22]

ج۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :

وَمَنۡ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا[23]

جو اس میں داخل ہو گا امن والا ہو گا۔

نوری[24] اس کا کوئی اور تاویل کرتے ہیں کہتے ہیں "کہ جو اپنے آپ کو یعنی اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور شیطانی وساوس سے بچے"، اس پر ابن الجوزی رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس میں انتہائی قباحت ہے کیوں کہ آیت کا جو لفظ ہے وہ خبر کے معنی میں ہے اور اس کا مطلب (مقدار ہے) مطلب یہ ہے کہ جو بھی حرم میں داخل ہوا اس کو امن ہے دوسری بات یہ ہے کہ حرم میں کتنے لوگ داخل ہوتے ہیں، نہ ہی وہ ہوا جس سے پاک ہوتے ہیں اور نہ ہی وہ وساوس سے مامون ہوتے ہیں۔[25]

5۔ جس طرح صوفیاء نے قرآن کریم کی آیات میں تاویلات کی ہیں۔ اس طرح احادیث مبارکہ کے ساتھ بھی یہی وتیرہ رہا ہے، انہوں نے اپنی مزاج کے مطابق تاویلات کی ہیں مثلا:

ا۔ بعض صوفیاء نے تو حدیث کے معاملے میں بہت لاپرواہی کی ہے، جیسے ابو تراب النخشبی[26] سے روایت کی جاتی ہے کہ اس نے امام احمد بن حنبلؒ سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ فلاں راوی ضعیف ہے اور فلاں ثقہ ہے تو ابو تراب نے کہا اے شیخ ! علماء کی غیبت نہ کیا کرو، اس کی طرف امام احمد متوجہ ہوا اور فرمایا ! " تجھ پر افسوس ہے یہ نصیحت ہے غیبت نہیں .

امام احمد اس کا سخت لہجے میں مذمت بھی کر سکتے تھے لیکن وہ اس وقت کے اکابر علماء میں سے تھے اس لئے بردباری سے علمی جواب دیا۔

ب۔ عبدالرحمان بن ابی حاتم[27] ایک مرتبہ شاگردوں کو جرح و تعدیل کے بارے میں پڑھا رہے تھے اور بعض راویوں کے بارے میں ثقہ اور عدم ثقہ کی پہچان کروا رہے تھے کہ مجلس میں بیٹھے ہوئے ایک صوفی (ابو یوسف بن الحسین[28] بیٹھا ہوا تھا) نے کہا اے استاذ ! مجھے آپ پر بہت افسوس ہوا کہ ان بزرگوں نے سو سال یا دو سو سال جنت کا سفر طے کیا اور آپ ان کے روئے زمین پر تحقیر اور غیبت کر رہے ہیں۔ لیکن یہ عجیب بات ہے کہ ابو حاتم اس صوفی سے کچھ آگے نکلا، روتے ہوئے جواب دیا کہ اے ابو یعقوب ! اگر میں آپ کی یہ بات اس کتاب کی تصنیف سے پہلے سن لیتا تو میں اس کو کبھی نہ لکھتا۔

اس قسم کی تاویلات صوفیاء کی شریعت کی ناسمجھی اور کم علمی پر دلالت ہے اور اس پر مستزاد یہ کہ علم جرح و تعدیل کی اہمیت کا ان کو پتہ نہیں کہ اس علم نے حدیث کی کتنی خدمت کی ہے۔

6۔ اس طرح کی تاویلات صوفیاء نے توحید کے باب میں بھی بہت کی ہیں :

ایک دن شبلی[29] سے ایک نوجوان نے پوچھا۔ اے ابو بکر ! آپ "اللہ" کیوں کہتے ہیں اور "لا الہ الا اللہ" نہیں کہتے ؟ تو اس نے جواب دیا مجھے شرم آتی ہے کہ میں نفی کے بعد اثبات کا ذکر کروں۔ نوجوان نے کہا میں اس سے زیادہ مضبوط دلیل چاہتا ہوں اس نے کہا، مجھے ڈر لگتا ہے کہ کلمہ وجود کی موجودگی پر میری پکڑ ہو حالاں کہ کلمہ اقرار کی کوئی اصل نہیں۔

ابن الجوزی امام شبلی کے اس موقف پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہیں کہ اس علم کی گہرائی کو دیکھو کہ نبی کریم ﷺ لا الہ الا اللہ پڑھنے کی ترغیب فرمایا کرتے تھے۔ روایات میں ہے کہ نبی کریم ﷺ ہر نماز کے بعد یہ کہتے تھے۔ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ"

7۔ ابن تیمیہ نے بھی صوفیاء کی طرح تاویلات کی ہیں۔ لیکن اس کی تاویل میں ایک گہرا فہم اور شریعت کے مقاصد کو سامنے رکھ کر کی ہے ابن القیم الجوزیہ فرماتے ہیں :

"کہ میں نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ سے سنا ہے کہ (ایاك نعبد) ریا کا خاتمہ کرتا ہے اور (ایاك نستعین) تکبر کا". [30]

ابن القیم اس پر لکھتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب ایاک نعبد سے ریا اور ایاک نستعین سے تکبر کی بیماری سے شفا مل جاتی ہے اس طرح اھدنا الصراط المستقیم سے جہالت اور گمراہی کی بیماری سے نجات مل جاتی ہے تو عافیت کا لباس پہن کر انعام یافتہ لوگوں میں شامل ہو جاتے ہیں اور مفسدین کے گروہ سے نکل جاتے ہیں۔

جب صوفی زہد، تقویٰ اور ہر حالت میں اور ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہو جو کہ یہ شیوہ پیغمبروں اور ان کے اصحاب اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ہے تو جب یہ لوگ قرآن کریم کی آیات کی تاویلات کرتے ہیں تو ان پر کچھ مخفی علوم و اشارات وارد ہوتے ہیں جو اس کی تفسیر میں اس کا اظہار کرتے ہیں، اس کی تائید رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے علم اور فیض سے اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے عطا فرماتے ہیں، حدیث میں آتا ہے

اتقوا فراسة المؤمن فانه ينظر بنور الله[31]

مومن کی فراست سے بچو کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد:

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِينَ[32]

بلا شبہ بصیرت والوں کے لیے اس میں بہت سے نشانیاں ہیں.

سچی فراست ہی سے اللہ تعالیٰ اپنے منتخب بندوں کو اپنے علم سے نوازتے ہیں کیوں کہ یہ ایمان کے مقامات میں سے ہے، اس معنی میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں:

اہلِ ایمان پر دنیاوی اور کائناتی امور منکشف ہو جاتے ہیں جیسے کائنات میں حوادث کا علم، اس طرح دینی امور میں بھی جیسے شرعی علوم، اس میں فراست، الہام اور سمجھ بوجھ وغیرہ داخل ہوتے ہیں جس کو کشف کا نام دیا جاتا ہے۔[33]

تاویل کی شرائط و ضوابط

درجہ بالا حقائق کی روشنی میں علماء نے نصوص کی تاویل کے لیے چند شرائط و ضوابط مقرر کی ہیں تاکہ تاویلات کی گمراہی سے بچ جائیں، یہ شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ جس نص کی تاویل کرنی مقصود ہو وہ عربی لغت کے ظاہری الفاظ سے متصادم نہ ہو۔ کیوں کہ نصوص ساری عربی زبان میں ہی میں نازل ہوئی ہیں، امام فخر الدین رازیؒ فرماتے ہیں "کہ قرآن کریم عربوں کی زبان میں نازل ہوا ہے۔ اس لیے عربوں کی زبان اور قواعد سے ہٹ کر قرآن کی تشریح جائز نہیں"۔[34]

2۔ کوئی بھی تاویل دیگر نصوص شریعہ کی متضاد نہ ہو۔

3۔ کوئی بھی تاویل نص قرآنی کے ظاہری معنی سے ہٹ کر نہ ہو۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ظاہری الفاظ کے مفہوم پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور اس ظاہری معنی سے اگر نکل جائے تو باطل آراء میں پڑنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اور نفس پرست اور اہلِ باطل کے لیے قرآن کریم میں تحریف اور تبدیلی کے لیے دروازے کھل جائیں گے۔

4۔ کوئی بھی تاویل باطنی فرقوں کی تاویلات سے متفق نہ ہو یا ان کے طریقہ پر نہ ہو۔

مندرجہ بالا شرائط سے ہٹ کر تاویل کرنا باطنی فرقوں کا شیوہ ہوتا ہے جو کبھی کبھی نص کے ظاہری معنی کو موخر کرکے باطنی معنی کو مقدم کرتے ہیں جس سے لغت اور شریعت کے حدود کو پار کیا جاتا ہے۔

خلاصہ بحث

محقق اس نتیجہ پر پہنچ گیا کہ تاویل کی دو قسمیں ہیں:

1۔ ایک تاویل دین اور اعتقاد میں فساد اور فتنہ کے لیے ہوتی ہے یہ ان لوگوں کا طریقہ کار ہونا ہے جو خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں ان کا طریقہ کار نصوص کے ساتھ یہ ہوتا ہے کہ وہ محکمات کو چھوڑتے ہیں اور متشابہات کے پیچھے لگ جاتے ہیں اور اپنے عقائد اور خواہشات کے مطابق تاویل کرتے ہیں۔

2۔ دوسرے قسم کی تاویل اہل علم اور باکمال لوگوں کی ہوتی ہے جو علوم الٰہیہ میں مہارت رکھتے ہوں، اور ہدایت یافتہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے راسخ العقیدہ علماء ہوتے ہیں۔ نصوص میں ان کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ وہ محکمات کو بنیادی حیثیت دیتے ہیں جب کہ متشابہات کو فروعات میں ثانوی حیثیت کا درجہ دیتے ہیں. اور ان دونوں کا ایک مناسب جوڑ بتاتے ہیں جس سے ان کی تاویل ظاہری نصوص اور معانی سے متصادم نہیں ہوتی۔

اس لئے سورۃ آل عمران کی آیت کے مطابق پہلی قسم کے ساتھ اہلِ علم و معرفت کا تعلق نہیں ہوتا، جب کہ دوسری قسم کے ساتھ ان کا معاملہ درست رہتا ہے اور اس طرح نصوص کے مؤولہ معانی اور ظاہری معانی میں انسجام اور مطابقت، کمال ایمان اور عرفان کی واضح دلیل ہے۔

ساتھ یہ بھی کہ اہلِ علم عصر حاضر میں حکم لگانے سے پہلے ہر نص کے تاویل شدہ معنی کو سامنے رکھ کر مذکورہ اقسام پر پرکھے، اگر قسم اول سے اس کا تعلق ہے تو اس کا ترک کرنا واجب ہے اور اگر دوسری قسم سے اس کا تعلق ہو تو اس کی وضاحت کرکے عوام الناس کو بھی بتائیں تاکہ باطنی فرقوں اور گمراہ لوگوں کی پہچان ہو جائے اور راسخ العقیدہ ظاہری اور باطنی علوم پر دسترس رکھنے والے حضرات علماء اپنے فرائض منصبی سے عہدہ برآء بھی ہوں۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ الحجر 9:15

2۔ آل عمران 7:2

3۔ آراے نیکلسن Reynold A.Nicholson, (1285 — 1364ھ/1868-1945ء)،: متصوفو الاسلام، التاریخ الأدبی للعرب، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام

4۔ نیکلسن، ترجمہ عربی: ابوالوفا عفیفی، فی التصوف الاسلامی وتاریخہ، اسکندریہ، مصر، 1946ء، ص76

5۔ الغزالی، امام محمد، قانون التاویل۔ ط: قاہرہ۔ 1940ء، ص6

6۔ لقمان 20:31

7۔ ایران کے مشہور صوفی، فقیہ اور محدث جن کا پورا نام شیخ ابو نصر عبداللہ بن علی سراج طوسی متوفی 378ھ/988ء) ہے۔ انہیں طاؤس الفقراء اور صاحب اللمع کہا جاتا ہے آپ نے زہد و پارسائی میں بہت شہرت حاصل کی۔ تصانیف: 'کتاب اللمع فی التصوف' جو عربی زبان میں ہے علم تصوف پر لکھی گئی سب سے پہلی مکمل کتاب ہے اور اس کا ملخص انگریزی ترجمہ مشہور انگریزی مستشرق رینلڈ ایلین نکلسن نے اپنے مقدمہ کے ساتھ 1914ء میں شائع کیا۔ اس میں صوفیاء کے اصول اور مشائخ کے اقوال و اشعار کی تشریح شامل ہے۔ اردو ترجمہ سید اسرار بخاری نے کیا جس کے ناشر تصوف فاؤنڈیشن، لاہور ہیں۔

8۔ الطوسی، سراج الدین، کتاب اللمع، مصر، دار الکتب الحدیثۃ، 1960ء، ص 44

9۔ نسآء 83:4

10۔ الطوسی، سراج الدین، کتاب اللمع، ص 44

11۔ عبدالرزاق جمال الدین بن احمد کمال الدین ابن ابی الغنائم محمد الکاشانی او الکاشی او القاشانی (توفی نحو 730ھ/ نحو 1330م) صوفی شیعی.
تالیفات: «کشف الوجوہ الغر»، «اصطلاحات الصوفیۃ» - تحقیق مستشرق اشبر نجر، «شرح منازل السائرین»، «شرح فصوص الحکم لابن عربی» ،تأویلات القرآن

12۔ یٰسین 13:36 تا 17

13- محمد بن علی بن عطیۃ الحارثی، ابو طالب المکی (وفات 386ھ-/996م) واعظ زاہد، فقیہ صاحب کتاب: **قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب ووصف طریق المرید إلی مقام التوحید**

- المکی، محمد ابوطالب، قوت القلوب۔ ص: 1 تا 119، ط 1، مصر، مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی، 1381ھ

15- سہل بن عبداللہ بن یونس بن عیسی بن عبداللہ بن رفیع التُستری تستر البصرۃ (200-283 ھ). صوفی اور فقیہ.

16- البقرہ 2:22

17- ابن جوزی، جوزی یا الجوزیہ کے ناموں سے درج ذیل شخصیات معروف ہیں: ابوالفرج ابن جوزی، مورخ و حنبلی فقیہ اور سبط ابن جوزی کے نانا۔ تلبیس ابلیس کے مصنف۔ ابن قیم، ابن تیمیہ کے معروف شاگرد اور معروف کتاب زاد المعاد فی ہدی خیر العباد، مدارج السالکین بین منازل إیاک نعبد وإیاک نستعین کے مصنف۔

18- الاعلیٰ 87:6

19- سید الطائفہ جنید بن محمد بن جنید بغدادی (220-297ھ-) صوفیائے کرام کے سربراہ اور اس میدان کے شاہسواروں میں شامل ہیں۔ اہل علم نے جنید بغدادی کے بارے میں اچھے الفاظ استعمال کیے ہیں: حافظ ابو نعیم کہتے ہیں: "جنید ان لوگوں میں شامل ہیں جنہوں نے شرعی علم کو مضبوط بنایا" (حلیۃ الأولیاء "13/281)، ابن تیمیہ کہتے ہیں: "جنید بغدادی کتاب وسنت کے شیدائی تھے آپ اہل معرفت میں سے ہیں" (مجموع الفتاوی "5/126)

20- ابن الجوزی، تلبیس ابلیس، ط 1، بیروت، لبنان، دار الفکر، 2001ء، ص 331

21- ابو عبدالرحمٰن سلمی بروز منگل، 10 جمادی الآخرہ 325ھ 937ء-412ھ، 1012ء کو نیشاپور میں پیدا ہوئے۔ تفسیر اور تصوف کے بڑے امام تھے، اس نے تفسیر، تصوف اور اسماء الرجال میں متعدد کتابیں لکھیں۔

22- ابن الجوزی، تلبیس ابلیس: ص 331

23- آل عمران 3:97

24- ابوالحسین احمد بن محمد بن محمد المعروف بہ شیخ ابوالحسین نوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی: 295ھ/907ء) بغداد میں پیدا ہوئے شیخ سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے۔ سلسلہ نوریہ آپ سے منسوب ہے۔ آپ کی تعلیمات سلسلہ جنیدیہ سے ملتی جلتی ہیں۔ شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ آپ کا بے حد احترام کیا کرتے تھے۔

25- ابن الجوزی، تلبیس ابلیس: ص 331

26- ابو تراب عسکر ابن حصین النخشبی (ت 245ھ) خراسان کے ایک سنی عالم اور تصوف کے سرداروں میں شمار کیا ہے

27- إبو محمد عبدالرحمٰن بن محمد بن إدریس بن المنذر بن داود بن مہران التمیمی الحنظلی الرازی. ا (240ھ-- 327ھ-) المعروف بابن إبی حاتم. الإمام المحدث الحافظ.

28- إبو یعقوب یوسف بن الحسین الرازی صوفی، (ت 204)

29- شیخ ابوبکر شبلی (247ھ-334ھ) جنید بغدادی کے شاگرد رشید تھے۔ کنیت ابوبکر لقب شبلی تھا آپ کا پورا نام دلف بن جحدر خراسانی تھا۔ بعض مؤرخین آپ کا نام جعفر بن یونس بتاتے ہیں کیونکہ یہی نام آپ کے سنگ تربت پر کندہ تھا۔ ''شبلہ'' نام کا ایک گاؤں ماوراء النہر علاقے میں وادی فرغانہ میں تھا، آپ کے خاندان کا اسی گاؤں سے تعلق تھا۔ اسی لیے آپ شبلی کہلائے۔

30- ابن القیم الجوزیہ۔ مدارج السالکین، دار الکتاب العربی، 1423ھ، ج 1 ص 154

31- الطبرانی، المعجم الکبیر، مکتبۃ ابن تیمیۃ، 2008، ج 8، ص 121

32- الحجر 15:75

33- ابن تیمیہ، تقی الدین، مجموعۃ الرسائل والمسائل، تحقیق محمد رشید رضا۔ ط 1، القاہرہ، مطبعۃ المنارۃ، ص 9

34- الرازی، فخر الدین، مفاتیح الغیب، بیروت، دار الفکر، 1401ء، ج 1، ص 163

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI(AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
http://www.aiou.edu.pk/sab/mi/index.asp
www.iri.aiou.edu.pk

شیخ نور الحق محدث دہلوی بحیثیت شارح حدیث

(Sheikh *Noor-ul-Haq Muhaddith Dehlvi* as interpreter of *Hadith*)

*محمد ضیاء الرحمٰن
پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
**ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی
ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وسیرت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

ABSTRACT

Sheikh *Noor -ul- Haq Muhaddith Dehlvi* belongs to a famous religious family of Subcontinent. Among his creed, there were great scholars and *Muhadditheen*. They took significant role in the field of *Hadith-e-Nabwi(S.A.W)* .

Taiseer-ul-Qari Sharh Bukhari in Persian language is one of the major works of Sheikh *Noor –ul- Haq Muhaddith Dehlvi* .This article throws light on the methodology of the writer in this book. Among some major characteristics of his methodology are that the writer interprets the Hadith with the help of Quran, Hadith, sayings of the companions of Prophet Muhammad (S.A.W) and *Muhadditheen*.

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اکبری دور کے الحاد کے بعد برصغیر کے عوام و خواص کو علم حدیث کی طرف راغب کیا۔ دہلی میں علم حدیث کا حلقہ شروع کیا جس سے ہزاروں طلباء نے کسب فیض کیا۔ شیخ نے برصغیر کے مدارس میں مشکوۃ المصابیح کو متعارف کرایا اور اس کی عربی اور فارسی شرحیں لکھیں۔آپ کا انتقال 1052 ہجری میں ہوا۔آپ کی اولاد میں بہت سے اہل علم پیدا ہوئے۔ منشی برکت علی لکھتے ہیں کہ شیخ عبدالحق کی اولاد میں اللہ تعالیٰ نے بہت برکت دی۔ 1047ھ میں ہی آپ کی اولاد پچاس سے زیادہ تھی۔(1) ان کے شاگردوں اور اولاد میں سب سے پہلی شخصیت ان کے صاحبزادے شیخ نورالحق مشرقی ہیں۔

شیخ نورالحق مشرقی

نام نورالحق، کنیت ابوالسعادات اور لقب جمال تھا۔(2) آپ نے خود اپنا نام نور محمد المدعو بنورالحق لکھا ہے۔(3)

ولادت اور وفات

شیخ عبدالحق کے فرزند اکبر شیخ نورالحق کی ولادت 983ء میں اور وفات 9 شوال 1073 ہوئی۔(4) ۔

تعلیم

شیخ نورالحق نے اپنے والد محترم سے ہی علوم کی تکمیل کی۔ خود تحریر کرتے ہیں:

"میرے باپ ہی نے مجھے ا،ب،ت کی تختی پڑھائی اور میرے باپ ہی نے مجھے فارغ التحصیل کیا"۔(5)

علم و فضل

شیخ نورالحق اپنے والد کے علمی و روحانی کمالات کے وارث اور صحیح جانشین تھے۔آزاد بلگرامی لکھتے ہیں:

"خلف الصدق شیخ عبد الحق دہلوی قدس اسرارھما تلمیذ و مقبول والد بزرگوار و وارث کمالات صوری و معنوی آن یگانہ روزگاراست"۔(6)

"یہ یگانہ روزگار حضرت شیخ کے خلف الصدق،ان کے شاگرد،ان کے صوری اور معنوی کمالات کے وارث تھے"۔

شیخ عبدالحق کو اپنے بیٹے کے علمی مقام پر فخر تھا۔اوران کے زہد و تقوی کی وجہ سے ان سے بہت پیار کرتے تھے۔اور انہیں اپنا علمی سرمایہ سمجھتے تھے۔خود فرماتے ہیں:

"از من ھیچ عمل نیامدہ کہ واسطہ و سبب نجات من در عاقبت گردد الاوجود مسعودآں فرزند دلبند،بیت

شنیدم کہ در روزامید و بیم بداں را بہ نیکاں بخشد کریم

و از اینجا است کہ پسر صالح را از اعمال خیر شمردہ اند"۔(7)

"اس فرزند دلبند کے بابرکت وجود کے علاوہ میرا کوئی عمل نہیں جو آخرت میں میری نجات کا وسیلہ وسبب بنے۔میں نے سنا ہے کہ خوف اور امید کے دن کریم رب بروں کو نیکوں کے صدقے بخش دے گا۔اور اسی وجہ سے نیک بیٹے کو اعمال صالحہ میں شمار کیا گیا ہے"۔

شیخ آزاد بلگرامی نقل کرتے ہیں کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنے بیٹے کے مقام و مرتبے کی بابت فرمایا:

"اگرچہ پسر من است اما بجائے پدر اگرچہ شاگرد من است اما بجائے استاد اگرچہ مرید من است اما بجائے پیر می دانم"۔(8)

"اگرچہ میرا بیٹا ہے مگر باپ کی جگہ ہے،اگرچہ میرا شاگرد ہے لیکن استاد کی جگہ ہے۔اگرچہ میرا مرید ہے مگر پیر کی جگہ ہے"۔

بیعت

شیخ نورالحق کی بیعت کے بارے میں مختلف اقوال ہیں۔ہو سکتا ہے کہ مختلف اوقات میں مختلف بزرگوں سے اصلاح لی ہو تاہم مشہور قول یہ ہے کہ وہ اپنے والد سے ہی بیعت ہوئے اور انہی سے خلافت ملی۔فرحت الناظرین کے مصنف نے لکھا ہے:

"محدث فاضل اور معتبر عالم تھے اپنے والد شیخ عبد الحق دہلوی کے خلیفہ اور جانشین ہوئے۔شیخ مذکور (نورالحق) سلسلہ قادریہ اور شاذلیہ میں نسبت ارادت رکھتے تھے"۔(9)

تذکرہ علمائے ہند کے مصنف نے لکھا ہے کہ وہ خواجہ محمد معصوم بن مجدد الف ثانی کے مرید تھے۔وہ لکھتے ہیں:

"شاگرد والد خود و مرید خواجہ معصوم مجددی است"۔[10]

خلیق احمد نظامی لکھتے ہیں:

"شیخ عبد الحق کی وفات کے بعد حضرت عاشق محمد نبیرہ خواجہ شاہ نظام الدین نارنولی سے عقیدت پیدا ہو گئی تھی اور ان کے حلقہ مریدین میں شامل ہو گئے تھے"۔[11]

منصب قضاء

شیخ نور الحق حنفی المذہب تھے۔آپ تفسیر، حدیث، فقہ اور متداول علوم پر عبور رکھتے تھے۔شاہجہاں آپ کی علمی بصیرت کا قائل تھا۔جب وہ تخت نشین ہوا تو دکن جاتے ہوئے آپ کو آگرہ کا قاضی مقرر کر دیا۔غلام علی آزاد بلگرامی لکھتے ہیں:

"صاحب قرآں شاہجہاں انار اللہ برہانہ از ایام شہزادگی برجواہر استعداد عالی او اطلاع داشت وقت بر افروختن را بوقت توجہ جانب دکن را قضاء مستقر الخلافہ اکبر آباد تفویض فرمود۔مدتے بمقضائے آں مصر پر داخت و حق ایں منصب نازک نومی کہ باید بہ تقدیم رساند"۔[12]

"چونکہ صاحب قرآن شاہجہاں زمانہ شہزادگی سے بھی آپ کے علمی پائے اور کمالات سے واقف تھا دکن کی طرف فوج کشی کے وقت شیخ نور الحق کو دار السلطنت اکبر آباد کا منصب قضا تفویض کیا اور آپ اس شہر کے منصب قضاء پر ایک مدت تک فائز رہے اور اس نازک منصب کی ذمہ داری کو کماحقہ انجام دیا"۔

حلقہ حدیث

شیخ نور الحق نے اپنے والد گرامی کے وصال کے بعد مسند حدیث سنبھالی۔جہاں سے بہت سے تشنگان علم نے اپنی پیاس بجھائی۔جن میں سے چند شخصیات کے مختصر تذکرے سید احمد قادری نے کیے ہیں۔ان میں برصغیر کے معروف علمی گھرانے کے چشم و چراغ میر سید مبارک محدث بلگرامی ہیں جنھوں نے تمام عمر خدمت حدیث میں گزاری اور قطب المحدثین کے لقب سے مشہور ہوئے۔جن کی اولاد میں سے میر عبد الجلیل بلگرامی اور علامہ غلام علی آزاد بلگرامی صاحب مآثر الکرام ہیں۔اسی طرح صوبہ بہار میں حافظ الوقت مولانا عبد الرزاق نے بھی شیخ نور الحق سے حدیث کی اجازت حاصل کی۔[13]

ان چند شخصیات کے ناموں سے معلوم ہوا کہ برصغیر میں علم حدیث کی ترویج کرنے والے مقتدر علماء کا سلسلہ فیض شیخ نور الحق کے واسطے سے ان کے والد گرامی شیخ عبد الحق محدث دہلوی تک پہنچا۔

شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور ان کی اولاد خصوصاً شیخ نور الحق کی خدمت حدیث کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے خاندان کے افراد نے حدیث اور اصول حدیث پر تیرہ بلند پایہ کتب تصنیف کی ہیں۔سید ابو الحسن علی ندوی شیخ نور الحق محدث دہلوی کی خدمات حدیث پر یوں رقمطراز ہیں:

"شیخ عبد الحق محدث دہلوی کے بعد ان کے صاحبزادہ شیخ نور الحق متوفی 1073ھ نے اس علم کی خدمت اور نشر و اشاعت کا بیڑا اٹھایا۔اور ان کے بعد ان کے تلامذہ اور اولاد نے بھی اس فن کی خدمت کی ہے"۔[14]

حدائق الحنفیہ کے مؤلف آپ کی خدمات کا تذکرہ یوں کرتے ہیں:

"تصانیف بھی آپ نے کثرت سے لکھیں۔اور جس طرح آپ کے والد ماجد نے ترجمہ مشکوٰۃ شریف میں احسان کا ہاتھ کھولا تھا۔ویسا ہی آپ نے ترجمہ فارسی صحیح بخاری میں صلائے فیض عام دے کر تیسر القاری فی شرح صحیح بخاری اور نیز شرح صحیح مسلم تصنیف کی"۔(15)

شیخ نور الحق کی تصانیف

شیخ نور الحق تدریس و تحریر،ادب و سخن غرض ہر میدان میں ماہر تھے۔درس و تبلیغ کی مصروفیات کے باوجود انہوں نے کئی ضخیم کتب تصنیف کیں۔پروفیسر خلیق احمد نظامی نے ان کی مندرجہ ذیل گیارہ تصانیف کا ذکر کیا ہے۔

۱۔تیسیر القاری شرح صحیح بخاری،۲۔ شمائل ترمذی (جسکا قلمی نسخہ رامپور کے کتب خانہ میں ہے)،۳۔ تفسیر سورۃ الفاتحہ (قلمی نسخہ ایشیاء تک سوسائٹی بنگال کے کتب خانہ میں ہے) ۴۔حاشیہ علی شرح الجامی (قلمی نسخے پشاور اور حیدر آباد انڈیا میں ہیں) ۵۔شرح قرآن السعدین (قلمی نسخے برٹش میوزیم، مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے کتب خانہ میں ہے)٦۔حاشیہ شرح عضدی،۷۔حاشیہ شرح مطالع،۸۔حاشیہ شرح ہدایۃ الحکمۃ،۹۔رسالہ در بیان رؤیاء،۱۰۔ محی القلوب،۱۱۔ زبدۃ التواریخ۔(16)

ڈاکٹر محمد یونس قادری نے ان کے علاوہ مثنوی تحفۃ العراقین بھی بیان کی ہے۔(17)

ڈاکٹر محمد عاصم اعظمی نے مزید تین تصانیف کا بھی ذکر کیا ہے۔اثبات رفع المسبحۃ فی التشھد، دیوان مشرقی، شرح صحیح مسلم۔(18)

تیسیر القاری شرح بخاری کا تعارف از شیخ نور الحق محدث دہلوی

تیسیر القاری شرح بخاری چھ جلدوں پر مشتمل ضخیم شرح ہے۔اس سے پہلے عربی زبان میں بخاری کی متعدد شروح کی گئی۔لیکن شیخ نے برصغیر کے عوام و خواص کی زبان فارسی ہونے کی وجہ سے فارسی زبان میں شرح لکھی۔تاکہ عام مسلمان جو صرف فارسی جانتا ہے وہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ کے ذوق اور حدیث کے نور سے استفادہ کر سکے۔

پہلے یہ شرح پانچ جلدوں میں مطبع علوی لکھنوء سے 1300ھ میں شائع ہوئی۔پاکستان میں مکتبہ حقانیہ پشاور نے اسے بڑے سائز کی چھ ضخیم جلدوں میں شائع کیا۔بعض جگہ کتابت میں سقم ہے۔جس سے پڑھنے میں دشواری ہوتی ہے۔مکتبہ حقانیہ نے اس شرح کے حاشیہ پر شیخ الاسلام محمد کی شرح بخاری بھی شائع کر دی ہے۔اور ساتھ ہی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے بخاری کے رجال پر ارشادات بھی شائع کر دیئے گئے ہیں۔

تیسیر القاری شرح صحیح بخاری آپ کی وفات کے بعد عنقا ہو گئی تھی۔آخر نواب محمد علی خان بہادر صولت جنگ(19) کی کوشش سے 1297ھ میں چند کامل و ناقص نسخے مل گئے تھے۔ان میں سے ایک نسخہ شہاب الدین محمد شاہ جہان کے دور میں لکھا گیا اور دوسرا اورنگ زیب عالمگیر کے دور میں لکھا گیا۔پھر اس کتاب کو افادہ خاص و عام کے لیے چھاپنے کا اہتمام کیا گیا۔صاحبزادہ عبد الوہاب بہادر(20) کے حکم سے مطبع علوی کے مالک محمد علی بخش نے چھاپ دی۔اس کے ساتھ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی بخاری کے رجال پر تحقیق اور شیخ الاسلام کی فارسی شرح چھاپ دی گئی۔شیخ الاسلام(21) کی شرح کے نا تمام ہونے کی وجہ سے شیخ محمد دراز رحمۃ اللہ علیہ کی شرح بخاری بھی اس کے ساتھ چھاپ دی گئی۔

شیخ نور الحق نے یہ شرح اپنے والد کے ارشاد پر لکھی ہے۔ اس کی بابت خود ہی تحریر فرماتے ہیں:

"راقم حروف نور الحق الترک البخاری نسبا و شاہجہان آبادی متوطنا اعلی اللہ شأنہ و صانہ عما شأنہ را اشارت والد ماجد شیخ اجل اکرم شیخ شیوخ المحدثین و قدوۃ العلماء المحققین ابو المجد عبد الحق بارک اللہ فی اخلافہ کما بارک فی اسلافہ بریں گونہ بود کہ بریں کتاب مستطاب شرح بزبان فارسی در رنگ شرح کہ بر کتاب مشکوۃ المصابیح نوشتہ شدہ و غازہ شہرت و قبول بر رو دارد و کافہ اہل اسلام از فیوض آں بہرہ مند اند تعلیق نماید و بحکم الامور مرہونۃ باوقاتہا توفیق مساعدت نمی کرد کہ بامتثال ایں امر خطیر و اشتغال بایں مطلب اعلیٰ و مقصد اصلی پر داذد پس از رحلت آں یگانہ روزگار بعد از استخارہ و استمداد ہمت از روح مقدس آں ولایت منقبت کمر عزم در امتثال ایں امر مطاع بربستہ"۔ (22)

"راقم نور الحق کے والد ماجد شیخ عبد الحق چاہتے تھے کہ اس کتاب مستطاب صحیح بخاری کی شرح و تعلیق بھی اسی رنگ سے فارسی زبان میں لکھی جائے جیسے کہ وہ خود مشکوۃ المصابیح پر لکھ چکے تھے۔ جس کو بڑی شہرت اور غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی اور تمام مسلمان اس کے فیوض سے بہرہ مند ہوئے۔ چونکہ ہر کام کا وقت مقرر ہوتا ہے اس لیے ان کی زندگی میں اس اہم اور عظیم کام کو انجام دینے کی توفیق میسر نہ ہوئی اور ان کے انتقال کے بعد استخارہ کرکے اور ان کی روح پاک سے استمداد کے ساتھ ان کے حکم کی تعمیل میں کمر ہمت باندھی گئی"۔

مولانا عبد الحیی فرنگی محلّی تیسیر القاری پر تقریظ لکھتے ہوئے اس شرح کی افادیت پر یوں روشنی ڈالتے ہیں:

"العجم عن تحصیلها کما هو حقها کانوا محرومین و فی الوقوف علی اسرارها متحیرین و لتباین لغتهم بلغة تلك الشروح و التعلیقات و عجزهم عن الوصول الی تلك المقامات الی ان جاء الفاضل النبیل و العالم الجلیل المحدث الفاصل بین الحق و الباطل الناقد الکامل مولانا نور الحق الدهلوی ابن مولانا الشیخ عبد الحق محدث الدهلوی (الی ان قال) و شرح صحیح البخاری شرحا بالفارسیة سماه تیسیر القاری اتی فیه بمطالب نفیسة و فوائد شریفة و لطائف لطیفه و غرائب دقیقه فالله یشکر صنعه و یجزی سعیه کما یسر علی کافة الناس تحصیل صحیح البخاری و سهله علی کل سامع و قاری"۔ (23)

"گو بخاری کی مفصل و مختصر شرحیں لکھی جا چکی تھیں لیکن زبان کے فرق کی وجہ سے اہل عجم صحیح بخاری کی تحصیل اور اس کے اسرار و دقائق سے کما حقہ واقفیت سے قاصر و محروم تھے تا آنکہ مولانا نور الحق نے اس کی فارسی شرح لکھی جس کا نام "تیسیر القاری" رکھا۔ جس میں مفید مطالب، عمدہ فوائد، لطیف مباحث اور دقیق غرائب بیان کیے۔ اللہ تعالی ان کی سعی کو مشکور فرمائے۔ اور انھیں جزائے خیر دے کیونکہ انھوں

نے تمام لوگوں کے لیے بخاری کی تحصیل کو آسان کر دیا ہے اور ہر قاری اور سامع کے لیے اسے سہل بنا دیا"۔

تیسیر القاری کا منہج واسلوب

شیخ نور الحق نے بخاری کی شرح کرتے ہوئے قدیم مفسرین کا منہج اختیار کیا ہے۔ البتہ آپ نے متقدمین کے اہم نکات کی تسہیل کرکے اسے قارئین کے لیے آسان بنا دیا ہے۔ کتاب کے مقدمہ میں خود اپنی تصنیف کا اسلوب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"زبدہ و خلاصہ این چند شرح کرمانی و فتح الباری و عینی و سیوطی و شرح تراجم و قطلانی کہ متداول علماء روز گار است برگرفتہ و از اطناب تطویل کلام کہ این شروح دارند اغماض نظر نمودہ بفارسی زبان حسب الامر مطالب و مقاصد ضروریہ آں بر وجہ استیفا ادا کردہ بہ "تیسیر القاری فی شرح صحیح البخاری" مسمی ساخت تا بر سائر طالبان کہ از پایہ کمال دانش قاصر باشند اخذ مطالب و استفادہ ازیں کتاب والا القاب آسان گردد"۔(24)

"چند شروحات، شرح کرمانی، فتح الباری، عینی، سیوطی اور قسطلانی جو کہ متداول علمائے زمان ہیں۔ ان کی شروح کو لیا اور ان شروح میں کلام کی طوالت سے صرف نظر کرتے ہوئے حسب الارشاد فارسی زبان میں کتاب کے مطالب و مقاصد ضروریہ بیان کیے ہیں اور تیسیر القاری فی شرح صحیح البخاری کے نام سے موسوم کیا ہے۔ تاکہ وہ طلباء جو کہ عقل و دانش کے مرتبہ کمال سے کم ہیں ان کے لیے اس کتاب سے استفادہ اور مقاصد کا حصول آسان ہو جائے"۔

شیخ نور الحق کی شرح صحیح بخاری کا نفیس فارسی ترجمہ ہے۔ لیکن اس ترجمہ کی خصوصیت یہ ہے کہ بعض احادیث میں ترجمہ سے ہی شیخ نے حدیث کا مفہوم سمجھا دیا ہے اور اکثر احادیث کی شرح و توضیح کرکے مفید استنباطات بیان کرتے ہیں۔ شیخ نور الحق کی شرح حدیث کے اہم گوشے حسب ذیل ہیں۔

شرح الحدیث بالقرآن

قرآن وحی متلو اور حدیث وحی غیر متلو ہے۔ امت تک پہنچنے کے لحاظ سے ان دونوں کا مصدر ذات رسول ہے۔ جس طرح قرآن مجید کی تفسیر رسول اللہ کے اقوال و افعال سے ہوتی ہے اسی طرح احادیث رسول کی وضاحت آیات قرآنی سے ہوتی ہے۔ قرآن وحدیث کا باہمی ربط ہے۔ مفسرین کرام قرآن مجید کی تفسیر سب سے پہلے حدیث رسول سے کرتے ہیں۔ اسی طرح شارحین حدیث آیات قرآنیہ کی مدد سے حدیث کی شرح کرتے ہیں۔ شیخ نور الحق نے بھی احادیث کی شرح قرآنی آیات کی روشنی میں کی ہے۔

باب توریث دورمکۃ و بیعھا و شرائھا میں حضرت اسامہ بن زید کی حدیث میں ہے {لایرث مومن کافر ا}۔ اسکی شرح میں فرماتے ہیں:

" مہاجران و انصار در اوائل از یک دیگر میراث میگرفتند تاآنکہ منسوخ شد بنزول آیت (و الوالارحام بعضھم اولی بعض)پوشیدہ نماند کہ مقصود ابن شہاب ازیں نقل تائید قول عمر بن خطاب است کہ مسلمان از کافر میراث نمی یابد و ایں معنیٰ از تتمہ ایں آیت مذکور کہ اشارت کردہ است مؤلف بداں بقولہ از آیۃ ظاہر است و آں ایں است۔(والذین اٰمنوا و لم یھاجروا ما لکم من ولایتھم من شئی حتیٰ یھاجروا)۔[25]

"مہاجرین و انصار شروع شروع میں ایک دوسرے کی وراثت لیتے تھے یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔(ذوی الارحام میں سے بعض دوسروں سے اولیٰ ہیں)۔یہ بات مخفی نہیں کہ اس قول کے نقل کرنے سے مقصود حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول کی تائید ہے کہ مسلمان کافر سے وراثت نہیں لے سکتا اور یہ معنیٰ اس آیت مذکورہ کا تتمہ ہے جس کی طرف امام بخاری نے اشارہ کیا ہے۔اور وہ یہ ہے کہ (جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت نہ کی انہیں ان کی ولایت میں سے کچھ نہیں ملے گا یہاں تک کہ وہ ہجرت کرلیں)"۔

شرح الحدیث بالحدیث

حدیث رسول ﷺ کی خود زبان رسالت ﷺ سے وضاحت ہی حدیث کا صحیح ترین مفہوم بیان کر سکتی ہے۔اس لیے رسول اللہ ﷺ کے ارشادات بھی ایک دوسرے کی تفسیر بیان کرتے ہیں۔ شیخ نور الحق حدیث کی شرح حدیث سے کرتے ہیں۔باب کثرۃ النساء میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے {کان عند النبی ﷺ تسع کان یقسم لثمان ولایقسم لواحدۃ }۔اسکی شرح میں امام مسلم کی روایت کردہ حدیث یوں بیان کرتے ہیں :

"آنچہ در روایت مسلم از طریق عطا آمدہ کہ زن قسم نداشت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا بود۔نووی گفتہ کہ ایں وہم است از ابن جریج کہ راوی عطا است و نہ زن کہ اشارہ باآنکہ کرد سودہ وعائشہ و حفصہ و ام سلمہ و زینب و ام حبیبہ و جویریہ و صفیہ و میمونہ رضی اللہ عنہن بودند گفتہ اند ایں ترتیب کہ ذکر کردہ شد تزویج بھمیں ترتیب بودہ است"۔[26]

"امام مسلم نے عطا سے جو روایت کی ہے کہ وہ زوجہ جن کی باری مقرر نہیں تھی وہ صفیہ بنت حیی تھی امام نووی فرماتے ہیں یہ ابن جریج کا وہم ہے جو عطا کے راوی ہیں وہ نو ازواج جن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ سودہ وعائشہ وحفصہ وام سلمہ و زینب وام حبیبہ وجویریہ و صفیہ و میمونہ رضی اللہ عنہن ہیں۔کہتے ہیں جو ترتیب ذکر کی ہے شادیاں بھی اسی ترتیب سے ہوئی تھیں"۔

جیسا کہ حدیث قرطاس کی شرح میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کی ہے۔

"میگوید بزار از حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا وقتی کہ سخت شد درد آنحضرت ﷺ فرمود بیا رید مرا دوات و قلم یا شانہ یا قرطاس بنویسم برائے ابی بکر کتاب را اختلاف نہ کند مردم برآں پسر فرمود معاذ اللہ اینکہ اختلاف کند مردم بر ابی بکر"۔[27]

"بزار حضرت عائشہ کی حدیث روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کا درد سخت ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس دوات قلم یا کاغذ لاؤ۔ تاکہ میں ابوبکرؓ کے لیے لکھ دوں تاکہ لوگ ان پر اختلاف نہ کریں پھر فرمایا کہ اللہ کی پناہ کہ لوگ ابوبکر پر اختلاف کریں"۔

ورود حدیث کی حکمتوں کی وضاحت

شیخ نور الحق بخاری کی شرح کرتے ہوئے بعض اوقات احکام کی حکمتیں اور علتیں بھی بیان کرتے ہیں۔ جیسے کتاب العلم میں ابو سعید خدریؓ کی حدیث میں ہے کہ {جس عورت کے تین بچے فوت ہو جائیں وہ اس کے لیے دوزخ سے حجاب ہوں گے}۔اس کی علت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"وجہ تخصیص بصغیر آنست کہ دوستی ،مہربانی مادراں،فرزندان خوردسال بیشتر می باشد پس مصیبت آنہا قوی خواہد بود و جزاء بقدر ورود مصیبت است"۔[28]

"چھوٹے بچوں کو مخصوص کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ماں کی محبت اور مہربانی چھوٹے بچوں پر زیادہ ہوتی ہے تو ان کی مصیبت اور دکھ بھی زیادہ ہوتے ہیں کیونکہ جزاء مصیبت کے مطابق ہی ہوتی ہے"۔

باب ترك النبی ﷺ و الناس الاعرابی حتیٰ فرغ من بوله فی المسجد کی شرح میں رقمطراز ہیں۔

"این مساہلہ از روئی مہربانی بر وی بود باآنکہ بول کردہ بود و منع فائدہ کم تر داشت باین ہمہ اگر زجر می کرد شاید حبس بول آدمی شد و این نادان صحرا نشین نفرت می گرفت از اہل اسلام"۔[29]

"یہ آسانی اس پر بطور مہربانی اس لیے فرمائی باوجود اس کے کہ وہ پیشاب کر چکا تھا اور اسے منع کرنے کا فائدہ کم تھا۔اگر اس کو ڈانٹا جاتا شاید اس کا پیشاب رک جاتا۔ تو وہ نادان صحرا نشین اہل اسلام سے نفرت کرتا"۔

احادیث سے استنباط احکام

علمائے اسلام نے قرآن و حدیث کی نصوص کا دقت نظر سے مطالعہ کرکے امت کی آسانی کے لیے ان نصوص سے مسائل مستنبط کرکے لکھ دیئے ہیں۔ تاکہ وہ لوگ جن کے علم و عقل کی رسائی ان بنیادی دلائل اور اصولوں تک نہیں وہ آسانی سے شریعت پر عمل کر سکیں۔آپ حدیث کی شرح کرتے ہوئے حدیث سے ثابت شدہ مسائل بیان کرتے ہیں۔ اور حدیث کا مغز اور نچوڑ پیش کرتے ہیں۔اور فقہاء کے مذاہب بھی بیان کرتے ہیں۔ لیکن فقہی مشرب کے اعتبار سے حنفی ہونے کی وجہ سے فقہ حنفی کو ترجیح دیتے ہیں۔ بعض احادیث کی شرح میں پہلے سے ذکر کردہ محدثین کے استنباطات بیان کرتے ہیں اور بعض احادیث سے خود استنباط کرتے ہیں۔

مثلاً باب القول قائما و قاعدا میں ہے۔ حضرت حذیفہ بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ ایک قوم کے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر تشریف لائے اور کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا۔ اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

"پوشیدہ نماند کہ استادہ بول کردن را مکروہ تنزیہی گفتہ اند و نشستہ کردن بالاتفاق جائز است موءلف استدلال بر جواز استادہ بول کردن"۔(30)

"یہ بات مخفی نہیں کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا مکروہ تنزیہی اور بیٹھ کر پیشاب کرنا بالاتفاق جائز ہے۔ مؤلف نے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کے جواز پر استدلال کیا ہے"۔

باب مسح الرأس کله میں مسح الراس پر حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"پوشیدہ نماند کہ دلالت ایںحدیث بر وجوب مسح تمام سر وقتے تمام شد کہ در حدیث مذکور شد اقصار بر فرائض وضو می بود ہر گاہ غیر مفروضات مثل غسل ید و مضمضہ و استنثار و غسل اعضائے مفروضہ بر وجہ مسنون کردہ تواند کہ مسح سر را نیز بر وجہ سنت بیان کردہ باشد چنانکہ ظاہر است وحدیث مسح پیغمبر خدا ﷺ بر ناصیہ و اکتفا بہاں کردن چنانکہ مسلم و طبرانی از مغیرہ بن شعبہ و ابو داؤد و حاکم از حدیث ابی مغفل آوردہ و بصحت پیوستہ پس ایںحدیث را حمل بر سنت باید کرد جمعا بین الحدیثین"۔(31)

"یہ بات مخفی نہیں کہ اس حدیث کی دلالت تمام سر کے مسح کے وجوب پر تب ہوتی کہ حدیث میں صرف فرائض بیان کیے جاتے۔ جہاں دیگر غیر فرض جیسے ہاتھ دھونا، کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا اور فرض اعضاء کا دھونا بطور سنت ذکر کیا گیا ہے تو مسح الراس کو بھی بطور سنت ذکر کیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے ناصیہ پر مسح کرنے کی حدیث جیسے کہ مسلم اور طبرانی حضرت مغیرہ بن شعبہ سے اور ابو داؤد اور حاکم کی حدیث ابو مفضل سے روایت ہے پس اس حدیث کو سنت پر محمول کریں گے"۔

باب استعمال فضل وضوء الناس میں حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کے الفاظ روایت ہیں {اذا توضأ النبی ﷺ كانوا يقتتلون على وضوءه}۔ اس کی شرح سے شرعی مسئلہ ثابت کرتے ہیں:

"ایں را دلیل گرفتہ اند بر آنکہ آب مستعمل پاک است"۔(32)

"اس سے علماء نے دلیل بنائی ہے کہ مستعمل پانی پاک کی ہے"۔

باب قول اللہ تعالیٰ جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے {لما فرض الله رمضان قال رسول الله ﷺ من شاء ان يصومه فليصمه}۔ اسکی شرح میں لکھتے ہیں:

"پس وقتے کہ فرض کردہ شد روزہ رمضان فرمود آنحضرت ﷺ کسے کہ خواہد روزہ عاشورا را پس گو روزہ گیرد و کسے کہ خواہد ترک کند گو ترک بکند ظاہر ازیں کلام آنست کہ روزہ عاشورہ قبل از فرضیت رمضان واجب بودہ است و بعد ازین وجوب بر طرف شدہ و مسنون ماندہ"۔ (33)

"اس وقت جب رمضان کا روزہ فرض ہوا حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو عاشورا کا روزہ رکھنا چاہے وہ رکھ لے اور جو ترک کرنا چاہے ترک کرلے اس کلام سے ظاہر یہ ہے کہ رمضان کے روزے کی فرضیت سے پہلے عاشورہ کا روزہ واجب تھا۔اس کے بعد وجوب ساقط ہو گیا اور سنیت باقی رہی"۔

تعارف رجال

تیسیر القاری میں شیخ نور الحق سند حدیث کے رجال کا تعارف بھی ذکر کرتے ہیں۔مثلاً کتاب الایمان میں تعارف رواۃ بیان کرتے ہوئے عدی بن عدی کا تعارف یوں کراتے ہیں:

"نوشت عمر بن عبدالعزیز بعامل خود کہ بر جزیرہ موصل تا بعی بزرگ قدر بودہ است۔قول آنکہ صحابی است"۔ (34)

"عمر بن عبد العزیز نے اپنے موصل کے عامل کو خط لکھا۔بزرگ تابعی ہیں ایک قول یہ ہے کہ صحابی ہیں"۔

اصطلاحات حدیث کی وضاحت

شیخ نور الحق اصول حدیث بیان کرتے ہیں اور اصطلاحات حدیث کی وضاحت کرتے ہیں۔{المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده} کی شرح میں تعلیق کی تعریف کرتے ہیں:

"تعلیق آں کہ نسبت کند راوی حدیث را بکسے کہ اور را در نیافتہ ابو معاویہ در سال یک صد و نود و پنج یا چہار وفات یافتہ و عبد الاعلیٰ در سنہ یک صد و ہشتاد و نہ و تولد بخاری در سن یک صد و نود و چہار است"۔ (35)

"تعلیق یہ ہے کہ راوی حدیث کی نسبت اس کیطرف کرتے ہیں جس سے ان کی ملاقات نہ ہو۔ابو معاویہ نے سال 195 یا 194 میں وفات پائی۔عبد الاعلی 189 میں اور امام بخاری کی ولادت 194ھ میں ہوئی"۔

ترجمۃ الباب کی وضاحت

امام بخاری نے صحیح بخاری میں ہر باب کا جامع عنوان رقم کیا ہے۔جو اس باب میں ذکر کردہ احادیث کی طرف اشارہ کرتا ہے۔شیخ نور الحق ترجمۃ الباب کی وضاحت کرتے ہوئے باب میں مذکور احادیث اور احکام کا خلاصہ بیان کرتے ہیں۔

جیسے باب ترک الحائض الصوم کی وضاحت میں لکھتے ہیں:

"حائض صوم را چناں کہ نمی گزارد روزہ را نماز را نیز نمی گزارد و مؤلف ترک نماز نگفت تاآنکہ در حدیث ترک کردن ہر دو بیک و تیرہ واقع شدہ وجہش آں تواند بود کہ چوں در نماز طہارت شرط است ہمہ کس می داند کہ نماز در حیض روا نبود بخلاف روزہ کہ طہارت در وے شرط نیست اثبات کرد آں را و تعرض نمود تنہا بترک روزہ"۔[36]

"حائضہ جس طرح روزہ نہیں رکھ سکتی نماز بھی نہیں پڑھ سکتی لیکن امام بخاری نے ترک الصلاۃ نہیں کیا حالانکہ حدیث میں دونوں کو ترک کرنا ایک ہی انداز سے ذکر کیا گیا ہے۔اس کی وجہ ہی ہو سکتی ہے کہ نماز میں طہارت شرط ہے ہر کوئی جانتا ہے کہ نماز حالت حیض میں جائز نہیں ہے۔بخلاف روزہ کے کہ اس کے لیے طہارت شرط نہیں ہے۔اس لیے اسی کو ثابت کیا گیا ہے اور صرف ترک روزہ کا ہی ذکر کیا گیا ہے"۔

حدیث کے درمیان تاویل و تطبیق

حدیث رسول میں بعض اوقات لفظ کا ظاہری معنی مراد نہیں ہوتا بلکہ اس کے علاوہ مجازی معانی مراد ہوتے ہیں۔جس کی وجہ سے احادیث باہم متعارض معلوم ہوتی ہیں لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا۔شارحین حدیث ان احادیث کا محمل اور معنی بیان کرتے ہیں۔اور تطبیق پیدا کرتے ہیں۔تقدم اور تاخر زمانی کے اعتبار سے ان کا ناسخ و منسوخ ہونا بیان کرتے ہیں۔شیخ نورالحق بھی شرح حدیث میں تطبیق اور معانی کی تاویل بیان کرتے ہیں۔جیسے باب "یرد المصلی من مر بین یدیہ"میں نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کو شیطان کہا گیا ہے۔اس کی تاویل یوں کرتے ہیں:

"اطلاق شیطان بر آدمی متمرد مجازا شائع و ایں حکم بر وجہ حصر برائے تشدید و تغلیظ است۔بعضے از اہل ظاہر بوجوب ایں واقعہ رفتہ اند مختار آئمہ آں است کہ مندوب است"۔[37]

"سرکش انسان پر مجازاً شیطان کا اطلاق کرنا معروف ہے۔اس حکم کو حصر کے انداز میں ذکر کرنا شدت اور تغلیظ کے لیے ہے۔بعض اہل ظاہر اس کے وجوب کے قائل ہیں۔جب کہ آئمہ مذاہب کے مطابق یہ مستحب ہے"۔

باب فضل الصوم فی سبیل اللہ میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔{سمعت النبی ﷺ یقول من صام یوماً فی سبیل اللہ بعد اللہ وجھہ عن النار سبعین خریفاً} اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

"چوں عدد ہفتاد بمعنیٰ عدد کثیر است منافات ندارد بروایت کہ دروی صد سال و بروایتے دیگر پانصد سال است با آنکہ ایں روایت اصح روایات است تاویل بر ہمیں خواہد بود نیز تواند کہ ایں اختلاف با اختلاف احوال و خلوص نیت مجاہدان روزہ دار باشد واللہ اعلم"۔[38]

"یہاں ستر کا عدد عددِ کثیر کے معنی میں ہے یہ روایت اس روایت کے منافی نہیں ہے جس میں سو سال کا ذکر کیا گیا ہے نہ ہی دوسری روایت کے منافی ہے جس میں پانچ سو سال کا ذکر ہے۔ کیونکہ یہ اصح روایت ہے اس لیے اس کو لیا جائے گا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ اختلافِ ثواب روزہ دار مجاہدین کے مختلف احوال اور مختلف نیتوں کی وجہ سے ہو"۔

باب الحراسة فی الغزو فی سبیل اللہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے { کان النبی ﷺ لماقدم المدینة قال لیت رجلا صالحا من اصحاب یحرسنی ا للیلة } کی شرح میں قرآن مجید کی آیت (واللہ یعصمك من الناس)[39] کے ساتھ تطبیق بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ایں واقعہ پیش از نزول آیت واللہ یعصمک من الناس بودہ است و ظاہر از اخبار آں است کہ آنحضرت ﷺ را در غزوہ بدر و احد و خندق و در رجوع از غزوہ حنین و در وادی قری در عمرہ قضا حراست می کردند و در جملہ حارسان کہ از آنہا بحراست واقع شدہ عباس بن عبد المطلب است و مقرر است کہ بعد از فتح مکہ عباس ملازم آنحضرت ﷺ بودہ است پس باید کہ ایں آیت در آخر با نزول یافتہ و بعد از واقع حنین باشد کرمانی در معنیٰ تواند کہ مراد از ایں عصمت از فتنہ مردم و اضلال باشد در فضیلت ایں حراست یک شب در راہ خدا بہتر است از صیام روز و قیام شب کہ در خانہ خود کند ہزار سال و سال سی صد و شصت روز است و نیز واقع شدہ کہ بہتر است از قیام شب قدر و غیر آں نقلہا القسطلانی"۔[40]

"یہ واقع آیت واللہ یعصمك من الناس کے نزول سے پہلے کا ہے اور حدیث سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی غزوہ بدر، احد، خندق، حنین، وادی قری اور عمرہ قضا میں حفاظت کی گئی تھی۔ حضور ﷺ کے محافظوں میں حضرت عباس بن عبد المطلب ہیں اور یہ بات ثابت ہے کہ حضرت عباس فتح مکہ کے بعد آپ کے ساتھ ساتھ رہے اس لیے یہ کہنا چاہیے کہ یہ آیت نزول کے اعتبار سے آخری آیات میں سے ہے اور واقعہ حنین کے بعد ہے۔ علامہ کرمانی اس آیت کے معنی میں لکھتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ عصمت سے مراد لوگوں کے فتنہ اور گمراہ کرنے سے محفوظ رہنا ہو۔ کیونکہ حضرت انس کی مرفوع حدیث میں ہے کہ راہ خدا میں ایک رات کی حفاظت گھر میں رہ کر ایک ہزار سال کے روزہ رکھنے اور رات کے قیام

کرنے سے بہتر ہے اور حدیث میں ہے کہ شب قدر کے قیام سے بہتر ہے اس کے علاوہ بھی روایات ہیں جن کو امام قسطلانی نے روایت کیا ہے"۔

ایسی احادیث جو بظاہر متعارض ہوں ان میں تطبیق بیان کرتے ہیں۔ جیسے کتاب الغسل میں حضرت انس بن مالک کی حدیث ہے {کان النبی ﷺ یدور علی نسائہ فی الساعۃ الواحدۃ من اللیل والنہار وھن احدی عشرۃ} و {قال سعید عن ابی قتادۃ ان انسا حدثھم تسع نسوۃ}۔ ان احادیث میں تضاد کو رفع کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"تطبیق در ایں دو روایت آں است کہ نہ زن زوجہ بودند و دوادہ بودند ماریہ و ریحانہ یا آنکہ ایں دو روایت بحسب اختلاف اوقات بودہ وقتی یازدہ و وقتی نہ زن"۔(41)

"ان دو روایتوں میں تطبیق یہ ہے کہ نو خواتین آپکی زوجہ تھیں اور دو لونڈیاں تھیں۔ حضرت ماریہ اور ریحانہ۔ یا یہ کہ دو روایتیں مختلف اوقات کے اعتبار سے ہیں۔ ایک وقت میں گیارہ ازواج تھیں اور کسی وقت نو ازواج تھیں"۔

حدیث کی ترجمۃ الباب کے ساتھ مناسبت

حدیث کے ابواب کے مناسب آیت و حدیث ذکر کرنا امام بخاری کا خاصہ ہے۔ شارحین صحیح بخاری کی شرح کرتے ہوئے ہر باب میں موجود حدیث کی ترجمۃ الباب کے ساتھ مناسبت بیان کرتے ہیں۔ شیخ نور الحق بھی شارحین کے اسی طریقہ پر عمل کرتے ہوئے حدیث کی ترجمۃ الباب کے ساتھ مناسبت اور عدم مناسبت بیان کرتے ہیں۔ جیساکہ باب وجوب الصلاۃ فی الثیاب میں حدیث ہے {امر النبی ﷺ ان لا یطوف با البیت عریان}۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ننگا آدمی بیت اللہ کا طواف نہ کرے۔ اس حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"مناسبت ایں قول با ترجمہ باب صلوۃ ازیں وجہ تواند بود کہ طواف کعبہ حکم نماز گزاردن دارد و نیز بعد از طواف دو رکعت ہم می گزارند"۔(42)

"اس قول کی باب الصلوۃ کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ طواف کعبہ بھی نماز کی ادائیگی کا حکم رکھتا ہے طواف کے بعد دو رکعتیں بھی پڑھی جاتی ہیں اس لیے کپڑوں میں نماز پڑھنا اور طواف کرنا دونوں متعلق ہو گئے"۔

اقوال شارحین کی روشنی میں شرح

شیخ نور الحق شرح کرتے وقت شارحین حدیث اور محدثین کے اقوال پیش کرتے ہیں۔ متقدمین میں امام بدر الدین عینی ،ابن حجر عسقلانی، امام نووی، ابن ملقن، علامہ خطابی، ابن سبکی، امام قسطلانی، علامہ کرمانی، قاضی عیاض، ابن بطال، امام سیوطی، امام ماوردی، علامہ بدر الدین زرکشی، علامہ برماوی، علامہ دمامینی، مجد الدین فیروز آبادی، علامہ تور بشتی، علامہ طیبی، قاضی ابو بکر، سراج الدین بلقینی، ابن تیمیہ، ابن جوزی وغیرھم کے اقوال ذکر کرتے ہیں۔ ان کی مثالیں جگہ جگہ تیسیر القاری کے صفحات پر موجود ہیں۔

مذاہب فقہاء کا بیان اور فقہ حنفی کی ترجیح

قرآن اور حدیث مصادر فقہ ہیں۔اس لیے شارحین حدیث، حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے حدیث سے مستنبط ہونے والے احکام بیان کرتے ہیں۔ جس سے امت کے لیے عمل کی راہیں کھلتی ہیں۔ شیخ نور الحق حدیث کی شرح لکھتے ہوئے مختلف فقہاء کے مذاہب بیان کرتے ہیں۔ دلائل سے فقہ حنفی کی ترجیح ثابت کرتے ہیں۔ جیسا کہ باب الوضوء ثلاثاً میں حضرت عثمان کی حدیث میں وضو کے اعضاء کو تین تین بار دھونے کا عمل بیان کیا گیا ہے۔ یہاں مسح برأسه کے لفظ ذکر کیے گئے ہیں۔ ان کی شرح میں لکھتے ہیں:

"مسح کرد بسر خود را ہم ثلاثہ نہ گفت چنانچہ اعضائے دیگر گفتہ معلوم می شود کہ یک بار مسح کرد چنانکہ مذہب ابو حنیفہ و مالک واحمد است"۔[43]

"آپ ﷺ نے سر کا مسح کیا اس میں ثلاثہ کا لفظ نہیں بولا جس طرح باقی اعضاء میں بولا گیا ہے پس معلوم ہوا کہ مسح ایک بار کیا گیا جس طرح امام ابو حنیفہ، امام مالک واحمد کا مذہب ہے"۔

مفردات الحدیث کی وضاحت

رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اصحاب فصیح عربی زبان بولتے تھے۔ حدیث کے طالب علم کے لیے عربی لغت کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ اس لیے ہر شارح اپنی زبان میں الفاظ حدیث کی وضاحت کرتا ہے۔ شیخ نور الحق نے امام بخاری کی روایت کردہ احادیث کے الفاظ کے لغوی اور اصطلاحی معانی بیان کیے ہیں۔ کبھی لغوی اور اصطلاحی معنی میں لطیف مناسبت کرتے ہیں۔ معانی کے حسین اور جامع بیان سے حدیث کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ جیسے کتاب الصلوة،باب بنیان المسجد میں ہے { قال ابو سعید کان سقف المسجد من جرید النخل }۔ یہاں جرید کا معنی بیان کرتے ہیں:

"شاخ خرما اگر مجرد از برگ بود آنرا جرید میخواند، واگر با برگ است آنرا سقف گویند"۔[44]

"کھجور کی شاخ اگر پتوں سے خالی ہو تو اسے جرید کہتے ہیں۔اور اگر پتوں سمیت ہو تو اسے سقف کہتے ہیں"۔

متفرق خصوصیات

قرآن اور حدیث ابتداءً ایمانیات اور عقائد اسلام کو بیان کرنے کے لیے نازل ہوئے۔ انہی عقائد پر مذہب اسلام کی بنیاد ہے۔ شارحین حدیث، احادیث میں بیان کردہ عقائد اسلام کو وضاحت سے بیان کرتے ہیں اور حدیث کی روشنی میں عقائد حقہ کو بیان کرتے ہیں۔ شیخ نور الحق نے عقائد اہلسنت صراحت سے بیان کیے ہیں اور فرق کے درمیان مختلف فیہ موضوعات پر بحث کی ہے۔خاص طور پر اہلسنت اور اہل تشیع کے درمیان اختلافی موضوعات پر اہلسنت کے دلائل پیش کرتے ہیں۔ جیسا کہ انہوں نے خلافت صدیق اکبر ([45]) اور منازعت بین معاویہ و علی رضی اللہ عنہما[46] پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

علم حدیث کی حفاظت کے لیے ہزاروں علماء حدیث کی سوانح عمری، مختلف ملکوں اور شہروں کے محل وقوع بیان کیے گئے اور انکی تاریخ نقل کی گئی۔ محدثین کی اپنے شیوخ سے ملاقات اور زمانی نسبت کے اعتبار سے حدیث کے درجے متعین کیے گئے۔ اس لیے تاریخ کا علم حدیث کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ شیخ نور الحق نے بھی بعض تاریخی واقعات اپنی شرح میں ذکر کیے ہیں۔تاریخی مقامات اور اماکن کی وضاحت بھی کی ہے۔ جیسے نمرود، قوم فرعون اور بعض صحابہ کرام کی سیرت بیان کی

ہے۔ تیسیر القاری کی ابتداء میں امام بخاری کی سوانح عمری بھی بالتفصیل بیان کی ہے۔ ان موضوعات کے علاوہ امام بخاری کی وہ روایات جو انہوں نے دوسرے ابواب میں بیان کی ہیں ان کا حوالہ دیتے ہیں۔ بعض مقامات پر نحو کے اصول [47] اور امام بخاری کی ثلاثیات [48] بھی بیان کی ہیں۔

متقدمین کی شروحات بخاری کے تمام نکات کو تیسیر القاری کے مؤلف نے تلخیصا وتسہیلا اپنی کتاب میں سمو دیا ہے اس لیے ہم کہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب شروحات بخاری کی جامع کی حیثیت رکھتی ہے۔

حواشی وحوالہ جات

-1 منشی برکت علی، مراۃ الحقائق، مطبع عزیزی رامپور، ص:38

-2 اعظمی، ڈاکٹر محمد عاصم، محدثین عظام حیات وخدمات، النوریہ رضویہ پبلیکیشنز کمپنی لاہور، ص:638

-3 دہلوی، شیخ نورالحق، نورالعین شرح قرآن السعدین، نیشنل کمیٹی برائے سات سوسالہ تقریبات امیر خسرو، ص:1

-4 نظامی، خلیق احمد، حیات شیخ عبدالحق، مکتبہ رحمانیہ لاہور، ص:248

-5 ایضاً، ص:2

-6 بلگرامی، غلام علی آزاد، مآثرالکرام: کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن1913ء، ج:1، ص:201

-7 حیات شیخ عبدالحق، ایضا، ص:249

-8 مآثرالکرام، ج:1، ص:49

-9 انصاری، محمد اسلم بن حفیظ، فرحت الناظرین، مترجم محمد ایوب قادری، اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ کراچی، ص:67

-10 رحمٰن علی، تذکرہ علمائے ہند، مطبع نامی منشی، نولکشور لکھنو، ص:247

-11 حیات شیخ عبدالحق، ایضا: ص:249

-12 مآثرالکرام، ج:1، ص:201

-13 قادری، سید احمد تذکرہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، شاد بک ڈپو پٹنہ نمبر6، ص:218

14-ندوی، سید ابوالحسن علی، تاریخ دعوت وعزیمت، مجلس نشریات اسلام کراچی، جلد:5، ص:181

-15 جہلمی، مولوی فقیر محمد، حدائق الحنفیہ، المیزان ناشران وتاجران کتب لاہور، ص:438

-16 حیات شیخ عبدالحق: ص:251

-17 قادری، ڈاکٹر محمد یونس، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، موضوعاتی مطالعہ، مکتبہ الحق کراچی، ص:112

-18 محدثین عظام حیات وخدمات، ص:638

-19 نواب محمد علی خان بہت بڑے عالم دین تھے اور 1864 سے 1867 تک ٹونک ریاست کے والی رہے۔ اس عہدہ سے معزولی کے بعد نواب محمد علی نے اپنی کامل توجہ دین کی طرف مبذول کی اور متعدد کتابیں تصنیف کیں۔ جن میں سے امام بخاری کی الصحیح کا ترجمہ خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ 8اگست 1895 کو آپ نے وفات پائی۔ (اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور)

-20 حافظ، قاری، مولوی اور عالم بے بدل تھے۔ نواب محمد علی کے بیٹے تھے۔ اور علوم شریعت کی ترویج میں بہت دلچسپی رکھتے تھے۔ (اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور)

-21 شیخ نورالحق کی اولاد میں سے حافظ فخرالدین کے بیٹے ہیں۔ علم حدیث کے معتبر عالم تھے۔ شرح بخاری کے علاوہ بھی ان کی تصانیف ہیں۔ نادر شاہ کے حملہ تک دہلی میں صدر الصدور رہے۔ (حیات شیخ عبدالحق، ص:253)

-22 دہلوی، شیخ نورالحق، تیسیر القاری شرح صحیح بخاری، مکتبہ حقانیہ پشاور، ج:اول، ص:2

23- ج:اول، تقریظ تیسیر القاری
24- ج:اول،ص:2
25- ج:دووم،ص:80
26- ج:پنجم،ص:26
27- ج:اول،ص:62
28- ایضاً،ص:57
29- ایضاً،ص:96
30- ایضاً،ص:97
31- ایضاً،ص:88
32- ایضاً،ص:89
33- ایضاً،ص:81
34- ایضاً،ص:17
35- ایضاً،ص:19
36- ایضاً،ص:17
37- ایضاً،ص:186
38- ج:سوم،ص:54
39- المائدۃ5:67
40- ج:سوم،ص:69
41- ج:اول،ص:111
42- ایضاً،ص:139
43- ایضاً،ص:78
44- ایضاً،ص:168
45- ایضاً،ص:61
46- ایضاً،ص:169
47- ایضاً،ص:186
48- ایضاً،ص:185

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
http://www.aiou.edu.pk/sab/mi/index.asp
www.iri.aiou.edu.pk

علمائے برصغیر کے مکتوباتی ادب کا مختصر تاریخی جائزہ

A short historical analysis of epistolary literature of the scholars of the sub-continent)

*** ڈاکٹر علی اکبر الازہری**
صدر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور
**** نادیہ عالم**
پی ایچ ڈی سکالر یونیورسٹی آف لاہور

ABSTRACT

Many of the *Mashaikh* (Spiritual Leaders)of the Sub-Continent, who were also the great scholars of their times, not only guided the masses through words but also by letters written to different people on different subjects. The letters included their relatives, followers, contemporary scholars, nobles and the emperors. In their letters they wrote about training, guidance, reformation, awakening, admonition and different facts of morality and *Sufism*. Many collections of such epistles are found today too. Some of them are published while some are still in the form of manuscripts .This article gives a short historical analysis of these letters. Firstly, a short introduction of the relevant author is given which includes their lineage, region, era, education and rank in the society. An overview of their literary work follows their introduction. At the end their letters/epistles are briefly mentioned. This historical analysis only includes the writings of the religious scholars after the advent of Aslam in the Sub-Continent (712AD-93H).During the reigns of Delhi estate (1206-1554AD/602-962H) and *Mughal* Destiny (1526-1857AD/932-1257H).

مکتوب یا خط ابلاغ کا بہت اہم قدیمی ذریعہ رہا ہے۔اللہ رب العزت نے جب اپنی مخلوق کی راہنمائی کے لیے انبیاۓ کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا تو کئی انبیاۓ کرامؑ پر صحائف اور کتب نازل فرمائیں یعنی کسی کی راہنمائی کے لیے لکھ کر بھیجنا سنتِ الٰہیہ ہے اور یہ سنت انبیاۓ کرام علیہم السلام بھی ہے۔قرآن حکیم میں سورۃ النمل میں سیدنا سلیمان علیہ السلام کے خط کا ذکر ہے جو انھوں نے ملکہ سبا کو بھیجا تھا۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:-

اذْهَب بِّكِتَابِي هَذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ(۱)

"میرا یہ خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے پھر ان کے پاس سے ہٹ آ پھر دیکھ وہ کس بات کی طرف رجوع کرتے ہیں"

خود نبی آخر الزماں ﷺ نے جب عرب سے باہر مختلف علاقوں کے بادشاہوں کو اسلام کی دعوت دی تو اسی ذریعہ ابلاغ کو استعمال فرمایا ہے۔ کسی کی شخصیت اور اس کے افکار و نظریات کے جاننے کے لیے مکتوب سے بہتر کوئی صنف نہیں۔ مکاتیب میں مکتوب الیہ سے تعلق خاطر کی بناپر تعلیم، تربیت، تادیب، تنبیہ، جذبات اور علم و فن کا اظہار ہوتا ہے۔ مکاتیب کا مقام و مرتبہ اس کے لکھنے والے کی حیثیت کے مطابق ہوتا ہے جس قدر وہ اپنے علم و فن میں کامل ہوتا ہے اسی قدر اسکے مکاتیب کی قدر و قیمت زیادہ ہوتی ہے۔

ہمارے بزرگان دین (جن کی زندگیاں لوگوں کی ہدایت و اصلاح کے لیے وقف تھیں) جو اپنے زمانے کے جید علماً بھی تھے انہوں نے لوگوں کی ہدایت و راہنمائی کے لیے ہمہ تن کوششیں کیں اور زبانی رشد وہدایت کے ساتھ ساتھ حسب ضرورت مکاتیب بھی لکھے۔ گویا یہ مکاتیب انہوں نے دعوتی اور تربیتی مقاصد کے پیش نظر تحریر فرمائے۔ ان میں سے کئی بزرگوں کے مکاتیب کو بعد میں مجموعوں کی شکل میں مرتب کیا گیا۔ ان مکاتیب سے انکے جذبہ ایمانی، تبحر علمی اور وسعت نظر کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ ان مکاتیب نے برصغیر میں تصوف کی حقیقی تعلیمات عام کرنے اور دینی اقدار کے فروغ میں انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ خصوصاً حضرت مخدومِ جہاں شرف الدین یحیٰی منیریؒ اور امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات گرامی برصغیر میں موضوع تصوف پر بہت ہی گرانقدر علمی کارنامے ہیں۔ ہم اس مضمون میں برصغیر میں اسلام کی آمد کے بعد سے لے کر مغلیہ عہد کے آخر تک کے بزرگوں کے معلوم مکتوبات کے مجموعوں کا ایک مختصر جائزہ لینے کی کوشش کی ہے۔

۱۔ صوفی حمید الدین ناگوریؒ (۵۷۰ھ-۶۷۳ھ)

برصغیر پاک و ہند میں سب سے پہلے ساتویں صدی ہجری میں مکتوبات کا ذکر ملتا ہے۔ ہندوستان میں اس فنِ انشأ کی پہلی مثال صوفی حمید الدینؒ کے "مکتوبات" ہیں۔ صوفی حمید الدینؒ کو سعید ناگوری سوالی بھی کہتے ہیں۔ آپ کا لقب "سلطان التارکین" اور کنیت "ابو احمد" تھی (۲)۔ آپؒ حضرت سعید بن زیدؓ (۳) کی اولاد سے تھے۔ آپؒ نہایت خوبصورت تھے طویل عمر پائی۔ خود فرماتے ہیں کہ فتح دہلی کے بعد مسلمان گھرانوں میں سب سے پہلے میری پیدائش ہوئی۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ (۵۲۷ھ-۶۳۳ھ) کے زمانہ سے شیخ نظام الدین اولیأؒ (۶۳۱ھ-۷۲۵ھ) کے ابتدائی زمانہ تک آپؒ زندہ رہے (۴)۔ یہ سلاطینِ دہلی (۵) کا اولین عہد تھا۔ جو عہدِ غلاماں (۶۰۲ھ-۶۸۵ھ) کے نام سے مشہور ہے۔ خصوصاً غیاث الدین بلبن (۶۶۴ھ-۶۸۶ھ) کا عہد شیخ حمید الدین صوفیؒ کا دورِ دعوت و تبلیغ رہا۔ آپؒ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے جلیل القدر خلیفہ تھے۔ ہندوستان کے عظیم مشائخ میں آپؒ کا شمار ہوتا ہے۔ بڑے پائے کے بزرگ اور کئی کتابوں کے مصنف تھے۔ آپؒ نے سو سال سے زائد عمر پائی وصال مبارک ۲۹ ربیع الثانی ۶۷۳ھ کو ناگور میں ہوا۔ مزار بھی ناگور میں ہے۔

تصانیف: آپ کی تصانیف میں ایک رسالہ "عشقیہ" اور کتاب "اصول الطریقۃ" شامل ہیں۔

آپ کے حالات، ملفوظات اور مکتوبات کو "سرور الصدور ونور البدور" کے نام سے ان کے پوتے شیخ فرید الدین بن عبد العزیز (ف ۷۳۴ھ) نے عہد محمد تغلق (۷۲۵ھ-۷۵۲ھ) میں جمع کیا تھا (۶)۔ "سرور الصدور ونور البدور" کے مطابق جب تصوف سے متعلق کسی سوال کا جواب لکھنے کی ضرورت ہوتی تو خواجہ معین الدین چشتیؒ آپؒ سے ہی لکھنے کو فرمایا کرتے تھے۔ اخبار الاخیار میں بھی آپ کے مکتوبات کا ذکر ہے۔ بالخصوص وہ خط وکتابت جو صوفی حمید الدینؒ اور شیخ بہأ الدین زکریا ملتانیؒ کے درمیان ہوئی (۷)۔

۲. حضرت شرف الدین احمد یحیٰ منیریؒ (۶۶۱ھ۔۷۸۲ھ)

مکتوبات کے حوالے سے آٹھویں صدی ہجری خاندان غلاماں کے ساتویں بادشاہ علاؤالدین مسعود شاہ (۶۴۴ھ-۶۶۴ھ) کے عہد سے تغلق خاندان کے محمد تغلق (۷۵۲ھ-۷۹۰ھ) کے عہد تک ، حضرت شرف الحق والدین احمد یحیٰ منیری رحمۃ اللہ تعالی علیہ کا اسم گرامی بہت معروف ہے۔ آپؒ کے آباء بیت المقدس سے بر صغیر میں تشریف لائے۔ والد کا نام یحیٰ تھا۔ آپ کی پیدائش ۲۶ یا ۲۹ شعبان المعظم ۶۶۱ھ میں قصبہ منیر (ضلع پٹنہ) میں ہوئی۔ گھر پر ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپؒ کو حضرت علامہ اشرف الدین ابو توامہؒ (ف ۷۰۰ھ) جیسا استادِ کامل مل گیا۔ جن سے تمام دینی اور عقلی علوم کی تکمیل کی۔ آپؒ سہروردی سلسلہ کی شاخ "فردوسی" کے مشہور شیخ خواجہ نجیب الدین فردوسیؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ ابتدائے سلوک میں تقریباً چالیس سال قصبہ راج گڑھ کے نزدیک پہاڑ میں طویل ریاضت کے [۸] بعد بہار کے قصبہ منیر میں اقامت اختیار کی۔ درس و تدریس اور رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری فرمایا اور وہیں ۷۸۲ھ میں ایک سو اکیس سال کی عمر میں وفات پائی۔

تصانیف: آپ کی تصانیف میں "ارشاد الطالبین، ارشاد السالکین، رسالہ مکیہ وذکرِ فردوسیہ، فوائد المریدین، رسالۂ اشارات ،رسالہ اجوبہ" شامل ہیں۔ آپ کے ملفوظات مبارکہ کے نو مجموعے ہیں :- "معدن المعانی، خوانِ پر نعمت، راحت القلوب، مخ المعانی، مونس المریدین، گنج لایفنیٰ، فوائد الغیبی، مغز المعانی اور تحفہ غیبی"۔ تاہم آپؒ کے مکتوبات جو تصوف و عرفان کا بے بہا خزانہ ہیں، زیادہ معروف ہیں۔ ان مجموعوں کے نام "مکتوباتِ صدی، مکتوباتِ دوصدی، مکتوبات ہست و بست اور فوائد رکنی" ہیں [۹]۔

مکتوباتِ صدی: یہ حضرتؒ کے ایک مرید خاص قاضی شمس الدین حاکمِ چوسہ کے نام ہیں جو اپنی غیر معمولی مشغولیت اور فرائض منصبی کی انجام دہی کی وجہ سے آپؒ کی خدمت میں حاضری سے معذور تھے۔ ان کے اصرار پر آپؒ نے یہ خطوط ۷۴۷ھ میں لکھے۔ ان میں تصوف کے تمام اہم مسائل زیرِ بحث لائے گئے ہیں۔ اس مجموعہ میں سو مکتوب شامل ہیں۔ حضرت شرف الدین احمد یحیٰ منیریؒ کے مرید خاص اور کاتب مولانا زین بدر عربیؒ نے ان کو قلم بند کیا۔ اس کا اردو ترجمہ کراچی سے ۱۳۹۶ھ میں شائع ہوا۔

مکتوباتِ دوصدی: مکتوباتِ صدی کے ۲۲ سال بعد مکتوباتِ دوصدی کی تکمیل ہوئی۔ یہ چونکہ مختلف مریدوں کے نام لکھے گئے اس وجہ سے بعض مباحث میں توارد و تکرار بھی ملتا ہے۔ اس کے جامع بھی مولانا زین بدر عربیؒ ہیں۔ اس مجموعہ مکتوبات میں دو سو آٹھ مکتوب شامل ہیں۔ یہ مجموعہ اور اس کا اردو ترجمہ بھی چھپ چکے ہیں [۱۰]

فوائدِ رکنی: یہ مکتوبات اپنے مرید خاص حضرت رکن الدینؒ کے سفرِ حج کے زمانے میں تحریر فرمائے جنھوں نے حضرتؒ سے درخواست کی تھی کہ :

"درویش کے لیے مکتوبات کے ذریعے چند فوائد تحریر فرمادیں تاکہ سفر و حضر میں مونسِ روزگار ثابت ہوں"۔

جس پر آپؒ نے ان کے لیے اٹھارہ فوائد تحریر فرمائے۔ ان کی تصانیف کی فہرست میں ان فوائد کو مکتوبات میں بھی شامل کیا جاتا ہے اور بعض اس مجموعہ مکاتیب کو آپؒ کے رسائل میں بھی شامل کرتے ہیں۔

مکتوبات بست و ہشت : یہ دو سو سے زائد مکاتیب تھے جو حضرتؒ نے اپنے عزیز ترین مرید مظفر بلخیؒ کو لکھے۔ یہ اتنے عزیز مرید تھے کہ ان کے بارے میں حضرت منیریؒ نے فرمایا:

"تن مظفر جان شرف الدین، جان مظفر تن شرف الدین" یعنی شرف الدین مظفر ہے اور مظفر شرف الدین ہے۔ صد افسوس کہ مظفر بلخیؒ کی وصیت کے مطابق یہ مکاتیب انکے ساتھ ہی دفن کر دیئے گئے۔ مگر یہ اٹھائیس مکاتیب علیحدہ رہ گئے تھے جو دفن ہونے سے بچ گئے۔ ان کو بعد میں کتابی شکل دے دی گئی۔ (۱۱)

۳. حضرت سید شیخ محمد جعفر مکی سرہندیؒ (۷۰۶ھ-۸۴۱ھ)

آٹھویں صدی ہجری میں ہی حضرت سید شیخ محمد جعفر مکی سرہندیؒ کے مکتوبات کا ذکر ملتا ہے ۔ حضرت شیخ محمد جعفرؒ شیخ نصیر الدین محمودؒ کے ممتاز خلفا میں سے تھے۔ آپؒ نے علاالدین محمد خلجی (۶۹۵ھ-۷۱۵ھ) کے عہد سے عہدِ سادات کے محمد شاہ (۸۳۷ھ-۸۴۷ھ) تک لمبی عمر پائی۔ آبا کرام شرفائے مکہ مکرمہ سے تھے۔ آپؒ مکہ مکرمہ سے دہلی تشریف لائے پھر سرہند میں قیام فرمایا۔ وہیں وفات پائی مزار شریف بھی سرہند میں ہی ہے۔ آپؒ نے ساٹھ سال علومِ ظاہریہ کے حصول میں صرف کیے اور پھر تصوف کی طرف توجہ کی۔ آپؒ نے تصوف میں بلند پایہ کتب تصنیف کیں۔ ان کتب میں آپؒ نے اپنے حالات بھی تحریر فرمائے ہیں۔ جن کے بارے میں شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اخبار الاخیار میں لکھتے ہیں کہ :-

"در آنچہ او از احوال باطن و ظاہر خود نوشتہ است، عقل حیران است۔۔۔۔" (۱۲)

(آپ نے جو اپنے ظاہری و باطنی حالات تحریر فرمائے ہیں ان کو دیکھ کر انسانی عقل حیران رہے بغیر نہیں رہ سکتی۔ اگر ان تمام احوال کو بغیر کسی تاویل کے ان کے ظاہر ہی پر محمول کیا جائے تو یہ اقرار کرنا پڑتا ہے کہ واقعی آپ اپنے وقت کے بہت بڑے کامل بزرگ تھے۔)

تصانیف: آپؒ کے طرزِ تحریر کو بھی شیخ محدثؒ نے خراج تحسین پیش کیا ہے(۱۳)۔ آپ کی تصانیف میں (۱) بحر المعانی، (۲) دقائق المعانی، (۳) حقائق المعانی اور (۴) صحائف السلوک شامل ہیں۔ رسائل میں (۱) رسالہ اسرارِ روح (روح کے بارے میں) (۲) رسالہ پنج نکات (۳) رسالہ بحر النساب شامل ہیں۔ "صحائف السلوک" اور "بحر المعانی" کے بارے میں نثار احمد فاروقی "نقدِ ملفوظات" میں لکھتے ہیں کہ :

"یہ دونوں کتب، ان بنیادی کتب میں شمار ہونے کے لائق ہیں جن سے ہندوستان میں تصوف کے فکری ارتقا کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے" (۱۴)

مکتوبات: آپؒ کی کتاب "بحر المعانی" میں آپؒ کے مکتوبات بھی شامل ہیں۔ جو آپؒ نے ملک محمود عرف شیخن کے نام لکھے، پہلا مکتوب ۸۲۹ھ کا ہے۔ ان مکتوبات میں انھوں نے مسائل و مصطلحاتِ تصوف کی عالمانہ شرح بیان کی ہے۔ اس کا نادر کتاب ایک نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں بھی موجود ہے۔ یہ نسخہ ۱۲۳۶ھ کا مکتوبہ ہے(۱۵)۔

۴. مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ (۷۰۷ھ-۷۸۵ھ)

حضرت مخدوم جلال الدین جہانیاں جہاں گشت بخاریؒ آٹھویں صدی ہجری کے مشہور عالم، شیخ طریقت، سیاح معرفت اور سہروردی سلسلہ کے نامور اساطین میں سے تھے۔ ان کی علمی، روحانی، اور اصلاحی سرگرمیوں سے نہ صرف برصغیر پاک و ہند متاثر ہوا بلکہ انکے علوم و افکار کے اثرات بیرون ہند بھی پہنچے۔ آپؒ حضرت جلال الدین بخاری (سرخؒ) کے پوتے اور حضرت احمد کبیرؒ کے فرزند تھے۔ آپؒ کے دادا نے بخارا سے برصغیر کا رخ کیا اور اوچ میں مستقل سکونت اختیار کی۔

حضرت مخدوم کی پیدائش اوچ میں ہوئی اور وہیں ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ پھر ملتان سے تحصیل علم کے بعد پندرہ سال سے زائد حجاز مقدسہ میں رہ کر علوم ظاہری و باطنی حاصل کیے۔ علوم قرآنی میں خاص درک حاصل کیا۔ وہاں انکے اساتذہ میں شیخ عبداللہ یافعی اور شیخ عبداللہ مطری خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ آپؒ حضرت ابوالفتح رکن الدین المعروف شاہ رکن عالمؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپؒ نے سیر و سیاحت بہت فرمائی اور ''جہاں گشت'' لقب سے مشہور ہوئے۔ آپؒ نے اوچ شریف میں اپنے آبائی مدرسہ میں باقاعدہ تدریس کا اہتمام فرمایا۔ آپؒ نے اپنی اٹھتر سالہ زندگی میں علا الدین خلجی (ف ۷۱۵) تا فیروز شاہ تغلق (ف ۷۹۰) تک سات سلاطین دہلی کے ادوار دیکھے۔ اوچ شریف میں ہی ۱۰۔ذی الحجہ ۷۸۵ھ/۳۔فروری ۱۳۸۴ء کو وصال فرمایا۔[۱۶]

تصانیف: آپ کی تصانیف میں شیخ قطب الدین دمشقیؒ کے رسالہ ''رسالہ مکیہ'' کا فارسی ترجمہ، اربعین صوفیہ، فوائد اعمال واشغال اور ایک نامکمل فارسی ترجمہ قرآن'' شامل ہیں۔ آپؒ کے ملفوظات کے کئی مجموعے ہیں مثلاً ''خزانہ جلالی، جواہر جلالی، مظہر جلالی، جامع العلوم اور سراج الہدایہ''[۱۷]

مقرر نامہ: مقرر نامہ حضرت مخدومؒ کے مکتوبات وہدایات کا مجموعہ ہے۔ ان مکتوبات میں حضرت مخدومؒ نے تصوف و سلوک کی تعلیم کو قلم بند کیا ہے۔ ہر مکتوب ''مقرر باد'' کے لفظ سے شروع ہوتا ہے۔ اس مجموعہ مکتوبات میں بیالیس مکتوبات شامل ہیں یہ مجموعہ مکاتیب ۱۳۷۴ء میں مرتب ہوا۔[۱۸]

۵. سید محمد حسینی گیسو دراز دہلویؒ (۷۲۰ھ۔۸۲۵ھ)

آٹھویں صدی ہجری میں ہی حضرت سید محمد حسینی گیسو درازؒ دہلوی کے ''مکتوبات'' ملتے ہیں[۱۹]۔ آپؒ دہلی میں سلطان قطب الدین مبارک شاہ خلجی (ف ۷۲۰ھ) کے عہد میں پیدا ہوئے[۲۰]۔ آپؒ کے والد سید محمد یوسف المعروف شاہ راجو قتال بھی حضرت نصیر الدین محمودؒ چراغ دہلویؒ کے خلیفہ تھے۔ اس لیے اول روز سے دین اور روحانی ماحول میں تعلیم وتربیت کا موقع میسر آیا۔ آپ حسنی حسینی سادات میں سے ہیں۔ والد گرامی سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد دہلی کے مشہور اساتذہ سے کسبِ فیض کیا۔ علومِ ظاہری کی تکمیل آپؒ نے قاضی عبدالمقتدر تھانیسری (۷۰۲ھ۔۷۹۱ھ) جیسے فاضل سے کی[۲۱]۔ حضرت گیسو درازؒ شمالی ہند کے مقبول سلسلوں (چشتیہ و سہروردیہ) کے مشہور بزرگوں میں سب سے پہلی ہستی ہیں جنھوں نے سلوک وتصوف کی عملی تربیت کے ساتھ ساتھ تصنیف وتالیف کی طرف بھی پوری توجہ فرمائی۔

تصانیف: آپؒ کی تصانیف کی تعداد آپؒ کی عمر کے سنین کے مطابق ایک سو پانچ (۱۰۵) بتائی جاتی ہے۔ ''سیرِ محمدی''[۲۲] میں انکی اکتیس کتابوں کے نام دئے گئے ہیں جو زیادہ تر تصوف میں ہیں۔ حقیقت میں آپؒ سے علومِ اسلامی کا کوئی شعبہ نظر انداز نہیں ہوا۔ ان میں سلوک کے رنگ میں تفسیر قرآن مجید، کشاف کی طرز پر ایک تفسیر کے پانچ پارے، کشاف پر حواشی، شرح فصوص الحکم، موارف شرح عوارف، شرح فقہ اکبر (عربی و فارسی) رسالہ سیرۃ النبی ﷺ، شرح آداب المریدین، اسمأ الاسرار اہم ہیں۔ ۔آپ خوش گو شاعر بھی تھے اور تخلص محمدؐ تھا۔ آپ کا شعری دیوان مولوی سید عطا حسین صاحب کی تصحیح کے بعد شائع ہو چکا ہے۔

مکتوبات: آپ کے فارسی مکتوبات کو بھی مولوی سید عطا حسین نے ''کمیٹی'' اشاعت تصانیف عالیہ حضرت گیسو درازؒ کے ذریعے شائع کیا ہے[۲۳]۔ حضرت گیسو درازؒ کا علمی مرتبہ ان کی تصانیف سے ظاہر ہے۔ اسی طرح ان کے مکتوبات بھی ان کی علمی پختگی اور تابع شریعت ہونے کا بخوبی پتہ دیتے ہیں۔

۶. حضرت شیخ حسینؒ (۸۲۰ھ-۹۱۰ھ)

نویں صدی ہجری میں شیخ حسینؒ کے مکتوبات کا ذکر ملتا ہے۔ یہ خاندانِ سادات (۸۱۷ھ-۸۵۵ھ) اور لودھی خاندان (۸۵۵ھ-۹۳۰ھ) کے آغاز کا زمانہ تھا۔ شیخ حسینؒ حضرت مُعز بلخیؒ کے صاحبزادے تھے۔ اوائل عمری میں دہلی میں رہ کر تعلیم حاصل کی۔ ان کے چچا مولانا برہان الدین شمسی مظفر بلخیؒ شیخ شرف الدین یحیٰی منیریؒ کے عزیز ترین مرید تھے اور خود شاعر اور اہل قلم سے تھے۔ یہ مشہور ہے کہ شیخ حسین اپنے چچا شیخ مظفر بلخیؒ (۲۴) کے مرید و خلیفہ تھے۔ لیکن شیخ حسینؒ کے اپنے بیان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ آپؒ شیخ شرف الدین یحیٰی منیریؒ کے حلقہ ارادت میں بھی شامل رہے تاہم آپ کی تربیت شیخ مظفر بلخیؒ نے فرمائی اور انہی سے ہی خلافت حاصل ہوئی۔ اس کے بعد شیخ حسینؒ نے علم و سلوک میں مزید ترقی کے لیے حجاز کا سفر اختیار کیا۔ مدینہ منورہ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور اس سعادت سے جو تمام مقاصد کے حصول کی اساس و بنیاد ہے مشرف ہو کر اپنے آبائی وطن واپس تشریف لائے۔(۲۵) آپؒ نے نوے سال عمر پائی۔

مکتوبات: اخبار الاخیار میں حضرت محدث دہلویؒ نے شیخ حسینؒ کے مکتوبات کی تعریف کرتے ہوئے ۱۷-۱۸ صفحات میں ان مکتوبات سے مفصل اقتباسات دیئے ہیں۔ ان مکتوبات کے بارے آپؒ میں وہ لکھتے ہیں:۔

"ان کے مکتوبات اپنے شیخ کی نہج پر اور طرز پر ہیں جن میں آپؒ نے توحید کے اسرار اور گوشہ نشینی اختیار کرنے کو بڑے لطیف انداز میں تحریر فرمایا ہے"(۲۶)

۷. حضرت نور قطبِ عالمؒ (۷۲۲ھ-۸۱۳ھ)

آٹھویں صدی ہجری میں ہی تغلق خاندان (غیاث الدین تغلق تا نصرت شاہ تغلق ۷۲۰ھ-۸۱۵ھ) کے عہد میں حضرت نور قطبِ عالمؒ کے مکتوبات کا ذکر ملتا ہے۔ آپؒ شیخ نور الحقؒ (شیخ علاؔ الدین علاؔ الحق بنگالی لاہوریؒ مقلب بہ گنجِ نبات) کے فرزند و خلیفہ تھے اور نور قطبِ عالم کے نام سے معروف تھے۔ آپؒ کو اپنے والد گرامی سے بھی زیادہ فروغ حاصل ہوا۔ ان کی نسبت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اخبار الاخیار میں لکھتے ہیں:۔

"شیخ نور الحق والدین رحمت اللہ علیہ المشہور بہ شیخ نور قطبِ عالم فرزند و مرید خلیفہ شیخ علاً الحق است،از مشاہیر اولیائے ہندوستان و صاحبِ عشق و محبت و ذوق و شوق و کرامت"(۲۷)

(یعنی، شیخ نور الحق والدینؒ شیخ نور قطبِ عالم کے نام سے مشہور تھے اور شیخ علاؔ الحقؒ کے بیٹے مرید اور خلیفہ تھے۔ انکا شمار ہندوستان کے بڑے اولیأاللہ اور صاحبِ شوق و ذوق اور صاحبِ کرامت بزرگوں میں ہوتا ہے۔)

شیخ نور قطبِ عالم نہ صرف ایک خدا رسیدہ، خادمِ خلق بزرگ اور صاحبِ طرز اہلِ قلم تھے بلکہ انھوں نے بنگالہ کے ملکی معاملات میں بھی اہم کردار ادا کیا(۲۸)۔ آپ کی تاریخِ وفات کے متعلق اگرچہ اختلاف ہے۔ لیکن عام خیال یہ ہے کہ نور بنور شد کی تاریخ وفات کے مطابق آپؒ نے ۱۴۱۵ء کو وفات پائی۔ مزار مبارک پنڈوہ ضلع مالدہ (مغربی بنگال) میں ہے(۲۹)۔

تصانیف: آپ نے "انیس الغربأ" کے نام سے ایک رسالہ تحریر فرمایا۔ "ملفوظاتِ قطب عالم" کے نام سے آپ کے ملفوظات بھی جمع کیے گئے ہیں۔ تاہم ان کی تعلیمات کا پرتو ان کے مکتوبات ہیں جو "مکتوبات قطب عالم" کے نام سے معروف ہیں۔

مکتوباتِ قطبِ عالمؒ: آپؒ کی تحاریر خصوصاً مکتوبات پر زہد و رہبانیت کا رنگ غالب ہے۔ آپ نے مکتوبات میں لطیف و دلآویز اشعار کثرت سے استعمال فرمائے ہیں۔ ان مکتوبات کو مولانا حسام الدین نانکپوری نے مرتب کیا ہے۔ مجموعہ میں مکتوبات

کی تعداد ۱۲۱ ہے۔ آپ نے زیادہ تر مکتوب اپنے بیٹے شیخ فضل اللہ (المعروف قاضی شاہ) کے نام لکھے ہیں جو پنڈوہ میں آپؒ کے جانشین ہوئے۔ باقی مکتوب آپؒ کے نواسوں اور مریدوں کے نام ہیں (۳۰)۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ ان مکتوبات کی نسبت لکھتے ہیں:-

"شیخ نور قطبِ عالم را مکتوبات است بغایت شیریں و لطیف۔ بہ زبانِ اہلِ درد و محبت" (۳۱)۔

(یعنی شیخ نور قطبِ عالم کے خطوط کے اندر وہ شیرینی اور وہ لطف و سرور ہے جو اہلِ دل کے دل کا علاج اور اہلِ محبت کے لیے محبت کا پیغام ہے)

۸. میر سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ (۷۰۷ھ۔۸۷۱ھ)

نویں صدی ہجری میں سابق شاہ سمنان حضرت اوحد الدین سید اشرف جہانگیر سمنانی ولد سلطان ابراہیم شاہ سمنان (خراسان) کے مجموعہ مکاتیب "مکتوبات اشرفی" کا ذکر ملتا ہے (۳۲) آپؒ کا زمانہ فیروز شاہ تغلق (۷۵۲ھ-۷۹۰ھ/ ۱۳۵۱ء-۱۳۸۸ء) کے عہد سے بہلول لودھی (۸۵۵ھ-۸۹۴ھ/۱۴۵۱ء-۱۴۸۸ء) کے عہد تک ہے۔ لطائفِ اشرفی کے مطابق آپؒ مادرزاد ولی تھے۔ آپؒ کا سلسلہ نسب سیدنا امام حسینؓ سے ملتا ہے۔ سات سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا اور قرأت سیکھی۔ چودہ سال کی عمر میں علومِ ظاہری سے فارغ ہوئے۔ (۳۳) انھی دنوں والد کی وفات کے بعد ان کی مسند پر رونق افروز ہوئے۔ حضرت خضرؑ کی راہنمائی سے شیخ علاؤالحق (بن اسعد لاہوریؒ) بنگالی گنج نبات (۷۰۱ھ-۸۰۰ھ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بیعت سے مشرف ہوئے۔ شیخ نے "جہانگیر" کا لقب عطا فرمایا اور خرقۂ خلافت بھی مرحمت فرمایا۔ آپؒ سلسہ "اشرفیہ" کے بانی و سرخیل ہیں۔

میر سمنانیؒ نے اپنے عہد کی اہم ترین اور نادرِ روزگار ہستیوں سے ملاقات کی۔ مثلاً جب آپؒ واردِ ہندوستان ہوئے تو اوچ شریف میں مخدوم سید جلال الدین جہانیاں جہاں گشتؒ کی خدمت سے مشرف ہوئے۔ روم میں مولانا جلال الدین رومیؒ اور انکے بیٹے حضرت سلطان ولد سے ملاقات کی۔ دمشق میں شیخ فخر الدین عربیؒ کی زیارت کی۔ مشہد میں آستانہ عالی جناب امام علی رضاؒ میں معتکف ہوئے وہاں امیر تیمور لنگ سے ملاقات ہوئی۔ پھر ماوراالنہر میں حضرت شیخ بہاالدین نقشبندؒ کی خدمت میں رہے اور خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ پھر ان ممالک سے ہوتے ہوئے دکن آئے اور حضرت گیسو درازؒ کی مجالس میں حاضر ہوتے رہے۔ آپؒ نے حضرت شرف الدین یحییٰ منیریؒ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ اپنی خانقاہ میں کچھ عرصہ قیام کے بعد حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ کے ہمراہ دنیا کی سیر کی۔ اس کے بعد اپنے شیخ کی خدمت میں حاضر ہو کر روحانی فیوض سمیٹے۔ لکھا ہے کہ اس سیر و سفر میں آپ ایک سو نوے کاملین سے فیض یاب ہوئے (۳۴)۔ آپؒ کی خانقاہ جون پور کے ایک قصبہ کچھوچھہ میں ہے۔ جہاں آپؒ نے ۸۷۱ھ میں وفات پائی۔ ایک حوض کے درمیان مزار شریف ہے۔ اس علاقہ میں جنات کو دور کرنے کے لیے آپؒ کا نام لے دینا بڑا تیر بہدف ہے۔

نثار احمد فاروقی "نقدِ ملفوظات" میں ان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

''سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ بھی سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے بزرگ ہیں انکے ملفوظات کا مجموعہ ''لطائفِ اشرفی'' نظام حاجی غریب یمنی کافراہم کردہ ہے جو تیس سال تک حضرت سمنانیؒ کے ساتھ رہے۔اس کتاب میں غالباً پہلی باراصطلاحاتِ صوفیہ کی تشریح کی گئی ہےاور تصوف کے نظری پہلوؤں پر بھی بہت سا قیمتی مواد موجود ہے۔آپؒ دنیا بھر میں واحد تذکرہ نگار ہیں جو حافظ شیرازیؒ سے اپنی ملاقات کاحال لکھتے ہیں۔ورنہ حافظ شیرازیؒ کے کسی دوسرے معاصر کاایسا بیان موجود نہیں ہے[۳۵]۔''

تصانیف:آپؒ کی تصانیف میں بشارت المریدین(رسالہ قبریہ) موجود ہے۔شاعری سے کافی لگاؤ تھا۔ تخلص اشرفؔ تھا۔ جب سمنان کی حکومت چھوڑی توآپؒ کادیوان مرتب ہو چکا تھا۔

مکتوباتِ اشرفی:آپ کے مکتوبات کے مجموعہ کوآپ کے نام کی نسبت سے ''مکتوباتِ اشرفی'' کا نام دیا گیا۔یہ آپؒ کے سجادہ نشین حضرت سید عبد الرزاق نورالعین (م۸۶۹ھ) نے جمع کئے۔ابھی تک طبع نہیں ہوا۔ہاں اس مجموعہ کے قلمی نسخے ملتے ہیں۔اس مجموعہ میں پچھتّر مکتوبات ہیں۔عبدالحق محدث دہلویؒ اخبار الاخیار میں بہت تعریف کی ہے۔لکھتے ہیں کہ:-

''اورامکتوبات است مشتمل بر تحقیقات غریبہ''[۳۶]

(یعنی آپ کے مکتوبات بڑی عجیب و غریب تحقیقات کا مجموعہ ہیں) شیخ محدثؒ نے قاضی شہاب الدین دولت آبادی(م ۸۴۹ھ)کے نام آپؒ کامکتوب بھی اخبار الاخیار میں نقل کیا ہے[۳۷]۔

۹. شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ (۸۵۲ھ-۹۴۵ھ)

دسویں صدی ہجری میں عہدِ سادات (۸۱۷ھ-۸۵۵ھ) کے آخر اور لودھی خاندان (۸۵۵ھ-۹۴۶ھ) کے آغاز میں مجموعہ مکاتیب ''مکتوباتِ قدوسیہ'' کا ذکر ملتا ہے[۳۸]۔یہ شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ ولد شیخ اسمٰعیل کے تحریر کردہ مکتوبات ہیں۔۔ آپؒ کا سلسلہ نسب چند واسطوں سے حضرت امام ابو حنیفہ پر منتہی ہوتا ہے۔[۳۹]آپؒ سلسلہ صابریہ چشتیہ کے ایک عالی مرتبت بزرگ ہیں۔آپؒ نے سلسلہ صابریہ کے نظام کو ترتیب دیا اور صابریہ سلسلہ کو شمالی ہند میں پھیلایا،بہت ترقی دی اور اس کے اثرات کو دور دور تک پہنچادیا۔آپؒ نے ۲۳-جمادی الآخر ۹۴۵ھ/۱۵۳۷ء میں ۸۴ سال کی عمر میں رحلت فرمائی۔آپؒ کا مزار شریف گنگوہ میں ہے[۴۰]۔

تصانیف:آپؒ کثیر التصانیف بزرگ ہیں۔صاحبِ دیوان تھے اور قدوسؔ تخلص تھا۔آپؒ کی تصانیف میں ''شرح عوارف المعارف، حاشیہ فصوص الحکم،رسالہ قدسیہ (وحدت الوجود پر)، غرائب الفوائد، مظہر العجائب اور مکتوباتِ قدوسیہ، انوار العیون، رشد نامہ، رسالہ قدوسیہ،'' شامل ہیں۔آپؒ نے اپنی تصانیف میں وحدت الوجود پر خاص طور سے زور دیا ہے۔آپؒ کے ملفوظات کو''لطائفِ قدوسی'' کے نام سے آپؒ کے فرزند و جانشین شیخ زین الدین نے مرتب کیا[۴۱]۔

مکتوباتِ قدوسیہ: شیخ گنگوہیؒ نے اکثر مکتوبات اپنے مرید و خلیفہ شیخ عبدالرحمٰنؒ کے نام لکھے ہیں[۴۲]۔آپؒ نے کچھ خطوط بادشاہوں اور امرا کو بھی لکھے۔شیخ گنگوہیؒ کو لودھی افغانوں سے خاص تعلقِ خاطر تھا۔انھوں نے محسوس کیا کہ لودھیوں خصوصاً سکندر لودھی نے شعائرِ اسلام کو بلند کیا ہے۔اس لیے وہ اس کی بڑی قدر کرتے تھے۔سکندر لودھی کے نام ان کا ایک خط ہے جس میں اسے غم خوارئِ خلق، بالخصوص علما اور آئمہ کی تیمارداری پر توجہ دلائی ہے[۴۳]۔پھر جب بابر تختِ دہلی پر براجمان ہوا تو اسے ایک خط میں تاکید کی کہ شرع محمدی کی ترویج کے لیے اقدامات عمل میں لائے[۴۴]۔اسی طرح کے مکتوبات انھوں نے اپنے زمانے کے بعض امرا مثلاً خواص خان، ہیبت خان شروانی،ابراہیم خان شروانی اور تردی بیگ وغیرہ کو بھی لکھے اور ان کو اتباعِ

شریعت کی تلقین کی(۴۵)۔ مکتوبات قدوسیہ کو "الفیصل" پبلی کیشنز نے شائع کیا ہے۔ اس ضخیم مجموعہ میں ۱۹۳ مکتوبات ہیں شیخ گنگوہیؒ کے ان مکتوبات کو حضرت مجدد الف ثانیؒ کے اہم مکتوبات کا پیش رو سمجھنا چاہیے۔

۱۰۔ حضرت شاہ کمال کیتھلیؒ (۸۹۵ھ-۹۸۱ھ)

نویں صدی ہجری میں ہی حضرت شاہ کمال کیتھلیؒ کے "مکتوبات" بھی قابلِ قدر ہیں(۴۶)۔ آپؒ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے والد شیخ عبدالاحد قادریؒ کے شیخ تھے۔ آپؒ حضرت غوث صمدانی سید عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد سے ہیں۔ پورا نام ابو البرکات شاہ کمال حسنیؒ ہے۔ آپؒ کے القاب "سلب احوال" اور "لال ریال" تھے(۴۷)۔ آپؒ کے والد ماجد حضرت سید عمرؒ حافظ قرآن تھے اور طب، فقہ، حدیث، فلسفہ، اصول منقول و معقول کے جید عالم اور عراق میں ان علوم میں بے مثل تھے۔

آپؒ بغداد میں ۷ شوال المکرم ۸۹۵ھ/ ۱۴-اگست ۱۴۹۰ء کو پیدا ہوئے۔ آپؒ نے حضرت شاہ فضیل قادریؒ عرف زندہ پیر (۸۷۱ھ-۹۹۶ھ) سے بیعت کی اور ان سے علم و ادب(۴۸) اور خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ ہندوستان آ کر کافی سیاحت میں رہنے کے بعد کیتھل میں "باغِ ہمایوں" رہائش اختیار کی۔ ایامِ سیاحت کے دوران آپ کے علم اور مذہبی و ادبی ذخیرے کی شہرت ہوئی تو لوگ دور دور سے آ کر آپ سے فیض حاصل کرتے رہے۔ آپؒ نے کیتھل میں ہی ۲۹ جمادی الآخر ۹۸۱ھ میں بمطابق ۲۶-اکتوبر ۱۵۷۳ء میں تقریباً ۸۶ سال عمر میں وفات پائی اور بدھ کیار نامی تالاب کے کنارے مدفون ہوئے(۴۹)۔

مکتوبات: آپؒ کے مکتوبات آپ کی علمیت و روحانیت کی شاندار یادگار ہیں اور علم و فن کا حسین مرقع۔ فارسی زبان میں پند و نصائح سے بھرپور یہ مکتوبات دنیائے علم کے لیے بہترین سرمایہ ہیں۔ ان مکتوبات سے ظاہر ہوتا ہے جیسے کاتب سامنے موجود درس میں مشغول ہے۔ یہ مکاتیب مختلف اصحاب کے نام تحریر کئے گئے ہیں مگر زیادہ تر حضرت شاہ موسیٰ ابوالمکارمؒ(۵۰) اور حضرت عبدالاحد کابلیؒ کے نام ہیں۔ ان میں موقع کی مناسبت سے عربی و فارسی اشعار پائے جاتے ہیں، جو آپ کے عمدہ شعری ذوق کے عکاس ہیں۔

۱۱۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ (۹۵۸ھ-۱۰۵۲ھ)

دسویں اور گیارہویں صدی ہجری کے دوران مغلیہ عہد (۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء-۱۲۷۵ھ/۱۸۵۷ء) میں بہت معروف اور محترم شخصیت حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے "مکتوبات" ملتے ہیں(۵۱)۔ شیخ محدثؒ کے آبا اجداد بخارا کے رہنے والے تھے۔ اپ کے اجداد میں سے سب سے آغا محمد ترک علاء الدین خلجی کے عہد (۶۹۵ھ-۷۱۵ھ) میں ہندوستان تشریف لائے۔ والد شیخ سیف الدینؒ تھے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ شیر شاہ سوری کے بیٹے اسلام شاہ سوری (۹۵۲ھ-۹۶۰) کے عہد میں، محرم ۹۵۸ھ کو پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار نے آپ کی تربیت میں اپنی تمام صلاحیتیں وقف کر دیں۔

اللہ تعالیٰ نے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کو نہایت قوی حافظہ اور بہترین استعداد عطا فرمائی تھی۔ پڑھنے سے بہت شغف تھا چنانچہ اپنے بچپن کے زمانہ میں کبھی کوئی کھیل نہیں کھیلا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے ۱۲-۱۳ سال کی عمر میں شرح عقائد اور ۱۵-۱۶ سال کی عمر میں مطول وغیرہ پڑھ لیں۔ اٹھارہ سال کی عمر میں تمام علومِ عقلیہ و نقلیہ پڑھ کر فراغت حاصل کر لی۔ پھر ماوراالنہر جا کر وہاں کے مشہور علمأ سے اکتسابِ علم و فیض کیا اور اپنے زمانے کے جید علمأ و صلحائے امت سے ہوئے۔ آپؒ حضرت شیخ سید جمال الدین ابو الحسن موسیٰ پاک شہید ۱۰۰۱ھ(۵۲) کے نامور مرید و خلیفہ تھے۔ شیخ کی وفات کے بعد آپؒ حجاز شریف لے گئے اور علمائے حجاز سے علمِ حدیث کی تکمیل کی۔ خصوصاً حضرت عبدالوہاب متقیؒ(۵۳) سے اخذِ علم فیض کیا۔

آپؒ نے تمام عمر تصنیف و تالیف، درس و تدریس اور زندقہ والحاد کی تردید میں بسر کی۔ عہدِ جہانگیر میں مقبولِ خاص و عام تھے۔ آپؒ نے عہدِ اکبری سے لے کر اپنے عہد تک کے دینی و سیاسی حالات و واقعات کا جائزہ لے کر بڑے غور و فکر کے بعد دینی نصابِ تعلیم میں قرآن و حدیث کو مقدم قرار دیا اور فرمایا کہ جو شخص قرآنِ کریم کی تفسیر میں رائے مذموم کو دخل دے وہ کفرو الحاد کا مرتکب ہے۔ آپؒ نے ہی سب سے پہلے علمِ حدیث کو ہندوستان میں رواج دیا۔ آپؒ نے شریعت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ آپؒ کے نزدیک وہ علم علم نہیں جو تقویتِ دین و ملت کا باعث نہ ہو۔ آپ شیخ احمد سرہندی حضرت مجدد الف ثانیؒ کے ہم عصر تھے۔ ابتداً میں شیخ مجددؒ کے بعض اقوال اور باطنی ادراکات پر شرعی نقطہ نگاہ سے گرفت بھی کی تھی۔ بعد میں رفع التباس پر حضرت مجدد سے مراسم مستحکم ہو گئے تھے(۵۴)۔ ۲۱ ربیع الاول ۱۰۵۲ھ میں ۹۴ سال کی عمر میں بعہدِ شاہجہاں وفات پائی۔ آپؒ کا مقبرہ دہلی میں حوضِ شمسی پر واقع مرجع خواص و عوام ہے۔

تصانیف: شیخ محدث کی عمر کا بیشتر حصہ تصنیف و تالیف میں ہی گزرا۔ آپؒ کی تصانیف کی تعداد ساٹھ ہے اور اگر آپؒ کے مکتوبات و رسائل کو بھی شامل کیا جائے تو تعداد سو سے اوپر ہو جاتی ہے۔ ہر علم و فن پر آپؒ کی تصنیف موجود ہے۔(۵۵)

المکتوبات والرسائل: آپؒ کے اس مجموعہ مکتوبات میں ٦٨۔ مکتوب شامل ہیں۔ فارسی اور اردو ترجمہ دونوں میں چھپ چکا ہے۔ اس مجموعہ مکاتیب کے بارے میں خود ہی بیان فرماتے ہیں:-

" فقیر حقیر عبدالحق بن سیف الدین دہلوی نے اپنے وہ خطوط و رسائل جمع کر دئے ہیں جو وقتی تقاضوں اور حالات کی مناسبت سے لکھے ہیں۔ ان میں بعض دوستوں کی خاطر، بعض اہلِ سلوک و تصوف کے لیے اور بعض سعید و دیندار امراؑ و حکام کی خدمت میں لکھ کر بھیجے گئے ہیں اور بعض خود اپنے نفس کی نصیحت کی خاطر لکھے گئے کہ وہ اس نصیحت کا سب سے زیادہ مستحق ہے۔ بندہ کو مشائخ کا حکم ہے کہ دین کی باتوں کے علاوہ جن سے شریعت کی ترویج و تجدید، عقائد کی حفاظت یا سنت کا استحکام ہوتا ہے اور کوئی بات نہ کہے اور حدِ اعتدال و دائرہ احتیاط سے کبھی خارج نہ ہو اور نہ اشاراتِ وجودیہ اور تاویلاتِ باطنیہ کو ہاتھ لگائے۔۔۔۔ اس بندہ عاجز کو مشائخ کا یہ حکم بھی ہے کہ دقائقِ حقائق کو بیان نہ کرے بلکہ امت کے معاملات میں اور اپنے عیوب پر تنبیہ کو واضح کرے، نیز علمِ باطن کو علمِ ظاہر پر مقدم نہ کرے اور نہ (ہی) باطن کو چھوڑ کر (صرف) ظاہر پر اکتفاً کرے۔ اس حکم کے مطابق اس عاجز کا تصنیف و تالیف، نقل و ترجمہ اور آئمہ دین کے کلام میں اکثر یہ طریقہ ہے کہ راہِ تنزیہ اختیار کرتا ہے۔ ہاں ضمناً کسی مقام کی تشریح یا رفع اشکال کے موقعہ پر ایسا کلام آگیا ہے"(۵٦)

۱۲. حضرت خواجہ محمد باقی باللہؒ (۹۷۱ھ-۱۰۱۲ھ)

عہدِ اکبر (۹٦۳ھ/۱۵۵٦ء-۱۰۱۴ھ/۱٦۰۵ء) میں حضرت خواجہ ابو المؤید رضی الدین محمد باقیؒ کے "مکتوبات شریفہ حضرت باقی باللہ" کے نام سے ملتے ہیں۔ آپ کا اسمِ گرامی رضی الدّین محمد باقی تھا۔ مگر دنیائے تصوف میں خواجہ محمد باقی باللہؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔ والد قاضی عبدالسلام خلجی سمرقندی، ایک متبحر عالم تھے۔ خواجہ باقی باللہؒ کا نسب مبارک امام علی نقیؓ سے جا ملتا ہے۔

خواجہ باقی باللہؒ نے آٹھ سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کیا۔ علومِ منقولہ کے لیے مجمع فضائل مولانا محمد صادق حلوائیؒ کے حلقہ درس میں شامل ہوئے۔ بعد ازاں مزید تحصیل علم کے لیے ان کے ساتھ بلخ، بخارا، بدخشاں (سمرقند) اور ماوراألنہر کے سفر کیے۔ سلسلہ نقشبندی میں حضرت مولانا خواجگی امکنگیؒ سے بیعت کی۔ خواجہ امکنگیؒ نے آپؒ کو ہندوستان جا کر سلسلہ کو پھیلانے کا

حکم فرمایا۔آپؒ نے ۱۰۰۸ھ میں دہلی آکر سکونت اختیار کی اور خانقاہ تعمیر کی جس میں متلاشیانِ حق کا ہجوم امڈ آیا۔آپؒ اپنے وقت کے امام اور مقتدائے زمانہ ہوئے۔آپؒ کے بے شمار خلفاء تھے،جن میں امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ خلیفہ اعظم تھے۔حضرت مجددؒ سے ہندوستان اور اقصائے عالم میں سلسلہ نقشبندیہ کی نشرواشاعت ہوئی(۵۷)۔خواجہ باقیؒ نے صرف چالیس سال عمر پائی اور ۲۵ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ انتقال فرمایا۔اپنی خانقاہ میں مدفون ہوئے۔

تصانیف: خواجہ باقیؒ کی تصنیفات میں ان کی رباعیات ''سلسلۃ الاحرار'' اور نظموں کا ایک مجموعہ ''کلیات'' شامل ہے۔ ''سلسلۃ الاحرار'' کی شیخ احمد سرہندی حضرت مجدد الف ثانیؒ نے شرح بھی لکھی ہے۔

مکتوبات: آپؒ کے مکتوبات ''مکتوبات شریف حضرت باقی باللہ نقشبندی دہلویؒ'' کے نام سے جمع کیے گئے ہیں۔یہ مجموعہ مکاتیب چھپ چکا ہے۔اس میں انکے ہر مکتوب کو'' رقعہ'' کا نام دیا گیا ہے۔مجموعہ میں کل تراسی (۸۳) مکتوبات ہیں۔اس مجموعہ میں کئی مکتوبات ایسے ہیں جو مغلیہ دربار کے امراٗ کو لکھے گئے ہیں۔کچھ مکاتیب آپؒ نے ہندوستان آمد سے پہلے یہاں کے بعض احباب کو لکھے اور کچھ مکتوبات ان کے خلفاٗ و مریدین کے نام ہیں(۵۸)۔

۱۳. حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ (۹۷۱ھ۔۱۰۳۴ھ)

شیخ محدثؒ کے ہم عصر حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ فاروقی بن عبدالاحدؒ کی شخصیت اور مکتوبات کسی تعارف کے محتاج نہیں۔آپ جمعہ چودہ شوال ۹۷۱ھ/۱۵۶۴ء کو سرہند میں پیدا ہوئے،جو ریاست پٹیالہ (مشرقی پنجاب) کے ضلع فتح گڑھ میں واقع ہے۔حضرت مجددؒ نے ابتدائی تعلیم سرہند میں ہی حاصل کی اور یہیں قرآن مجید حفظ کیا۔پھر سیالکوٹ میں جید علماٗ سے علم حاصل کیا۔سترہ سال کی عمر میں آپؒ علم ظاہری کی تحصیل سے فارغ ہو کر سرہند واپس آئے اور درس وتدریس میں مشغول ہوئے۔اس زمانہ میں آپؒ نے مختلف وجوہات واسباب کی بناپر عربی و فارسی میں رسائل تحریر کیے (۵۹)۔۱۰۰۸ھ میں حضرت باقی باللہؒ کی بیعت کی اور محض دو تین ماہ میں ہی بہت اعلیٰ مدارج حاصل کیے۔اس کا ذکر آپ نے خود بھی بطریق اجمال اپنے مکتوبات (دفتر اول، مکتوب ۲۹۰) میں کیا ہے۔

آپ نے اپنے زندگی میں بہت سے اہم کام سرانجام دئے مثلاً دین کی ترویج واشاعت،طریقہ نقشبندیہ کی خدمت،شریعت و طریقت کی تطبیق،بدعت کی مخالفت اور اہم ترین کام دین اکبری کے فتنے کی سرکوبی اور اسلام کا عام احیاٗ تھا۔اس عہد میں ہندوؤں کا زور دربارِ شاہی میں بڑھتا جارہا تھا جس نے مسلمانوں میں طرح طرح کی مشکلات پیدا کر دی تھیں۔آپؒ نے شعائرِ اسلام کے احترام پر زور دیا،امراٗ و اراکینِ سلطنت کو اس کی تلقین کی۔آپؒ نے جہانگیر کے سامنے سجدہ تعظیمی سے انکار کے باعث قید وبند کی سختیاں جھیلیں اور اپنی جرأت ایمانی سے خلافِ شرع احکام کی ڈٹ کر مزاحمت کی۔آپؒ نے ترویجِ شریعت اور ملتِ اسلامیہ کی تائید و تقویت کے لیے یہ کوشش کی اور مکتوب لکھ کر بادشاہ کے قریبی ارکانِ سلطنت کو اسلام کی حقیقی روح سے روشناس کروایا۔ان کو اس قربت شاہی سے فائدہ اٹھانے پر زور دیا کہ بادشاہ کو ایسے مسائل دینیہ سے آگاہ کریں جس پر عقائدِ اسلامیہ کی بنیاد ہے اور یہ کوشش بھی کی کہ دین دار طبقے کو بادشاہ کا قرب حاصل ہو جائے تاکہ علمائے سوٗ اور ہندو امراٗ بادشاہ کے مزاج میں رسوخ حاصل کرنے میں پہل نہ کر جائیں۔مقصد یہ تھا کہ اکبری عہد کی طرح جہانگیری عہد میں بھی ملتِ اسلامیہ کو ویسے حالات کا سامنا نہ ہو۔آپ نے ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء میں سرہند میں وفات پائی۔آپؒ کی اولاد میں سات بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

تصانیف: آپؒ کی تصانیف میں ''مکتوبات امام ربانی'' کے علاوہ ''رسالہ تہلیلیہ، رسالہ ردّمذہبِ شیعہ، مکاشفاتِ عینیہ، معارفِ لدنیہ، مبدأومعاد، شرح رباعیاتِ خواجہ باقی اللہ (سلسلۃ الاحرار)، اثباۃ النبوۃ، تعلیقات العوارف، حاشیہ علی شرح العقائد الجلالی، رسالہ تعین ولاتعین، رسالہ مقصود الصالحین، رسالہ در بیان مسئلہ وحدت الوجود، آداب المریدین، رسالہ جذب و سلوک، رسالہ علمِ حدیث، رسالہ حالاتِ خواجگانِ نقشبند، مجموعۂ تصوف، کنزالحقائق، رسالہ در بیانِ طریقت حضرت خواجگان، رسالہ نصائح، رسالہ معرفۃ النفس و معرۃ الرب''[٦٠] وغیرہ شامل ہیں۔

مکتوبات امام ربانی: ہندوستان میں تصوف کی کم ہی کتب کو وہ قدر و منزلت میسر آئی جو ''مکتوباتِ امام ربانی'' کو حاصل ہے۔ حضرت مجددؒ کی زندگی میں ہی ان کی نقلیں برصغیر اور دوسرے اسلامی ممالک میں پھیل گئی تھیں۔آج بھی ان مکتوبات کی مقبولیت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ یہ مجموعہ مکاتیب تین دفاتر پر مشتمل ہے جس میں مجموعی طور پر پانچ سو چھبیس (۵۲۶) مکاتیب ہیں۔

دفتر اول: اسے ''دُرّ معرفت'' بھی کہتے ہیں۔اس میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مکاتیب ہیں۔ ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء میں اسے خواجہ یار محمد بدخشی نے مرتب کیا۔ یعنی حضرت مجددؒ کے نظر بند ہونے کے تین سال پہلے یہ مجموعہ ترتیب پایا۔ پہلے بیس مکتوب وہ ہیں جو حضرت مجددؒ نے اپنے مرشد خواجہ باقی باللہ کو لکھے ہیں۔ پھر وہ مکتوب ہیں جو امرائے جہانگیری کے نام ہیں جن میں شریعتِ حقہ کی ترویج کے لیے خاص تاکید ہے۔ باقی خطوط سوالوں کے جواب یا علمی اور مذہبی مسائل کی توضیحات میں ہیں۔ایک چالیس صفحات کا خط مرشد زادوں کے نام ہے۔ دفترِ اول کے آخر میں تین خطوط ان کے جواں مرگ صاحب زادہ خواجہ محمد صادق (۱۰۰۰ھ-۱۰۲۵ھ) کے ہیں جو انھوں نے اپنے والد ماجد کو تحریر کئے تھے۔

دفتر دوم: اس کا تاریخی نام ''نور الخلائق'' ہے۔اس میں کل ننانوے (۹۹) مکاتیب ہیں۔ ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء کو یعنی واقعہ قید سے ذرا پہلے مرتب ہوئے۔ان کو خواجہ محمد معصومؒ کے ایما پر خواجہ عبدالحئیٔ نے جمع کیا۔اس مجموعہ میں خطوط کم تعداد میں ہیں مگر بعض خطوط بڑے طویل اور مفصل ابحاث پر مشتمل ہیں۔

دفتر سوم: یہ ''معرفت الحقائق'' کے نام سے موسوم ہوا۔ یہ مجموعہ ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۲ء کو مکمل ہوا۔اس کی ترتیب میر محمد نعمانؒ نے شروع کی مگر صرف تیس خطوط جمع کیے۔ باقی خطوط کو خواجہ محمد ہاشم کشمیؒ صاحبِ ''زبدۃ المقامات'' نے جمع کیا۔ یہ مجموعہ ایک سو چوبیس (۱۲۴) مکتوبات پر مشتمل ہے[٦١]۔اس مجموعہ کے بیشتر خطوط آپ کے زمانۂ گوالیار میں قید کے دوران لکھے گئے تھے، یا اس زمانے میں جب آپ لشکرِ شاہی کے ہمراہ تھے۔[٦٢]

۱۴. شیخ آدم بنوریؒ (۹۹۹ھ-۱۰۵۳ھ)

شاہ جہان کے عہد (۱۰۳۷ھ/۱۶۲۸ء-۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء) میں شیخ آدم بنوریؒ کے مکتوبات بھی ملتے ہیں۔ آپؒ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مشہور خلفأ میں سے تھے۔ آپؒ ۱۳ شعبان ۹۹۹ھ کو قصبہ بنوڑ (یا بنور) میں پیدا ہوئے۔ اتباعِ سنت اور رفع بدعت میں مشہور تھے۔ ابتداً فوج میں ملازمت کی پھر اسے چھوڑ کر فقرأ کی خدمت اختیار کرلی۔ سرہند جا کر حضرت مجدد الف ثانیؒ سے بیعت ہوئے اور پھر ایک عالم کو سیراب کیا۔

آپؒ نے مختصر تعلیم کے باوجود صفحات تاریخ میں گہرا نقش چھوڑا ہے۔ آپؒ بہت قوی الاثر شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کے سو سے زائد خلفأ اور ایک لاکھ سے زائد مریدین تھے[٦٣]۔ نزھۃ الخواطر میں یہ تعداد ایک ہزار خلفأ اور چار لاکھ مریدین بھی ذکر

کی گئی ہے (۶۴)۔ آپ جہاں جاتے ہزار ہا پٹھان ساتھ ہوتے۔ مخالفوں نے اس پر شاہجہان کے کان بھرے۔ کچھ تحقیقات کے بعد پہلے تو بادشاہ نے حج پر جانے کا حکم دیا۔ آپ بخوشی تشریف لے گئے بعد از فراغت حج آپؒ مدینہ طیبہ فروکش ہوگئے۔ اور وہیں تقریباً ۵۴ سال کی عمر میں بروز جمعہ ۱۳۔ شوال ۱۰۵۳ھ/ ۲۵ دسمبر ۱۶۴۴ء کو انتقال فرمایا اور جنت البقیع میں روضہ حضرت عثمان غنیؓ کے جوار میں دفن ہوئے (۶۵)۔

تصانیف: آپ کی تصانیف میں "نکات الاسرار، کلمات معرفت، وضوح المذاہب" شامل ہیں۔

نتائج الحرمین: یہ آپ کے اقوال و مکاتیب کا مجموعہ ہے۔ آپ کے مکاتیب علیحدہ سے کتابی شکل میں مرتب نہیں ہیں۔ تین جلدوں پر مشتمل "نتائج الحرمین" شیخ محمد امین بدخشی (پ۔ ۱۰۲۰ھ/۱۶۱۱ء) (۶۶) کی تالیف ہے جس میں حضرت شیخ آدم بنوریؒ کے حالات، ملفوظات، مکتوبات اور مقامات کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کی پہلی جلد میں شیخ آدم بنوریؒ کے نوشتہ رسائل، تفسیر سورہ فاتحہ اور آپ کے مکتوبات شامل ہیں۔ جلد دوم آپؒ کے ایام وصال کے واقعات پر مشتمل ہے اور جلد سوم میں آپؒ کے احوال آپؒ کے فرزندوں اور خلفأ کے تراجم کا ذکر ہے (۶۷)۔

۱۵. خواجہ محمد سعیدؒ (۱۰۰۵ھ-۱۰۷۰ھ)

اورنگ زیب (۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء-۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء) کے عہد میں خواجہ محمد سعیدؒ کے "مکتوباتِ سعیدیہ" ملتے ہیں۔ آپؒ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے دوسرے فرزند تھے۔ ماہِ شعبان ۱۰۰۵ھ میں پیدا ہوئے۔ آپؒ کا لقب "خازن الرحمۃ" ہے۔ سن شعور کو پہنچنے کے بعد علوم ظاہری کی تحصیل میں مشغول ہوئے۔ والد صاحبؒ، بڑے بھائی خواجہ محمد صادقؒ اور شیخ محمد طاہر لاہوریؒ سے علم حاصل کیا۔ سترہ سال کی عمر تک فارغ التحصیل ہو کر تدریس میں مشغول ہوئے۔ آپؒ کو مناظرہ میں ید طولیٰ حاصل تھا۔ حضرت مجددؒ نے آپؒ کے متعلق بہت سی بشارتیں دیں۔ جن میں سے ایک بشارت "خلعتِ خُلّت" کی تھی۔ انھوں نے آپؒ کے لیے علمأ راسخین اور زمرۂ سابقین میں ہونا بیان کیا اور "خازنِ رحمتِ الٰہی" کا لقب دیا (۶۸)۔ خواجہ محمد سعیدؒ کبھی کبھار جب شاہجہاں کے دربار میں جاتے تو معروف معاصر علمأ و فضلأ کی موجودگی کے باوجود بادشاہ صرف آپؒ سے ہی مسائل کا استفسار کرتا۔ اولاد میں آٹھ بیٹے اور پانچ بیٹیاں تھیں۔ آپؒ نے ۲۷ جمادی الاخریٰ ۱۰۷۰ھ کو ۶۵ سال کی عمر میں وفات پائی اور اپنے والد ماجد حضرت مجددؒ کے جوار میں مدفون ہیں۔

تصانیف: تصانیف میں آپؒ نے رسالہ و مکتوبات کے علاوہ معتبر کتب کے حواشی اور تعلیقات بھی مرتب کیے ہیں۔ مثلاً "تعلیقات مشکوٰۃ المصابیح، حاشیہ خیالی، رسالہ رفع سبابہ، تحقیقات" وغیرہ۔ "تحقیقات" تصوف اور فقہ سے متعلق ہے۔

مکتوباتِ سعیدیہ: یہ مکتوبات ان کے بیٹے علامہ محمد فرخ (۶۹) نے جمع کیے ہیں۔ اس مجموعہ میں سو (۱۰۰) مکاتیب ہیں (۷۰)۔ اس میں حضرت خواجہؒ کے اورنگ زیب کے نام ۹۔ مکتوبات ہیں جس میں سے پانچ اس کی شہزادگی کے زمانہ میں لکھے گئے۔ ان مکاتیب میں اسے اس کی ذمہ داریوں، ہندوستان میں اسلام کی زبوں حالی اور ترویجِ شریعت کے لیے ہدایات درج ہیں۔ ایک مکتوب (جو سفرِ حج کے فوراً بعد لکھا) تخت نشینی پر مبارک باد کا ہے۔ ایک مکتوب میں جب کہ وہ کفارِ ہند سے اور اہلِ بدعت سے برسرِپیکار تھا اسکی ان مہمات کو جہاد قرار دے کر جہاد کے فضائل پر احادیث نقل کر کے بھیجی ہیں، اور فضائل صحابہ کرام پر احادیث نقل کرتے ہوئے صحابہ کرام پر طعن کرنے والوں کو دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا ہے۔ یہ مجموعہ مکاتیب لاہور سے ۱۳۷۵ء میں چھپ چکا ہے۔ اسے حکیم سیفی مرحوم نے اپنے مکتبہ سے شائع کیا تھا (۷۱)۔

۱۶۔ خواجہ محمد معصوم ؒ (۱۰۰۷ھ/-۱۰۷۹ھ)

اسی عہد میں خواجہ محمد معصوم بن حضرت مجدد الف ثانیؒ کے "مکتوباتِ معصومیہ" ہیں۔ خواجہ محمد معصومؒ حضرت مجددؒ کے تیسرے صاحب زادے اور جانشین ہیں۔آپؒ کی ولادت ۱۱۔شوال المعظم ۱۰۰۷ھ کو ہوئی۔آپؒ کی کنیت "ابوالخیرات" اور لقب "عروۃالوثقیٰ" تھا۔آپؒ نے اکثر و بیشتر علوم عقلیہ و نقلیہ اپنے والد محترم کے علاوہ بڑے بھائی خواجہ محمد صادقؒ اور شیخ طاہر لاہوری سے پڑھے۔آپؒ نے سات سال کی عمر میں قرآن مع قرأت و تجوید حفظ کیا۔سولہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہوئے۔پھر عنائتِ الٰہی سے اپنے والد بزرگوار کے احوال و اسرارِ خاصہ سے حظِ وافر حاصل کیا۔ والد نے آپ کو "خلعتِ قیومیت" عطا کی [۴۲]۔آپؒ کی اولاد میں چھ بیٹے اور چھ بیٹیاں تھیں۔والد صاحب کے بعد ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء کو مسندِ ارشاد و قیومیت پر فائز ہوئے۔اس دن پچاس ہزار آدمیوں نے آپ سے بیعت کی۔جن میں دو ہزار حضرت مجددؒ کے خلیفہ تھے۔آپؒ کا مقصد اپنے والد صاحب کے مشن کو کامیاب بنانا اور سلسلہ مجددیہ کو ترقی دینا تھا اس لیے آپؒ نے سلاطین و امرأ سے روابط منقطع نہیں کیے بلکہ انکے ذریعے تبلیغ وارشاد کے کام کو مزید وسعت دی۔اپنے والد کی طرح بصیرت افروز مکتوبات کا سلسلہ جاری رکھا۔برصغیر سے باہر بھی حکمرانوں کو خطوط لکھے۔اکثر و بیشتر امرأ مملکت آپؒ سے بیعت تھے۔اورنگ زیب عالمگیرؒ کی تخت نشینی کے دسویں سال تقریباً ۷۲ سال کی عمر میں بروز ہفتہ ۹۔ربیع الاول ۱۰۷۹ھ کو سرہند میں وصال ہوا [۴۳]۔

مکتوبات معصومیہ: اس مجموعہ مکتوبات کی تین جلدوں ہیں اور مجموعی طور پر یہ چھ سو باون (۶۵۲) مکتوبات پر مشتمل ہے۔

جلد اول: یہ جلد خواجہؒ کے صاحبزادے مروج الشریعت محمد عبید اللہؒ (۱۰۳۸ھ-۱۰۸۳ھ) نے مرتب کی۔اس جلد میں دوسو اکتالیس (۲۴۱) مکتوبات ہیں۔یہ جلد آپؒ کی زندگی میں ہی ۱۰۶۳ھ یا ۱۰۶۴ھ میں مدون ہو کر رائج ہو چکی تھی [۴۴]۔اس جلد میں مکتوب نمبر-۶۴ خواجہ معصوم نے شاہزادہ اورنگ زیب کو لکھا جس میں تکفیر روافض اور ان کو قتل کرنے کے حق میں کئی احادیث درج کی ہیں۔یہ جلد مطبع نظامی کان پور سے ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۶ء میں طبع ہوئی بعد ازاں پھر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے اہتمام سے ۱۹۷۶ء میں کراچی سے شائع ہوئی [۴۵]۔

جلد دوم: یہ جلد ۱۰۷۲ھ/۱۶۶۲ء میں حضرت خواجہؒ کے خلیفہ میر شرف الدین حسین نے مرتب کی جس کا حکم ان کو حضرت خواجہ محمد سیف الدینؒ نے دیا تھا۔اس جلد کا تاریخی نام "وسیلۃ السعادت" ہے اور اس میں ایک سو اٹھاون (۱۵۸) مکاتیب ہیں۔اس میں خط نمبر-۵ اورنگزیب عالمگیر کے نام ہے۔یہ جلد پہلی مرتبہ ظہور پریس لدھیانہ سے ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء میں طبع ہوئی، دوسری مرتبہ اس کا متن ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے تینوں جلدوں کے ساتھ شائع کیا [۴۶]۔

جلد سوم: ۱۰۷۳ھ/۱۶۶۳ء میں خواجہؒ صاحب کے خلیفہ حاجی محمد عاشوری بخاری [۴۷] نے آپ کے بیٹے محمد حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانیؒ کے ایما پر مدون کی "مکاتبات کتبِ زمان" سے سال تکمیل برآمد ہوتا ہے۔اس جلد میں دوسو پچپن (۲۵۵) مکتوبات ہیں۔اس جلد میں چار اہم مکاتیب اورنگزیب عالمگیر کے نام ہیں۔(۶، ۱۲۲، ۲۲۷، ۲۲۱) اور تین خطوط خواجہ سیف الدین کے نام ایسے ہیں جو اورنگزیب عالمگیر کے متعلق ہیں (۲۲۰، ۲۳۲، ۲۴۲) کیونکہ حضرت خواجہؒ نے خواجہ سیف الدینؒ کو ارشاد وہدایت کے لیے لشکرِ شاہی میں بھیج رکھا تھا۔اس کا فارسی متن پہلی مرتبہ مولانا نور احمد امرتسری کی تصحیح و اہتمام سے مطبع مجددی امرتسر سے طبع ہوا۔مکتوباتِ معصومیہ کی تینوں جلدوں کا اردو ترجمہ سید زوار حسین شاہ صاحب نے کیا تھا جو ادارہ مجددیہ کراچی نے ۱۹۷۸ء-۱۹۸۰ء میں شائع کیا۔

۱۷. شیخ عبدالنبی شامیؒ (۱۰۲۸ھ۔۱۱۴۶ھ)

مغلیہ عہد میں ہی نقشبندی بزرگ و عالم ،حضرت تاج العارفین شیخ عبدالنبی شامیؒ کے اہم مکتوبات ''مجموعۃ الاسرار'' ملتے ہیں (۷۸)۔آپ عہد جہانگیر (۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء۔۱۰۳۷ھ/۱۶۲۸ء) میں ایک ہندو کھتری خاندان میں ۲۹رمضان المبارک۱۰۲۸ھ /۳۰۔اگست ۱۶۱۹ء کو قصبہ شام چوراسی (۷۹) میں پیدا ہوئے۔ والد نے آپ کی تعلیم کے لیے مسلمان استاد کی خدمات حاصل کیں۔استاد صاحب سے گلستان و بوستان پڑھیں آپ کے دل پر بہت اثر ہوا استاد سے اصرار کیا کہ مجھے دائرہ اسلام میں داخل کرلیں۔وہ کچھ عرصہ ٹالتے رہے۔اس تاخیر سے آپ کا اضطراب بہت شدید ہوتا گیا۔خواب میں حضور سید کونین ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور انھوں نے خود آپؒ کو کلمہ طیبہ کی تلقین فرمائی۔آپؒ کا اسلامی نام عبدالنبی رکھا گیا۔دین حق سے ہٹانے کے لیے آپؒ پر بہت سختیاں ہوئیں مگر آپؒ نے ان سب کو بخوشی برداشت کیا(۸۰)۔

آپ نے قرآن مجید کا بغور مطالعہ کے علاوہ اپنشد، زبور، توریت اور انجیل مقدس کا بھی بھرپور مطالعہ کیا تھا۔ظاہری علوم کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو باطنی علوم سے بھی خوب نوازا۔آپؒ سلسلہ نقشبندیہ میں چار واسطوں (۸۱) سے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مرید تھے۔آپؒ نے قصبہ شام چوراسی میں ایک درس گاہ قائم کی۔جس میں متعدد علمائے کرام درس کی خدمت کے لیے حاضر ہوتے۔''تاج العارفین'' لقب پایا اور'' باباجی'' کے عرف سے معروف ہوئے۔ تقریباً ۱۱۸۔سال عمر پائی آپؒ کا مزار آبائی قصبے شام چوراسی میں ہے(۸۲)۔

تصنیفات: آپ اعلیٰ پائے کے عربی و فارسی کے شاعر بھی تھے۔آپ کے مکتوبات شریف اور درود شریف اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔آپؒ نے فصوص الحکم کی شرح بھی تحریر کی۔

مجموعۃالاسرار: آپ کے مکتوبات کا مجموعہ ہے جو آپ نے اپنے عقیدت مندوں ،خادموں اور عام لوگوں کو لکھے۔آپ نے حضرت مجددؒ کی طرح مختلف مسائل کی تفہیم کی۔ہر قسم کی بدعت وضلالت کے خلاف جہاد کیا۔آپؒ کے بیشتر مکتوبات تصوف والہیات سے متعلق ہیں۔آپ کا زمانہ مغلیہ عہد کا انتہائی عروج کا زمانہ تھا۔آپ نے جہانگیر (۱۶۰۵ء۔۱۶۲۷ء) سے لے کر محمد شاہ(۱۷۱۹ء۔۱۷۴۸ء) تک آٹھ بادشاہوں کا زمانہ پایا۔ مگر آپ کے مکتوبات میں سیاسی اثرات کا سایہ تک نہیں ملتا۔ہاں لوگوں کے سوالات کے جوابات میں اس وقت کے معاشرے کی جھلکیاں ضرور ملتی ہیں۔مکتوبات سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ آپ کی شہرت ممالک ہند سے باہر بھی موجود تھی۔دور دراز کے لوگ آپ سے مراسلت کرتے تھے۔آپؒ کے مکتوبات کا ایک مجموعہ ''مجموعۃالاسرار'' کے نام سے محمد سلیم شامی کی کوشش سے طبع ہوا اور پروفیسر مشتاق احمد بھٹی کے اردو ترجمہ سے ۱۹۸۵ء میں شیخ عبدالنبی شامی ٹرسٹ کے زیر اہتمام شائع ہوا اور اس مجموعہ میں ایک سو تہتر (۱۷۳) مکاتیب ہیں(۸۳)۔

۱۸. خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانیؒ (۱۰۳۴ھ۔۱۱۱۵ھ)

اورنگ زیب عالمگیر (۱۰۶۹ھ۔۱۱۱۸ھ) کے عہد حکومت میں ہی خواجہ محمد نقشبند ثانیؒ کے مکتوبات ملتے ہیں۔آپؒ خواجہ محمد معصومؒ کے دوسرے فرزند ہیں۔آپؒ نے علم ظاہری و باطنی اپنے والد بزرگوار سے حاصل کیا۔آپؒ نے ۱۱۔ربیع الاول ۱۰۷۹ھ کو مسند ارشاد سنبھالی۔بڑے بڑے مشائخ و علماً کرام آپؒ کے مرید ہوئے۔مختلف ممالک سے بڑی تعداد میں لوگ آکر خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔پنتیس سال مسلسل ارشاد و ہدایت کے بعد آپؒ نے شب جمعہ ۲۹۔محرم الحرام ۱۱۱۴ھ کو سرہند میں رحلت فرمائی وہیں مزار ہے۔ تقریباً ۸۱ سال کی عمر پائی۔آپ کی اولاد میں چھ بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں(۸۴)۔

تصنیفات :آپ کی تصنیفات میں چند رسائل "رسالہ در تحقیق گناہاں،رسالہ در تحقیق توبہ،رسالہ در شرح اسمأ حسنیٰ ،رسالہ فضیلت ذکر خفی،رسالہ رد مخالفین حضرت مجدد،اور رسالہ تحفۂ سلوک "اور مکتوبات شامل ہیں۔

وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول ﷺ : یہ حضرت حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانیؒ کے مکتوبات کا مجموعہ ہے۔ ہیں۔ان کو مولانا عماد الدین محمد نے وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول ﷺ کے تاریخی نام سے مرتب کیا۔یعنی اس نام کے اعداد سے اس کا سال تدوین برآمد ہوتا ہے اور یہی سال حضرت حجۃ اللہ کا سن وفات بھی ہے۔یہ اس زمانے کی تاریخ اور کام کا اہم ماخذ ہے اس میں مشائخ سرہند کے اورنگ زیب عالمگیرؒ اور امرائے وقت سے روابط کی بہت سی مثالیں موجود ہیں۔وسیلۃ القبول دو حصوں میں ہے۔پہلی جلد میں ۱۲۸-مکاتیب ہیں اور دوسری جلد میں ۶۸-مکاتیب۔یہ مجموعہ مکاتیب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ کی تصحیح سے سندھ یونیورسٹی سے ۱۹۶۳ء میں شائع ہوا تھا(۸۵)۔

۱۹. خواجہ عبید اللہ مروج الشریعتؒ (۱۰۳۸ھ-۱۰۸۳ھ)

مغلیہ دور کے شاہ جہاں (۱۰۳۷ھ-۱۰۶۹)اور عالمگیر (۱۰۶۹ھ-۱۱۱۸ھ) کے عہد میں خواجہ عبید اللہ مروج الشریعتؒ کے مکتوبات ملتے ہیں۔آپ عُروۃُالوثقیٰ خواجہ محمد معصوم کے تیسرے فرزند ہیں۔والد بزرگوار کو آپؒ سے بڑی محبت تھی ۔آپؒ کو اپنے مراقبہ میں "مروج الشریعت "کا خطاب الہام ہوا۔آپؒ نے صرف ۴۵ سال کی عمر میں جمعہ ۹-ربیع الاول ۱۰۳۸ھ کو وفات پائی۔مزار سرہند میں والد گرامی کے جوار میں ہے۔آپؒ کی اولاد میں پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں (۸۶)

خزینۃ المعارف : یہ آپؒ کے مکاتیب کا مجموعہ ہے۔جسے آپؒ کے بیٹے شیخ محمد ہادی نے آپؒ کے وصال کے بعد مرتب کیا۔ اس مجموعہ میں ایک سو چھپن (۱۵۶) مکتوبات ہیں۔خزینۃ المعارف میں حضرت خواجہ معارف و مناقب کے علاوہ انکے خلفأ کے احوال بھی بکثرت درج ہیں یہ مجموعہ حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے سوانحی مواد میں اول درجے کا ماخذ قرار دیا جاتا ہے۔یہ مجموعہ مکاتیب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کی تصحیح سے ۱۹۷۳ء میں کراچی سے طبع ہو چکا ہے۔(۸۷)

۲۰. خواجہ سیف الدینؒ (۱۰۴۹ھ-۱۰۹۶ھ)

پھر اسی زمانہ میں خواجہ سیف الدین بن خواجہ محمد معصومؒ کے "مکتوباتِ سیفیہ" ملتے ہیں۔خواجہ سیف الدینؒ حضرت خواجہ محمد معصوم کے پانچویں فرزند تھے۔۱۰۴۹ھ کو سرہند میں پیدا ہوئے۔آپؒ علوم ظاہری و باطنی، کمالات صوری و معنوی، زہد و تقویٰ اور اتباع سنت کے جامع تھے۔عالمگیر کی التجا پر کہ اپنا کوئی خلیفہ میری ہدایت و توجہ کے لیے روانہ فرمائیں ،خواجہ محمد معصوم نے آپؒ کو دہلی شاہی دربار میں بھیجا تھا۔آپ نے وہاں جا کر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ اس طرح ادا کیا کہ اس سے پیشتر اس قسم کا احتساب کسی نے نہ کیا تھا۔اس وجہ سے والد صاحبؒ نے "محتسبِ امت" کہا۔آپؒ نے ۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۰۹۶ھ کو وفات پائی۔عمر پچاس سال سے بھی کم رہی۔آپ کی اولاد میں آٹھ بیٹے اور چھ بیٹیاں تھیں (۸۸)۔بڑے بیٹے شیخ محمد اعظم جامع علوم ظاہری و باطنی تھے اور صاحب ارشاد و تصنیف بھی۔

مکتوبات سیفیہ : خواجہ سیف الدینؒ کے والد خواجہ محمد معصومؒ نے اورنگ زیب عالمگیر کی تربیت کے لیے ان کے پاس بھیجا ہوا تھا۔ یہ مجموعہ مکتوبات حضرت خواجہ معصومؒ کے اورنگ زیب سے روابط اور انکے صاحب زادگان و خلفأ کے امرائے عصر سے تعلقات سے واقفیت کا اہم ترین ماخذ ہے۔حضرت خواجہ سیف الدین نے مختلف مکتوبات میں اپنے بہت سے مریدین کی باطنی ترقی کا حال لکھا ہے۔اس میں چار مکاتیب حضرت خواجہ معصومؒ اور خود اورنگ زیب عالمگیرؒ کے نام اٹھارہ مکاتیب ہیں۔اس مجموعہ

کو خواجہ سیف الدینؒ کے بیٹے خواجہ محمد اعظم نے مرتب کیا اس میں ایک سو نوے (۱۹۰) مکاتیب ہیں۔ یہ مجموعہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کی تصحیح سے حیدر آباد سندھ سے طبع ہو چکا ہے۔(۸۹)

۲۱۔ شیخ عبدالاحد وحدتؒ (۱۰۵۱ھ-۱۱۲۶ھ)

مغلیہ عہد میں اورنگ زیب تا شاہ عالم کے دور میں شیخ عبدالاحد وحدتؒ(۹۰) کے مکتوبات ملتے ہیں۔ آپؒ اپنے زمانہ کے بڑے مشائخ میں سے تھے۔ سکھوں کے ہاتھوں سرہند کی تباہی کے بعد ترک وطن کرکے دہلی سکونت اختیار کی۔ اپنی وجاہت کی وجہ سے شاہ گلؒ کے نام سے مشہور تھے۔ آپؒ صاحب تصنیف تھے اور شاعر بھی۔ تخلص وحدتؔ تھا۔ آپ کا دیوان اور مثنوی "چہار چمن" مشہور و معروف ہیں۔ آپؒ بہت فصیح اللسان تھے۔(۹۱) آپ اپنے چچا حضرت خواجہ محمد معصومؒ سے بیعت تھے اور انکی وفات (۱۰۷۹ھ) کے بعد ۱۰۸۷ھ میں حضرت حجۃ اللہ نقشبند ثانیؒ سے منسلک ہوگئے۔ "وسیلۃ القبول"(۹۲) میں کئی مکاتیب حضرت وحدت کے نام ملتے ہیں۔ والد شاہ ولی اللہ شاہ عبدالرحیمؒ دہلوی اور انکے بڑے بھائی شیخ ابو رضا الہندی سے آپؒ کی گہری دوستی تھی۔ ان کے ایک دوسرے کے نام کئی خطوط ملتے ہیں(۹۳)۔

حضرت وحدتؔ کے مشہور خلیفہ شیخ سعد اللہ گلشنؔ دہلوی ہیں۔ انھوں نے اپنے مرشد کے عرف "شاہ گل" کی مناسبت سے اپنا تخلص "گلشن" رکھا۔ آدم الشعرائے اردو ولیؔ دکنی انہی شاہ گلشنؔ کا شاگرد تھا۔ اور ولیؔ نے شاہ گلشنؔ ہی کے ایما پر اپنا دیوان (ریختہ) فارسی دواوین کی طرز پر مرتب کیا تھا۔ اس وقت سے اردو شاعری فارسی کے نقش قدم پر چلی اور آہستہ آہستہ زبان فارسی کی جانشین ہوئی (۹۴)۔ آپؒ کا وصال جمعۃ المبارک ۲۷۔ ذوالحجہ ۱۱۲۷ھ/۱۷۱۵ء کو دہلی میں ہوا۔ مزار سرہند میں ہے۔ آپؒ کے چار بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

تصانیف: حضرت وحدت کثیر التصانیف بزرگ تھے۔ مقاماتِ معصومی اور دیگر تذکارِ صوفیہ میں آپؒ کے دیوان کے علاوہ انکی تینتالیس (۴۳) کتب کے نام ملتے ہیں۔

گلشنِ وحدت: یہ حضرت وحدت کے مکتوبات کا مجموعہ ہے۔ اسے حضرت وحدت کے مرید، صوفی عالم اور مصنف شیخ محمد مراد تنگ کشمیری (۱۰۵۷ھ-۱۷۱۸ء)، صاحبِ "تحفۃ الفقرا" نے جمع کیا ہے۔ آپ کے مجموعہ مکتوبات میں اس زمانے کے متعلق اہم مواد شامل ہے۔ اس مجموعہ میں آپ کے صاحبزادگان کے بعض مکاتیب بھی شامل ہیں۔ ایک مکتوب، از شیخ ابو حنیف(۹۵) پر سال ۱۱۲۸ھ تحریر ہے جس سے اندازا ہوتا ہے کہ جامع شیخ محمد مراد نے یہ مجموعہ آپ کی وفات ۱۱۲۷ھ کے بعد مرتب کیا تھا۔(۹۶)

۲۲۔ شاہ کلیم اللہ دہلویؒ (۱۰۶۰ھ-۱۱۴۲ھ)

اسی عہد میں شاہ کلیم اللہ دہلویؒ کے مکتوبات "مکتوباتِ کلیمی" کے نام سے ملتے ہیں۔ اٹھارہویں صدی میں انتہائی زبوں حالی کے دور میں پھر سے چشتیہ سلسلے کا دور تجدید واحیائے شروع ہوا۔ اس نشاۃ ثانیہ کا تمام تر سہرا حضرت شاہ کلیم اللہ دہلویؒ کے سر ہے۔ آپؒ ۲۴۔ جمادی الآخر ۱۰۶۰ھ/۲۴ جون ۱۶۵۰ء کو عالمگیر کی تخت نشینی سے چند سال پہلے دہلی (شاہجہاں آباد) میں پیدا ہوئے۔ پیشے کے لحاظ سے آبا مہندس تھے(۹۷)۔ آپ نے دہلی میں ہی تحصیل علوم ظاہری کیا۔ تکمیل علوم کے بعد مدینہ طیبہ میں حضرت شیخ یحییٰ مدنی چشتیؒ(۹۸) سے بیعت کی اور خرقہ خلافت حاصل کیا۔ واپس دہلی آکر خانم بازار میں سلسلہ درس وتدریس قائم کیا۔

وہ خود دہلی میں رہتے تھے اور شیخ نظام الدین کو جو انکے عزیز ترین مرید و خلیفہ تھے دکن بھیجا تھا۔ دہلی میں رہتے ہوئے بھی دکن کا نظام تعلیم و تربیت ان کے زیر ہدایت تھا۔ معمولی معمولی معاملات پر وہ مرکز سے ہدایات روانہ کرتے تھے۔ آخر عمر میں شاہ صاحب کو نقرس اور وجع المفاصل کے امراض لاحق ہوئے ۲۶۔ ربیع الاول ۱۱۴۲ھ / ۱۷۔ اکتوبر ۱۷۲۹ء وصال فرمایا۔ اپنی خانقاہ میں ہی مدفون کئے گئے۔ (۹۹) شاہ صاحب کی اولاد میں چار بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

تصانیف: شاہ کلیم اللہ دہلویؒ نے تصانیف کا ایک بے بہا ذخیرہ چھوڑا ہے۔ مناقب فریدی میں ان کی تصانیف کی تعداد ۳۲ بتائی گئی ہے۔ تاریخ مشائخ چشت میں درج ذیل کتب کا ذکر ہے۔ "قرآن القرآن، عشرہ کاملہ، سواء السبیل، قول الجمیل، کشکول (اسے کشکول کلیمی بھی کہتے ہیں) مرقع، تسنیم، الہامات کلیمی، رسالہ تشریح الافلاک عاملی محشیٰ بالفارسیہ، (علم ہیئت سے متعلق ہے) شرح قانون، رد روافض، رسالہ بر علم منطق اور شعری کلام" اہم ہیں۔ آخری تینوں کتب اب نایاب ہیں۔

مکتوبات کلیمی: آپ کی دوسری تصانیف سے آپ کی علمیت، تبحر اور روحانی افکار کا علم ہوتا ہے تو مکتوبات سے آپ کی عملی تبلیغی سرگرمیوں کا پتہ چلتا ہے۔ ان میں بھی مسائلِ تصوف کے بارے بھی کافی مواد ملتا ہے۔ اس مجموعہ میں ایک سو بتیس (۱۳۲) مکاتیب شامل ہیں۔ ان میں سو سے زائد مکاتیب شیخ نظام الدین اورنگ آبادیؒ کو دکن بھیجے باقی مولانا محمد، دیا رام (۱۰۰)، عبدالرشید وغیرہ کے نام ہیں۔ شیخ نظام الدینؒ کے نام مکتوبات نسبتاً زیادہ صاف اور مفصل ہیں اور در حقیقت سارے مجموعہ کی جان ہیں (۱۰۱)۔ انکے مکتوبات مولوی محمد قاسم کلیمی نے مرتب کئے اور یہ مطبع یوسفی دہلی سے ۱۳۰۱ھ میں چھپے ہیں۔

۲۳۔ حضرت فخر الدین چشتی دہلویؒ (۱۱۲۶ھ۔۱۱۹۹ھ)

مغلیہ عہد کے بادشاہ شمس الدین رفیع الدرجات تاجلال الدین شاہ عالم کے ادوار میں حضرت مولانا فخر الدین چشتی دہلویؒ کے مکتوبات موجود ہیں (۱۰۲)۔ آپ شاہ کلیم اللہ دہلویؒ کے خلیفہ و جانشین حضرت نظام الدین اورنگ آبادی کے بیٹے ہیں۔ آپکی ولادت اورنگ آباد میں ۱۱۲۶ھ/۱۷۱۷ء کو ہوئی۔ شاہ صاحبؒ نے "فخر الدین" نام تجویز کیا۔ "محب النبی" آپؒ کا لقب تھا۔ والد کی طرف سے "صدیقی" تھے اور آپؒ کا سلسلہ نسب حضرت شہاب الدین سہروردیؒ تک پہنچتا ہے۔ والدہ ماجدہ حضرت محمد حسینی گیسو درازؒ کی نسل سے تھیں۔

آپؒ کی تعلیم نہایت اعلیٰ پیمانے پر ہوئی۔ والد ماجد خود ذی علم بزرگ تھے۔ آپ کی تعلیم و تربیت کا خاص اہتمام کیا اور زمانے کے مشہور علماً سے تعلیم دلوائی۔ ان علماً میں میاں جان محمد، مولانا عبدالحکیم صاحب، حافظ اسعد الانصاری المکی اہم ہیں اور خود اپنے والد گرامی سے فلسفہ، فقہ، حدیث، تصوف، طب، فن سپہ گری و دیگر علوم و فنون میں مہارت حاصل کی۔ پندرہ سال کے تھے جب والد سے خلافت ملی۔

آپؒ ۲۵۔ سال کی عمر میں ۱۱۵۱ھ (۱۰۳) میں دہلی تشریف لائے۔ اجمیری دروازہ کے باہر اپنی خانقاہ تعمیر کی اور درس و تدریس کا آغاز کیا۔ اسی زمانہ میں حضرت شاہ ولی اللہؒ کا مدرسہ رحیمیہ پورے عروج پر تھا۔ شاہ فخر الدینؒ کے مدرسے میں تصوف کا رنگ غالب تھا۔ سلوک و علم باطن کی طرف زیادہ زور دیا جاتا تھا اور مدرسہ رحیمیہ میں احسان و سلوک کے ساتھ علم ظاہر پر خاص طور پر زور تھا۔ آپ کا کتب خانہ نہایت عمدہ تھا۔ ۷۳ سال کی عمر میں دہلی میں ۲۶ جمادی الثانی ۱۱۹۹ھ کو وصال ہوا۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکی کے مزار کے جوار میں مدفون ہوئے۔ اولاد میں آپ کے ایک فرزند غلام قطب الدین تھے۔

تصانیف: حضرت شاہ فخر الدینؒ نے تین کتب تصنیف فرمائیں ۔"نظام العقائد، رسالہ مرجیہ اور فخر الحسن"۔ رسائل میں "رسالہ عین الیقین اور رسالہ محمدیہ"[۱۰۴]۔

مکتوبات: ان کے علاوہ آپ کے کچھ مکتوبات بھی دستیاب تھے۔ان میں سے ایک مکتوب "مناقب المحبوبین"میں محفوظ ہے[۱۰۵]۔ انکے مکتوبات کا ایک مجموعہ حضرت شاہ محمد عبدالصمد دہلوی(۱۲۷۹ھ-۱۳۵۹ھ) کے پاس موجود تھا۔ان مکتوبات میں سے انھوں نے گیارہ مکاتیب کی تالیف و تشریح کی تھی اور اس مجموعہ کو"رقعاتِ مرشدی"کا نام دیا۔یہ مکتوبات کتابی شکل میں ۱۹۳۳ء میں دہلی سے شائع ہوئے۔اس کا ترجمہ پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر چیمہ نے کیا۔اردو ترجمہ کے ساتھ یہ کتاب لاہور سے ۱۹۹۹ء میں طبع ہوئی[۱۰۶]۔اس مجموعہ میں حضرت نور محمد مہارویؒ، سید محمدیؒ۔حضرت شاہ غلام مرتضیٰؒ، خواجہ غلام محی الدینؒ، میاں مجیب الدینؒ وغیرہ اپنے مریدین و خلفاؑ کے نام ہیں۔ان میں حقائق و معارف، شریعت و طریقت کے نادر نکات بیان کئے ہیں۔

۲۴. حضرت شاہ ولی اللہؒ (۱۱۱۴ھ-۱۱۷۶ھ)

بارہویں صدی ہجری میں اورنگ زیب عالمگیر (۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸-۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء) تا جلال الدین شاہ عالم (۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ء-۱۲۰۲ھ/۱۷۸۸ء) کے ادوار[۱۰۷] میں بر صغیر کے عظیم عالم حضرت شاہ ولی اللہؒ کے مکتوبات ملتے ہیں۔شاہ ولی اللہؒ علمی گھرانے میں اورنگ زیب عالمگیرؒ کی وفات سے چار سال پہلے پیدا ہوئے۔آپ کا سلسلہ نسب والد شیخ عبدالرحیمؒ کی طرف سے حضرت عمر فاروقؓ اور والدہ کی طرف سے امام موسیٰ کاظمؒ تک پہنچتا ہے۔

شاہ ولی اللہؒ کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ والد ماجد سے فقہ، منطق، حدیث، کلام کے علاوہ طب، معانی، حساب و ہندسہ کی کتب پڑھیں۔۱۵سال کی عمر میں والد سے بیعت ہوئے۔ سترہ سال کی عمر میں والد گرامی کی وفات پر مسند تدریس سنبھالی۔ بارہ سال درس وتدریس کے بعد فریضہ حج کے لیے گئے۔ حدیث شریف کا علم جو ہندوستان میں مولانا محمد افضل سیالکوٹی سے حاصل کیا تھا۔ حجاز مقدس میں اس کی سند شیخ ابو طاہر بن ابراہیم مدنیؒ سے لی۔دو سال بعد ۱۷۳۲ء میں دہلی واپسی ہوئی۔ **تصانیف**: اشاعت کتاب و سنت کے سلسلے میں عظیم الشان قومی و مذہبی خدمات سرانجام دیں۔ بیسیوں کتب تحریر کیں۔ تفسیر، حدیث، تصوف، فقہ، تاریخ، علم الکلام غرضیکہ علوم اسلامی کی کوئی شاخ ایسی نہیں جس میں آپ کی تحریر موجود نہ ہو۔فارسی ترجمہ قرآن اور حجۃ اللہ البالغہ بہت اہم ہیں۔آپؒ شاعر بھی تھے اور امینؔ تخلص تھا۔

مکتوبات: شاہ صاحب نے مستقل تصانیف کے علاوہ عربی و فارسی خطوط کا ایک معقول ذخیرہ بھی چھوڑا ہے۔ان میں بعض خطوط ذاتی اور نجی ہیں، کئی میں مختلف علمی مسائل کی توضیح ہے اور کئی سیاسی شخصیات کو لکھے گئے ہیں۔ان مکتوبات میں شاہ صاحب کی علمی وسعت مجتہدانہ نظر اور انصاف پسندی پوری طرح نمایاں ہے۔ان کے "سیاسی مکتوبات"کو پروفیسر خلیق احمد نظامی نے مرتب کیا ہے جو چھپ چکا ہے۔ایک مجموعہ مکاتیب "نادر مکتوبات شاہ ولی اللہ دہلوی" کے نام سے مولانا نسیم احمد فریدی نے مرتب کیا ہے۔اس مجموعہ بھی میں آپؒ کے ۱۵۲ مکاتیب شامل ہیں۔یہ مجموعہ شائع ہو چکا ہے۔ایک اور مطبوعہ مجموعہ مکاتیب "کلمات طیبات"میں بھی آپؒ کے مکتوبات شامل ہیں۔اس کے مرتب ابوالخیر محمد مرادآبادی ہیں۔

۲۵. حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں (۱۱۱۳ھ-۱۱۹۵ھ)

اورنگ زیب عالمگیر (۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء) تا جلال الدین شاہ عالم سوم (۱۲۰۲ھ/۱۷۸۸ء) کے دور میں حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں شہید کے "مکاتیب" ہیں [۱۰۸]۔ آپؒ سادات علوی میں سے تھے۔ آپؒ کا خاندانی نام شمس الدین، لقب حبیب اللہ اور تخلص مظہرؔ تھا۔ والد نے تعلیم و تربیت کے لیے نہایت اہتمام کیا۔ ابتدائی فارسی تعلیم والد سے حاصل کی، قرآن مجید مع تجوید و قرأت قاری عبدالرسول شاگرد شیخ القرا شیخ عبدالخالق شوقی سے پڑھی، علم معقول و منقول علمائے وقت سے پڑھے۔ سولہ سال کے تھے کہ والد صاحب نے انتقال فرمایا۔ اعلیٰ تعلیم کے علاوہ دیگر فنون خصوصاً فن سپہ گری میں مہارت حاصل تھی۔ آپؒ نے اپنے زمانے کے اکثر اکابر بزرگوں اور شیخ عبدالاحد وحدتؔ کے کئی خلفا سے فیض حاصل کیا۔ آپؒ شیخ محمد عابد سنامیؒ [۱۰۹] کے خلیفہ تھے۔ سید ہاشمی فرید آبادی انکے بارے میں لکھتے ہیں کہ:-

"مشائخ عصر میں سب سے جاذب اور جامع شخصیت میرزا مظہر جان جاناںؒ کی ہے۔ جن کی شہرت کے بادلوں نے ان کے روحانی انوار کو چھپالیا۔۔۔ قندھار سے مرشد آباد تک ان کے مرید مسند رشد و ہدایت پر متمکن نظر آتے ہیں۔۔۔ فیض کا یہ دائرہ ان کے خلفائے رشید نے ممالکِ ہند و دکن سے باہر تک وسیع کر دیا صدہا نقشبندی گدیوں کے وارث آج بھی اپنا کرسی نامہ آستانہ مظہری تک لانے پر فخر کرتے ہیں" [۱۱۰] آپؒ کو شعر و ادب سے بہت دلچسپی تھی۔ ان کو نقشبندی شاعر اور اردو زبان کا محسن کہا گیا ہے۔ ادبی تاریخ میں بلند مرتبہ رکھتے تھے۔ صاحب دیوان تھے۔ آپؒ فارسی کے علاوہ اردو میں بھی شعر کہتے تھے۔ کئی ریختہ گو شاعروں کی تربیت بھی کی۔ مشہور شاعر مصحفیؔ نے اپنے تذکرہ میں لکھا کہ میرزا مظہر جان جاناںؒ نے اردو زبان کو سب سے پہلے نئے قلب میں ڈھالا۔ اس سے پہلے ولیؔ دکنی کی تقلید میں شمالی ہندوستان میں بھی دکنی محاورے میں شعر گوئی شروع ہوئی اور ایہام گوئی کا دور دورہ تھا۔ میرزا مظہر جان جاناںؒ نے روز مرہ کی زبان میں فارسی اجزا کی آمیزش سے شعر لکھے اور اس رجحان کا آغاز ہوا۔ جسے ناسخؔ نے بعد میں بڑی ترقی دی [۱۱۱]۔ شب عاشورہ ۱۱۹۵ھ/۱۷۸۰ء کو ایک شیعہ کی گولی سے شہید ہوئے۔

تصانیف: آپؒ کی تصانیف میں "وصیت نامہ، تنبیہات الخمسہ، سلوک الطریقہ، لب الاسرار" وغیرہ شامل ہیں [۱۱۲]۔

مکتوبات: آپ نے مختلف شخصیات کو بہت سے خطوط لکھے۔ ان میں بعض خطوط میں حضرت مجددؒ کے متعلق اعتراضات کا جواب دیا ہے۔ بعض میں صوفیانہ اور شرعی مسائل کی توضیح ہے۔ بعض خطوں سے ان کے زمانے کی بد نظمی اور بے ترتیبی پر روشنی پڑتی ہے۔ آپؒ نے اپنے بزرگوں کی تقلید میں خود اپنے مکاتیب کا ایک مجموعہ مرتب کروایا [۱۱۳]۔ اس مجموعہ میں ۲۳ مکاتیب شامل تھے۔ "مقامات مظہری" میں حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ نے آپ کے ۲۴ مکاتیب شامل کیے ہیں۔ "رقعات کرامت" آپؒ کا سب سے اولین مجموعہ مکاتیب ہے جو طبع ہوا۔ اس کے مرتب مولانا نعیم اللہ بہرائچی تھے اور اس میں ۶۳ مکاتیب شامل ہیں۔ "کلمات طیبات" [۱۱۴] میں آپؒ کے ۸۹ مکاتیب شامل ہیں۔ قاضی ثناءاللہ پانی پتیؒ [۱۱۵] کے نام لکھے گئے مکاتیب کا ایک مجموعہ مرتبہ عبدالرزاق قریشی بھی طبع ہو چکا ہے۔ اس میں ۱۴۷ مکاتیب شامل ہیں [۱۱۶]۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے ایک مجموعہ مکاتیب "لوائح خانقاہ مظہریہ" کے نام سے مرتب کیا۔ جس میں حضرت مظہرؒ اور سلسلے کے دیگر لوگوں کے مکاتیب شامل ہیں۔ اس مجموعہ میں دو سو مکاتیب شامل ہیں۔ اس مجموعہ سے آپؒ کے باقی کئی مکاتیب کو سمجھنے میں کافی مدد ملتی ہے [۱۱۷]۔

۲۶. شاہ عبداللہ غلام علی دہلویؒ (۱۱۵۸ھ-۱۲۴۰ھ)

مغلیہ عہد کے دور زوال میں شاہ عبداللہ غلام علی دہلوی کے "مکاتیب شریفہ" ہیں۔ آپ میرزا مظہر جان جاناںؒ کے سب سے نامور مرید تھے۔ اپنے زمانے میں آپ کا اتنا شہرہ تھا کہ مجددی حضرات آپ کو تیرھویں صدی ھجری کا مجدد مانتے

ہیں۔ آپؒ کو ''خاتم الاولیاؒ'' بھی کہا گیا۔ آپؒ بٹالہ کے رہنے والے تھے۔ آپؒ کا سلسلہ نسب حضرت علیؓ سے ملتا ہے۔ آپؒ کے والد ماجد شاہ عبداللطیف بڑے عابد وزاہد تھے۔ آپؒ نے قرآن مجید حفظ کیا، حدیث کی سند حضرت شاہ ولی اللہ کے صاحبزادوں سے اور اپنے مرشدؒ سے لی۔ ۲۲-سال کی عمر میں میرزا مظہر جان جاناںؒ سے بیعت کی۔ ان کے وصال کے بعد انکے جانشین ہوئے۔ آپؒ نے نقشبندی سلسلے کو نئی زندگی عطا کی۔ آپؒ کا فیض عرب، روم، شام و کردستان تک پہنچا۔ سر سید احمد خان اس بارے میں ''آثار الصنادید'' میں لکھتے ہیں کہ :-

> ''آپ کی ذات فیض آیات سے تمام جہاں میں فیض پھیلا اور ملکوں ملکوں کے لوگوں نے آ کر بیعت اختیار کی۔ میں نے حضرت کی خانقاہ میں اپنی آنکھ سے روم، شام، بغداد، مصر، چین اور حبش کے باشندوں کو دیکھا ہے کہ حاضر خدمت ہو کر بیعت کی اور خدمات خانقاہ کو سعادت ابدی سمجھے اور قریب قریب کے شہروں کا مثل ہندوستان، پنجاب اور افغانستان کا کچھ ذکر نہیں کہ ٹڈی دل کی طرح امڈتے تھے'' (۱۱۸)

بلاد روم میں مجددیہ سلسلے کی وسیع اشاعت کا ذریعہ آپؒ کے مرید و خلیفہ حضرت مولانا خالد کردیؒ (۱۱۹) بنے۔ جنھوں نے دہلی آ کر آپؒ سے فیض لیا اور پھر مجددیہ طریقے کو دولت عثمانیہ میں عام کیا۔ حضرت مولانا خالد کردیؒ کے ذریعے سے کئی بزرگ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ سے متعارف ہوئے اور حصول فیض کے لیے دہلی پہنچے۔ آپؒ کے ایک خلیفہ مولانا محمد جانؒ آپؒ سے اجازت وخلافت کے بعد عازم مکہ معظّمہ ہوئے شروع میں کافی دشواریوں کے بعد ان کو بہت فروغ حاصل ہوا حتیٰ کہ والدہ سلطان بھی ان کے معتقدین میں شامل ہوئیں۔ استنبول و دیگر اضلاع روم میں مولانا محمد جانؒ کے خلفاء پھیل گئے۔ آپؒ کی وجہ سے سلسلے کو ایک بار پھر فروغ ہوا بلکہ اس نے ایک نئی صورت اختیار کی۔ جس میں اصل کی ساری خوبیاں موجود تھیں لیکن جو بدلتے ہوئے حالات کے لیے زیادہ موضوں تھیں (۱۲۰)۔ ہندوستان میں آپؒ کو بڑا اثر واقتدار حاصل تھا، دہلی میں آپؒ کی خانقاہ شاہ عبدالعزیزؒ کے مدرسے کا مدمقابل سمجھی جاتی تھی۔

مکتوبات: پہلے مدراس سے اور پھر ۱۳۷۱ھ میں لاہور سے شائع ہوئے۔ اس مجموعہ میں ۱۲۵ مکاتیب شامل ہیں۔ ان مکاتیب کے جامع آپؒ کے خلیفہ شاہ رؤوف احمد رافتؔ مجددی ہیں (۱۲۱)۔ جنہوں نے یہ مجموعہ ۱۲۳۱ھ میں ترتیب دیا۔ آپ کے چند خطوط حضرت خالد کردیؒ کے نام ہیں۔ ایک مکتوب کے ساتھ علماء و مشائخ حجاز و روم کے نام ایک پیغام منسلک ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت خالد کردیؒ کی شروع میں مخالفت ہوئی تھی لیکن شاہ صاحب نے اس پیغام کے ذریعے دولتِ عثمانی کے بزرگوں کی تشفی کی۔ ان مکاتیب میں تصوف کے عمومی اور عام فہم مسائل سے لے کر ادق اسرار و موز پر بھی بحث کی گئی ہے۔ بعض میں مخالفین حضرت مجددؒ کے جوابات ہیں۔ آپؒ کے بعض رسائل بھی بطور مکتوب اس مجموعہ میں شامل ہیں (۱۲۲)۔

۱. شاہ احمد سعید دہلوی مدنیؒ (۱۲۱۷ھ-۱۲۷۰ھ)

مغلیہ عہد کے بالکل آخر میں شاہ احمد سعیدؒ (۱۲۳) کے مکتوبات ملتے ہیں۔ شاہ احمد سعیدؒ رام پور میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد شاہ ابو سعیدؒ (۱۲۴) (متوفی-۱۲۵۰ھ) حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کے خلیفہ، جانشین اور بڑے پائے کے بزرگ تھے۔ آپؒ کا سلسلہ نسب خواجہ سیف الدینؒ سے ملتا ہے۔ آپؒ دس سال کی عمر میں حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے وصال تک تقریباً ۱۵-سال حاضرِ خدمت رہے۔

مغربی (موجودہ) پاکستان میں حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کا فیض آپؒ کے ذریعے سے پہنچا۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد آپؒ لاہور سے ہوتے ہوئے موسیٰ زئی آئے اور وہاں ایک خانقاہ ''احمدیہ سعیدیہ'' قائم کی۔ جس کی بدولت پاکستان میں سلسلہ مجددیہ کے دوسرے کئی چشمہ ہائے فیض جاری ہوئے۔ موسیٰ زئی سے حجاز مقدس کا قصد کیا۔ حجاز میں آپ نے نقشبندی سلسلے کو بہت پھیلایا۔ ۱۹- ستمبر ۱۸۶۰ء میں مدینہ طیبہ میں وصال فرمایا۔ جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔ آپ کی اولاد میں چار بیٹے اور ایک بیٹی تھیں۔

تصانیف: آپؒ کی تصانیف میں علاوہ مکتوبات ''سعید البیان فی مولد سید الانس والجان، الذکر الشریف فی اثبات المولد المنیف، اثبات المولد والقیام، الفوائد الضابطہ فی اثبات الرابطہ، انہار اربعہ، تحقیق الحق المبین فی اجوبۃ المسائل الاربعین'' ہیں[۱۳۵]

مکتوبات: آپؒ کے مکاتیب ''تحفۂ زواریہ'' کے نام سے غلام مصطفیٰ خان صاحب نے شائع کروائے۔ ۱۳۷ مکاتیب کے مجموعہ کی ضخامت تقریباً ڈیڑھ سو صفحات ہے۔ آپؒ نے زیادہ تر مکاتیب اپنے محب و جانثار خلیفہ حاجی دوست محمد قندھاریؒ[۱۳۶] کے نام لکھے ہیں اور کچھ مکاتیب دیگر لوگوں کے نام ہیں۔ یہ مکاتیب طوالت میں زیادہ نہیں لیکن بعض بہت دلچسپ ہیں۔ آپؒ کو آخری ایام میں مدینہ منورہ میں بھی خانقاہ (شاہ غلام علی دہلویؒ) کا خیال بہت بے قرار رکھتا تھا۔ اس بات کا آپؒ نے کئی خطوط میں اظہار کیا ہے۔

بزرگان دین کے ان مکتوبات کو پڑھ کر ان کی عملی کاوشوں کا پتا چلتا ہے۔ انسان خود کو ان کی ذواتِ صالحہ کے قریب محسوس کرتا ہے۔ یہ اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے امتِ محمدیہ سے کیسے محبت کی اور ان کی کیسے خیر خواہی کی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان بزرگان کے مکاتیب جو فارسی زبان میں ہیں ان کو اردو زبان میں ترجمہ کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان مکاتیب سے فیض یاب ہوں سکیں۔

حواشی و حوالہ جات

۱۔ النمل ۲۷:۲۸۔

۲۔ دہلوی، عبدالحق، محدث، اخبار الاخیار، لاہور ممتاز اکیڈیمی۔ ص ۷۷؛ لاہوری، محمد غلام سرور، خزینۃ الاصفیاء، کان پور: مطبع منشی نول کشور۔ ۱۲۸۱ھ/۱۸۷۴ء۔ ص ۲۹۳

۳۔ حضرت سعید بن زیدؓ اصحاب عشرہ مبشرہ سے تھے۔ حضرت عمر فاروقؓ کے چچازاد بھائی تھے اور آپؓ کی بہن حضرت فاطمہ بنت خطابؓ کے شوہر تھے۔

۴۔ اخبار الاخیار، ص ۷۸۔

۵۔ سلاطینِ دہلی کا عہد ہندوستان میں، ۶۰۲ھ تا ۹۶۲ھ م ۱۲۰۶ تا ۱۵۵۴ عیسوی ہوا۔

۶۔ فاروقی، نثار احمد (پروفیسر) نقدِ ملفوظات۔ لاہور، ادارہ ثقافتِ اسلامیہ۔ طبع دوم ۲۰۱۴، ص ۲۱۱۔

۷۔ آب کوثر، ص ۲۱۰۔۲۱۱۔

۸۔ سیر العارفین، ص ۱۱۲۔

۹۔ منیری، شرف الدین احمد یحییٰ، شیخ۔ فوائدِ رکنی۔ مترجم، سید غلام صمدانی۔ لاہور: سیرت فاؤنڈیشن، طبع اول ۲۰۰۸۔ ص ۱۳۔

حضرت شرف الدین یحییٰ منیریؒ کے تبحرِ علمی کا اعتراف صوفیائے عظام اور علمائے کرام دونوں طبقات نے کیا۔ دونوں کو اس امر کا اعتراف ہے کہ آپ کا قلم سرِ مو بھی شریعت سے باہر قدم نہیں رکھتا۔ آپ کے مکتوبات کے بارے میں شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اخبار الاخیار میں لکھتے ہیں

''آپ کی تصنیفات بھی کثرت سے ہیں جن میں مکتوبات زیادہ مشہور ہیں اس لحاظ سے بھی یہ بے نظیر و بہترین ہیں کہ ان میں آداب طریقت اور رموزِ حقیقت بیان کیئے گئے ہیں۔اما لطافت مکتوبات او بیشتر است''۔ (دیکھیے اخبار الاخیار۔ ص ۲۳۱)
علاوہ ازیں بڑے بزرگان اور علمأ نے ان مکتوبات کی بہت تعریف کی ہے۔ سلاطین دہلی کے زمانہ میں لکھے گئے جن رسائل و مکتوبات نے سب سے زیادہ شہرت پائی اور صوفیائے کبار کے نزدیک قریباًقریباً ''ایک دستور العمل کی حیثیت حاصل کر لی وہ مکتوبات شرف الدین یحیٰ منیری تھے۔

۱۰۔ منیری،احمد یحیٰ۔ مکتوباتِ صدی۔ مرتبہ، محمد نعیم ندوی فردوسی۔ کراچی: سعید ایچ۔ ایم کمپنی۔ ۱۳۹۶ھ۔ ص۔ ۳۰۔
۱۱۔ مکتوباتِ صدی، ص ۳۰۔
۱۲۔ اخبار الاخیار، ص ۲۷۳۔
۱۳۔ ایضاً۔
۱۴۔ نقدِ ملفوظات، ص ۲۱۳۔
۱۵۔ ایضاً، ص ۱۵-۲۱۴۔
۱۶۔ دیکھئے، قادری، محمد ایوب (ڈاکٹر)۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشت حیات و تعلیمات۔ لاہور: مرکز معارف اولیأ۔ ۱۹۸۶ء۔
۱۷۔ ایضاً، ص ۳۱۲-۳۲۳۔
۱۸۔ ایضاً، ص ۳۲۸۔
۱۹۔ دہلوی، محمد اختر، مرزا، تذکرہ اولیائے برصغیر پاک و ہند، لاہور، ملک اینڈ کمپنی، جلد ۱، ص ۱۸۷۔
۲۰۔ مرزا، تذکرہ اولیائے برصغیر پاک و ہند، ص ۱۸۷۔
۲۱۔ محمد اکرام، شیخ، آب کوثر، لاہور، ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، طبع سیز دھم ۱۹۸۸ء، ص ۳۶۷
۲۲۔ ''سیر محمدی'' حضرت گیسو دراز کے حالات میں میر محمد علی سامانی نے ۸۳۱ھ میں تالیف کی۔ کتب کی تفصیل اس میں دیکھی جا سکتی ہے۔
۲۳۔ آب کوثر، ص ۳۰۷-۳۷۱۔
۲۴۔ ان کا تذکرہ پیچھے حضرت یحیٰ منیری کے حالات میں کیا ہے۔
۲۵۔ اخبار الاخیار، ص ۴۲-۲۴۱۔
۲۶۔ ایضاً، ص ۲۴۲۔
۲۷۔ اخبار الاخیار، ص ۳۰۵-۳۰۶۔
۲۸۔ آب کوثر، ص ۳۱۰-۳۱۱۔
۲۹۔ ایضاً، ص ۳۱۲۔
۳۰۔ ایضاً، ص ۳۰۹۔
۳۱۔ اخبار الاخیار، ص۔ ۳۰۸۔
۳۲۔ تذکرہ اولیائے برصغیر، ۱-۲۰۲؛ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ۱۹۶۶ء۔ ۲۔ ۷۸۸۔
۳۳۔ خزینۃ الاصفیأ، ص ۳۶۰۔
۳۴۔ تذکرہ اولیأئے برِصغیر، ص ۱۹۷-۲۰۱۔
۳۵۔ نقدِ ملفوظات، ص ۲۱۳۔
۳۶۔ اخبار الاخیار، ص ۳۳۱۔

۳۷ ۔ ایضاً۔

۳۸ ۔ مقدمہ عوارف المعارف، ص ۶۴؛ تذکرہ اولیائے برِ صغیر، ۲-۵۳-۶۰۔

۳۹ ۔ شارب، ظہور الحسن (ڈاکٹر)۔ تذکرہ اولیائے پاک و ہند۔ لاہور: الفیصل پبلشنگ کمپنی۔ تاریخ طبع ندارد۔

۴۰۔ تذکرہ اولیائے برصغیر، ۲-۵۷۔

۴۱ ۔ محمد اکرام، شیخ، رود کوثر، لاہور: ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲۰۱۵، ص ۴۷۔

۴۲ ۔ تذکرہ اولیائے پاک و ہند، ۲-۵۸

۴۳ ۔ نظامی، خلیق احمد، سلاطین دہلی کے مزہبی رجحانات، لاہور، نگارشات، ۱۹۹۶، ص ۴۶۶۔

۴۴ ۔ آپؒ نے بابر کو لکھا کہ ہندوؤں کا تقرر محکمہ دیوانی نہ کیا جائے۔ دیکھئے مکتوبات قدوسی، ص ۳۳۷۔

۴۵ ۔ رودِ کوثر، ص ۷۶-۷۷۔

۴۶ ۔ بخاری، خورشید حسین، سید، الکمال (سیرت، تجزیہ، تاریخ) لاہور، مکتبہ میری لائبریری، طبع دوم ۱۹۷۶ء، ص ۱۶۰۔

۴۷ ۔ تذکرہ اولیائے پاک و ہند، ص ۲۲۱۔

۴۸ ۔ آپ فلسفہ، روحانیت، اخلاق، نفسیات اور علم الکلام کے ماہر تھے۔

۴۹ ۔ الکمال (سیرت، تجزیہ، تاریخ)، ص ۴۳۔

۵۰ ۔ آپ حضرت شاہ کمالؒ کے منجھلے صاحب زادے اور جلیل القدر خلیفہ تھے۔ دیکھئے الکمال (سیرت، تجزیہ، تاریخ)، ص ۱۴۲۔

۵۱۔ لاہوری، مفتی غلام سرور، خزینۃ الاصفیاً، لاہور، مکتبہ نبویہ، ج ا ص ۲۷۷، مکتوبات عبدالحق محدث دہلوی، کراچی، مدینہ پبلشنگ کمپنی

۵۲۔ سید حامد بخش گیلانی اوچی کے فرزند تھے حضرت غوث اعظم کے اویسی تھے، آپؒ کا مزار شریف ملتان میں ہے۔ دیکھئے، خزینۃ الاصفیاً۔ ص ۲۱۲۔

۵۳۔ آپ ۲۰ سال کی عمر میں ہندوستان سے مکہ معظّمہ تشریف لے گئے۔ شیخ علی متقیؒ کے خلقہ ارادت میں شامل ہوئے۔ مزار مکہ معظّمہ میں ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے، خزینۃ الاصفیاً (قادریہ)، ص ۱۵-۲۱۲۔

۵۴ ۔ تفصیل کے لیے دیکھئے معارج الولایت۔

۵۵۔ آپ کی اہم کتب میں :-''دیوان حضرت عبدالحق، شرح مشکوۃ (فارسی و عربی)، صراطِ مستقیم، اخبار الاخیار فی اسرار الابرار، ذکر الملوک، مفتاح الفتوح (مفتوح الغیب کا فارسی ترجمہ) زبدۃ الآثار، آداب الصالحین، تکمیل الایمان، جذب القلوب الی دیار المحبوب، شرح سفر سعادۃ، تالیف القلب بکتابۃ فہرستہ التوالیف، شرح فتوح الغیب، ماثبت بالسنۃ فی ایام السنۃ، مدارج النبوت، مرج البحرین، زاد المتقین اور مکتوبات والرسائل'' شامل ہیں

۵۶ ۔ دہلوی، عبدالحق (محدث) مکتوبات شیخ عبالحق محدث دہلوی، (اردو) کراچی، مدینہ پبلشنگ کمپنیفت اسلام کا عام احیاً۔

۵۷۔ نقشبندی، محمد سلیم شامی، تذکرہ، لاہور، آستانہ شامی، بار سوم ۱۹۹۲ء، ص ۸۴-۸۵۔

۵۸ ۔ کشمی، محمد ہاشم، زبدۃ المقات، کان پور، مطبع منشی نول کسشور، ۱۳۰۷ھ، ص ۱۳۔

۵۹ ۔ ''رسالہ تہلیلیہ، اثباتِ نبوت، ردِّ شیعہ'' وغیرہ

۶۰ ۔ قصوری، محمد صادق، تاریخ مشائخ نقشبند، لاہور، زاویہ پبلشرز، ۲۰۰۲، ص ۳۶۰-۳۶۴۔

۶۱ ۔ مقدمہ عوارف المعارف، ص ۹۹۔

۶۲ ۔ رود کوثر، ص ۳۲۶-۳۲۷۔

۶۳۔ سرہندی، بدرالدین، حضرات القدس۔لاہور، محکمہ اوقاف پنجاب، طبع اول ۱۹۷۱ء، ص ۳۸۴۔
۶۴۔ بحوالہ تذکرہ حضرت عبدالنبی شامی، ص ۹۳۔
۶۵۔ ایضاً۔ص ۹۲-۹۶۔؛اردو دائرہ معارف اسلامیہ۔۲۸/۱۔
۶۶۔ محمد امین بدخشی شیخ آدم بنوریؒ کے خلیفہ اور کئی اہم کتابوں کے مصنف ہیں جن میں سے ایک اہم کتاب ''نتائج الحرمین'' ہے۔
۶۷۔ مجددی، محمد اقبال۔(مؤلف) مقاماتِ معصومی۔لاہور: ضیأالقرآن پبلیکیشنز۲۰۰۴ء۔ا۔۲۸۶۔
۶۸۔ حضرات القدس، ص ۲۳۴۔زبدۃالمقامات، ص۳۰۹۔
۶۹۔ آپؒ کا شمار بڑے علمأمیں ہوتا تھا، کئی کتب تصنیف کیں، کئی کتب شروح وحواشی لکھے، لقب ''مولوی معنوی''انکی زندگی میں ہی رائج ہوگیا تھا۔دیکھیں مقاماتِ معصومی، ۲۸۴/۴-۲۹۳۔
۷۰۔ مقاماتِ معصومی، ۲۸۶/۴۔
۷۱۔ دیکھئے مکتوبات سعیدیہ۔مرتبہ حکیم عبدالحمید سیفی مجددی۔لاہور: مکتبہ حکیم سیفی۔باعانت محکمہ اوقاف مغربی پاکستان۔تاریخ اشاعت ندارد۔
۷۲۔ زبدۃالمقامات، ص ۳۱۷۔
۷۳۔ دیکھئے مقدمہ مقامات معصومی از محمد اقبال مجددی۔
۷۴۔ معصومی، صفر احمد، میر، مقامات معصومی، لاہور، ضیأالقرآن پبلیکیشنز ۱۳۹/۳۔
۷۵۔ مقاماتِ معصومی، ج۱، ص۲۴۹۔
۷۶۔ مقاماتِ معصومی، ج۱، ص۲۵۰۔
۷۷۔ حسینی سید تھے اور ماوراالنہر سے تعلق تھا۔خواجہ معصوم نے ان کو چار مکتوب لکھے۔دیکھیں مقامات معصومی ۴۱۱/۴۔
۷۸۔ شامی، محمد سلیم، نقشبندی۔تذکرہ۔لاہور: آستانہ شامی، گلشن راوی۔بار سوم، ۱۹۹۲ء۔۱۴۱۳ھ۔ص،۲۹۔۱۰۰۔
۷۹۔ شام چوراسی بھارتی پنجاب میں جالندھر ہوشیار پور روڈ پر ایک تاریخی قصبہ ہے۔
80۔ تذکرہ حضرت عبدالنبی شامی، ص ۱۰۲۔
۸۱۔ سید محمد طاہر عالم پوریؒ ۲۔حضرت حاجی عبداللہ سلطان پوریؒ ۳۔حضرت محمد شریف متقی شاہ آبادیؒ ۴۔سید آدم بنوریؒ شامل ہیں۔
۸۲۔ ص۹۹-۲۰۷۔
۸۳۔ شامی، عبدالنبی، مجموعۃالاسرار، لاہور: عبدالنبی شامی ٹرسٹ۔۱۹۸۶ء۔
۸۴۔ تذکرہ مشائخ نقشبندیہ، ص ۲۷۰۔؛تاریخ مشائخ نقشبند۔ص ۴۲۸-۴۳۱۔
۸۵۔ مقامات معصومی، ج۱، ص۲۹۵-۲۹۶۔
۸۶۔ تذکرہ مشائخ نقشبندیہ، ص ۲۷۲۔
۸۷۔ مقامات معصومی، ج۱۔ ۲۹۴۔
۸۸۔ تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ص ۲۷۴-۲۷۳۔
۸۹۔ مقامات معصومی، ۲۹۵/۱۔
۹۰۔ شیخ عبدالاحد وحدتؔ خواجہ محمد سعید کے پانچویں بیٹے اور حضرت مجددؒ کے پوتے تھے۔
۹۱۔ مکتوبات معصومیہ، ۲۹۰/۲۴۸/۳۔
۹۲۔ ''وسیلۃالقبول''حضرت نقشبند ثانی کے مکتوبات کا مجموعہ ہے۔حضرت نقشبند ثانی شیخ وحدتؔ کے چچازاد اور شیخ محمد معصوم کے بیٹے تھے۔

۹۳۔ رود کوثر، ص ۶۴۳۔

۹۴ ۔ ایضاً ۶۴۳۔

۹۵ ۔ شیخ ابو حنیف حضرت وحدتؒ کے سب سے بڑے صاحب زادے تھے۔

۹۶ ۔ مقامات معصومی، ۲۹۶/۱

۹۷۔ آپؒ کے والد نور اللہ اور دادا احمد معمار صدیق دونوں نے تاج محل آگرہ، لال قلعہ اور جامع مسجد دہلی کی تعمیر میں نمایاں کردار ادا کیا تھا۔

98۔ شیخ کمال الدین کی اولاد سے تھے۔ زمانے کے مشاہیر صوفیا میں شمار تھا۔ گجرات میں پیدا ہوئے اور مدینہ طیبہ میں سکونت اختیار کی وہیں مدفون ہیں۔

۹۹۔ نظامی، خلیق احمد (پروفیسر)۔ تاریخ مشائخ چشت۔ لاہور: زاویہ پبلشرز، ۲۰۱۴۔ ص ۳۱۰۔

۱۰۰ ۔ نو مسلم تھے مگر اسلام کا اظہار نہ کیا تھا شاہ صاحب نے فیض اللہ نام رکھا تھا۔ تاریخ مشائخ چشت۔ ص ۳۱۴۔

۱۰۱ ۔ تاریخ مشائخ چشت، ص ۳۱۰۔

۱۰۲ ۔ تاریخ مشائخ چشت۔ ص، ۷ ۲۔ ۴۲۔

۱۰۳۔ تذکرہ اولیائے پاک و ہند، ص ۱۳۷۔ اس میں کافی اختلاف ہے مناقب فخریہ و مناقب المحبوبین میں بالترتیب ۱۱۶۰ھ اور ۱۲۶۵ھ درج ہے۔

۱۰۴ ۔ دہلوی، فخر الدین چشتی۔ رقعات مرشدی۔ مترجم: ڈاکٹر محمد اختر چیمہ۔ لاہور: مکتبہ زاویہ۔ ۱۹۹۹ء۔ ص ۴۳۔

۱۰۵ ۔ ایضاً، ص ۳۶۷۔

۱۰۶ ۔ ایضاً، ص ۶۔

۱۰۷ ۔ لین پول، اسٹینلے۔ مسلمان شاہی خاندان۔ کراچی: سٹی بک پوائنٹ۔ طبع دوم، ۲۰۰۶۔ ص ۱۹۷۔

۱۰۸۔ توکلی، نور بخش، علامہ۔ تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ لاہور: نوری بک ڈپو، طبع دوم، ۱۹۷۶۔ ص ۲۸۲۔ ۳۰۳۔

۱۰۹ ۔ آپ حضرت عبد الاحد وحدتؒ سرہندیؒ کے خلیفہ تھے۔

۱۱۰۔ فرید آبادی، سید ہاشمی۔ تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت۔ کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان۔ جلد دوم۔ بار اول ۱۹۵۳۔ بار سوم ۲۰۰۳۔ ص ۱۴۴۔

۱۱۱ ۔ رود کوثر، ص ۶۶۵۔

۱۱۲۔ دہلوی، غلام علی شاہ۔ مقامات مظہری۔ مترجم، محمد اقبال مجددی۔ لاہور: اردو سائنس بورڈ۔ طبع دوم ۲۰۰۱ء۔ ص ۱۴۴۔

۱۱۳۔ ایضاً ص ۱۳۷۔

۱۱۴ ۔ اس مجموعہ مکاتیب کے مرتب ابو الخیر محمد بن احمد مراد آبادی ہیں۔ اس مجموعہ میں حضرت شاہ ولی اللہ کے مکاتیب بھی شامل ہیں۔

۱۱۵۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ کے معروف خلیفہ تھے۔ شاہ عبد العزیز دہلویؒ نے ان کو "بیہقی دوراں" کہا ہے

۱۱۶ ۔ اس مجموعہ مکاتیب میں ۱۳۰ مکاتیب قاضی صاحب کے نام اور باقی ۱۷ مکاتیب دوسرے لوگوں کے نام ہیں۔ مقامات مظہری ص ۱۳۹۔

۱۱۷ ۔ دیکھئے لوائح خانقاہ مظہریہ ۱۹۷۲۔ مرتبہ ڈاکٹر غلام مصطفی خان۔ مخزونہ خانقاہ اخوند نسیم۔

۱۱۸ ۔ سید احمد خان، آثار الصنادید۔ مرتبہ خلیق انجم۔ دہلی: اردو اکادمی۔ طبع دوم ۱۹۹۲ء۔ جلد دوم، ص ۱۷۔

۱۱۹۔ شام، عراق، کردستان اور ترکی میں آپ کی وجہ سے سلسلہ نقشبندیہ بہت پھیلا اور آپ کی نسبت سے ان علاقوں میں یہ سلسلہ "خالدیہ" کہلاتا ہے۔

۱۲۰ ۔ رودِ کوثر، ص ۵۹۳۵۱۔

۱۲۱ ۔ مقاماتِ معصومی، ۴۵۰۲۔

۱۲۲۔ مقامات مظہری، ص۱۶۹۔

۱۲۳۔ آپ کی تاریخ پیدائش و وصال میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

۱۲۴۔ بہت اچھے عالم و قاری تھے شاہ صاحب اکثر آپؒ سے قرآن سنا کرتے، حرم مکہ میں اہل عرب نے بھی آپ کی قرأت کی تعریف کی ہے۔

۱۲۵۔ دیکھئے مقامات مظہری ص۱۶۰۔

۱۲۶۔ شاہ احمد سعیدؒ کے بعد حاجی دوست محمد قندھاریؒ ایک زمانے میں تین اہم مجددی خانقاہوں (قندھار، موسیٰ زئی اور دہلی) کے سربراہ تھے۔

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
http://www.aiou.edu.pk/sab/mi/index.asp
www.iri.aiou.edu.pk

موضوعات الروايات النسوية الفلسطينية والباكستانية في النصف الثاني من القرن العشرين

Fiction Topics among the Palestinian and Pakistani Female Writers During the Second Half of the Twentieth Century

* مارية رفعت

محاضرة في كلية البنات الحكومية، دهوك حسو، راولبندي، باكستان

ABSTRACT

Fiction writing is an important and popular branch of literature. It has now become the most distinguished and prominent form of literary expression. However, there is a lack of comparative research among fiction writing of different literatures, particularly between fiction in Arabic and Urdu literatures. I also found very few literary works dealing with women fiction writers in the literature of the two above mentioned languages. Considering the importance of its unique place, I decided to make a comparative study of some Palestinian and Pakistani novels written by female writers during the Second Half of the Twentieth Century.

The main objective of this research work is to make the readers aware of the true and comprehensive picture of the two societies together with the social problems facing them during the turmoil of the revolutionary periods of the two countries.

I started this article from the beginnings of fiction writing in Palestinian and Pakistani literature, then I gave an introduction of the novels that I have selected, and made an objective study of these novels by exploring important topics, social issues and problems raised by the novelists. Finally, I highlighted the points of similarity and dissimilarity between these novels and presented a brief summary and findings of the study.

المقدمة

الرواية من الفنون الأدبية الجديدة على مستوى الآداب العالمية إذا ما قيست بالشعر والمسرح، ولم يتجاوز عمرها في الآداب العالمية قرنين ونصف من الزمان. ظهرت هذه الكلمة لأول مرة في إنجلترا في القرن السادس عشر الميلادي، ولكنها استقرت كمصطلح ومفهوم أدبي ثابت في القرن الثامن عشر الميلادي.

في البداية جاءت الرواية بأشكال قصصية محدودة في الأحداث والأزمنة، وكانت موضوعاتها خيالية ووهمية، ثم برزت بشكل القصص الطويلة، وكانت موضوعاتها على أساس أمور غيبيّة ووهميّة، ثم صارت تعالج الواقع الإنساني والنفسي والاجتماعي، وكان النظام الإقطاعي الذي يسيطر على المجتمع الأوروبي قبل عصر النهضة يرسم الخطوط الأولية للرواية، وكان الرومانس "Romance " أو الرواية الخياليّة هو الفن الروائي السائد والمسيطر الذي يعبر عن طبيعة المجتمع الإقطاعي ومزاجه.[1]

ثم ظهرت الطبقة المتوسطة وصارت صاحبة النفوذ الأكبر في المجتمع. واتجه الأدباء إلى هؤلاء وبدءوا يعبرون عن مشاكلهم ومعاناتهم تعبيرا واقعيا، ومن هنا ظهر نوع جديد من الرواية الذي يعد البذرة الأولى للرواية الفنية، ويعد أول رد فعل مباشر ضد الرومانس. وبمرور العصور ابتعدت الرواية عن حالتها الوهميّة

والخرافيّة الابتدائية شيئاً فشيئاً حتى وصلت إلى قمتها وذروتها في العصر الحديث لتظهر بشكل الرواية الفنيّة بموضوعاتها الواقعية.[2]

